اگر مرد یا عورت میں کوئی کمی ہو جس کے باعث اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے یہ عمل کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اولاد ضرور ہو گی۔ عمل یہ ہے

بعد نماز فجر کسی سے گفتگو نہ کریں اور باوضو نہار منہ (بغیر کچھ کھائے پیئے) اول و آخر چالیس چالیس مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ درمیان میں سورۃ کوثر تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھیں اس کے بعد دو رکعت صلوٰۃ الحاجت (نماز حاجت) اس ترکیب سے پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ کافرون دس مرتبہ۔ دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص دس مرتبہ۔ سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر میں تین تین بار درود شریف پڑھیں درمیان میں چالیس مرتبہ آیت کریمہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ
مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

پڑھ کر دعا مانگیں۔ یہ عمل چالیس دن کریں۔ اس دوران حلال اور پاک مال استعمال کریں۔ رشوت اور حرام مال سے عمل سے برکت ختم ہو جاتی ہے

اس دوران جھوٹ اور غیبت سے بھی خود کو بچائیں۔

سورۂ کوثر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

سورۂ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا
عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ
مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝
وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

بیمار کی صحتیابی کے لئے

اگر کوئی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو گیا ہو اور علاج مشکل ہو رہا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت فائدہ مند ہے۔ وہ عمل یہ ہے۔

اول ایک سو بار درود شریف اس کے بعد ایک سو بار سورۂ فاتحہ آمین کے ساتھ پڑھیں اور آخر میں سورۂ توبہ کی آخری آیتیں ایک سو بار پڑھیں آخر میں ایک سو بار درود شریف پڑھ کر آب زمزم پر دم کر دیں (اگر آب زمزم نہ ملے تو سات کنوئیں (نہر، دریا، یا چشمے یا جھیل کا پانی ملے لیں یا بارش کا پانی لے لیں) اور یہ دم کیا ہوا پانی مریض کو دن میں پانچ مرتبہ پلائیں اور پلانے سے پہلے مریض کو وضو ضرور کرائیں۔ بغیر وضو کے مریض پانی نہ پیئے۔ پانی پینے کے اوقات یہ ہیں:

(۱) صبح نماز فجر کے بعد (۲) بعد نماز ظہر
(۳) بعد نماز عصر (۴) بعد نماز مغرب (۵) بعد نماز عشاء

اکیس ۲۱ روز تک یہ عمل کر کے پانی پر دم کر کے مریض کو پانچ وقت پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہو گا اور مریض صحتیاب ہو گا۔ درود شریف یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

سورہ فاتحہ آمین کے ساتھ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ه
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ
عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ع اٰمِيْن

سورہ توبہ کی آخری آیات یہ ہیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ
مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝
وَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۙ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ع

دفع مرض کے لئے

اگر کوئی سخت بیمار ہو اور اسکی بیماری نہ جاتی ہو

تو اس بیماری کے دفعیہ کے لئے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ دعا گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کے پورے جسم پر دم کرے اور مریض کے دونوں ہاتھوں پر دم کر دے وہ دونوں ہاتھ اپنے پورے بدن پر مل لے۔ یہ عمل ایک مرتبہ صبح بعد نماز فجر باوضو کرے اور یہی عمل شام کو بعد نماز مغرب باوضو کرے چالیس دن تک پابندی کے ساتھ بلاناغہ یہ عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے موذی اور تکلیف دینے والے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْكَ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ یُؤْذِیْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ عَیْنٍ حَاسِدٍ ، اَللّٰہُ یَشْفِیْكَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْكَ.

اگر یہی دعا باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے مرض اور نظر بد سے حفاظت ہو جائے گی اسی طرح اگر اس دعا کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ہرن کی جھلی (کھال) پر لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ عورت کے گلے میں باندھ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حمل گرنے سے محفوظ ہو جائے گا اور بچہ صحیح وسالم پیدا ہوگا۔

محبت کے لئے

آیات ذیل اگر باوضو گیارہ مرتبہ پڑھ کر چینی، مٹھائی، مصری یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں محبت پیدا ہوگی۔

اگر انہی آیات کو چالیس مرتبہ باوضو پڑھ کر میٹھی چیز پر پھونک کر اپنے گھر کے تمام افراد (گھر والوں) کو وہ مٹھائی (چینی، مصری، مٹھائی، حلوا، کھیر، جلیبی وغیرہ) کھلائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ تمام خاندان کے افراد آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے اور باہمی نفرت ختم ہو جائے گی۔

ساس بہو میں محبت پیدا کرانے، آپس میں لڑائی جھگڑا ختم کرانے کے لئے انہی آیات کو ایک سو مرتبہ باوضو پڑھ کر شربت پر دم کریں اور دونوں کو ایک دوسرے کا بچا ہوا (جھوٹا) شربت پلائیں۔ تین دن یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ باہمی محبت پیدا ہوگی اور لڑائی جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

انہی آیات کو اگر باوضو سات سو (۷۰۰) مرتبہ مٹھائی (چینی، مصری یا مٹھائی) پر پڑھ کر دم کر کے جس کسی کو کھلائیں وہ انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ کے لئے ہمدرد اور اپنا دوست ہو جائے گا۔

ف: محبت کے جملہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرنے کی

اجازت ہے ناجائز طور پر ایسے عمل کرنے والا دنیا و آخرت میں ذلیل اور نقصان اٹھانے والا بن جائے گا لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے بلکہ ایسا عمل کرنے سے قبل کسی متقی اور نیک سرشت عالم دین سے مشورہ کر لے تاکہ ہر قسم کے نقصان اور عمل اُلٹنے سے محفوظ رہے۔

ف: یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ ہر عمل سے پہلے اور عمل کے بعد گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ہے ورنہ عمل کی کامیابی یقینی نہیں ہے۔ لہذا اوپر بیان کی گئی تمام صورتوں میں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھا جائے۔

پڑھنے والی آیت یہ ہے۔

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ رَجُلٌ یَّسْعٰی قَالَ یٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِیْنَ ۙ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا یَسْئَلُکُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ہر مشکل آسان اور ہر مقصد میں کامیابی

اگر کوئی شخص کسی پریشانی میں مبتلا ہو جائے یا کوئی مقصد حاصل نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

بعد نماز فجر باوضو ایک مرتبہ سورۂ یاسین شریف پڑھنا اور بعد نماز عصر باوضو ایک مرتبہ سورۂ یاسین شریف پڑھنا اس حالت میں کہ کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے۔ جب تک مشکل حل نہ ہو اور مقصد میں کامیابی حاصل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

ف: سورۂ یاسین شریف پ ۲۲ کے آخر میں ہے۔

جوڑوں کا درد ختم ہونا

اگر کسی شخص کے جوڑوں میں درد ہوتا ہو اور اس کے سبب اٹھنا، بیٹھنا، چلنا، پھرنا مشکل ہوتا ہو تو اس کے لئے ایک پاؤ ادرک ایک پاؤ لہسن، اور آدھا کلو گائے کا گھی لے لیں۔

ادرک اور لہسن کو الگ الگ سِل بٹہ پر پیس لیں یا کونڈی یا لکڑی کی اوکھلی میں کوٹ لیں اور اس کا الگ الگ شیرہ (پیسٹ) بنا لیں۔ روزانہ ایک چمچہ ادرک اور

ایک چمچہ (چائے کا چمچہ) لہسن لیں اور تین چمچے (چائے کا چمچہ) گھی لے کر اس کو کڑکڑا کر اس میں ادرک اور لہسن کا آمیزہ (پیسٹ) ڈال کر ہلکی آنچ میں خوب بھون کر بھجیا بنالیں اس طرح کہ جلنے نہ پائے، حسب ضرورت نمک بھی ڈال لیں اور جب دیگچی میں گھی ڈالیں باوضو سورۂ یاسین شریف (پ ۲۲) پڑھنا شروع کردے جب

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝

پر پہنچے تو اس آیت کو چالیس ۴۰ مرتبہ پڑھے اور سورۂ یاسین ختم کرنے کے بعد بھجیا پر دم کرے۔ اور روزانہ یہ بھجیا اسی ترکیب سے تیار کرے اور مریض کو اکیس ۲۱ دن تک برابر استعمال کرائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جوڑوں کا ختم ہو جائے گا۔

غیب سے روزی ملنے کا عمل

اللہ تعالیٰ کے پاس بے شمار خزانے ہیں اس کے خزانوں کی کوئی انتہا نہیں ہے بس مانگنے والا سائل صحیح نیت اور یقین کامل کے ساتھ اللہ رب العزت سے مانگے اللہ تعالیٰ اپنے خزانہ غیب سے اس کی جھولیاں بھر دیں گے۔ جو لوگ در، در کی خاک چھانتے ہیں اور کچھ حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں وہ سب دروازوں کو چھوڑ کر ایک رب العزت کا دروازہ پکڑ لیں پھر انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ

ہمیشہ کے لئے ہر قسم کی محتاجگی دور ہو جائے گی۔ غیب سے روزی کا یہ عمل بہت مجرب ہے۔ شرط یہ ہے کہ عمل کیا جائے اور نگاہ صرف اللہ تعالیٰ کی ذاتِ پاک پہ رہے کسی اور طرف خیال نہ جائے نہ کسی سے اُمید اور آس باندھے۔

اس عمل کرنے کا ایک وقت مقرر کرلیں اور روزانہ اسی وقت عمل کیا کریں۔ بعد نماز عشاء بہتر ہے اور سکون کا وقت ہے۔

اول باوضو اکیس ۲۱ مرتبہ درود ابراھیمی اور آخر میں اکیس ۲۱ مرتبہ درود ابراھیمی پڑھیں۔ درود ابراھیمی یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اس کے بعد یہ آیت ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھیں یہ عمل چالیس ۴۰ دن کرنا ہے۔ اس عمل کے اثرات پانچویں چھٹے دن سے شروع ہو جائیں گے۔ جو چیز جو شخص لائے اس سے کسی قسم کی بحث نہ کریں اور نہ اس سے یہ دریافت کریں کہ تم کون ہو؟ کہاں رہتے ہو؟ کیا کام کرتے ہو؟ یہ چیز کہاں سے لائے ہو؟ بلکہ خاموشی سے وہ چیز رکھ لیں اور

اپنے استعمال میں لائیں۔ جب اس عمل کو کرتے ہوئے چالیس ۴۰ دن مکمل ہو جائیں تو اس کے بعد روزانہ نماز فجر کے بعد باوضو اول و آخر دس ۱۰ دس ۱۰ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں دس ۱۰ مرتبہ اس آیت کو پڑھا کریں اس عمل کو نیا چاند دیکھنے کے بعد شروع کریں۔

آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ

روزی میں برکت کا عمل

برکت یہ ہے کہ تھوڑی رقم میں زیادہ کام انجام پائیں اور مختصر آمدنی میں گھر کے سارے کام انجام پائیں لیکن رقم کم نہ پڑے۔ اول و آخر اکیس ۲۱ اکیس ۲۱ مرتبہ درود شریف درمیان میں یہ آیات (سورۂ توبہ کی آخری دو آیات) ایک سو ۱۰۰ بار صبح بعد نماز فجر اور ایک سو ۱۰۰ بار بعد نماز عشاء پڑھا کرے۔ مسلسل پابندی کے ساتھ کرے ناغہ نہ کرے اور نہ بد دل ہو کر چھوڑے انشاء اللہ تعالیٰ دو ماہ کے اندر اندر اس کے فیوض و برکات ظاہر ہوں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

وہ آیات یہ ہیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

روزی میں زیادتی

اگر کوئی شخص کم آمدنی کے سبب پریشان رہتا ہو اور اس کا گذارہ مشکل سے ہوتا ہو قرض پہ قرض چڑھتا جاتا ہے۔ لیکن آمدنی میں اضافہ نہیں ہوتا۔ جتنی محنت اور کوشش کرتا ہے کامیابی نہیں ہوتی۔ اس لئے اکثر فکرمند اور پریشان رہتا ہے۔ آرام و سکون نہیں ملتا۔ قرض خواہ الگ تنگ کرتے ہیں۔ ہر تدبیر فیل ہو جاتی ہے اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ سے مدد مانگنے والا کبھی ناکام نہیں ہوتا بلکہ کامیابی اس کے قدم چومتی ہے۔ اس کو کبھی ناکامی نہیں ہوتی شرط عمل ہے اور اللہ تعالیٰ

کی ذات پاک پر یقین کامل ہی کامیابی کی کنجی ہے۔

عمل یہ ہے۔

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں دو سو بار سورۂ اخلاص بعد نماز فجر اور یہی عمل دوبارہ بعد نماز عصر کرے یعنی اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں دو سو بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ ناغہ نہ کرے پابندی سے عمل کرے گا تو غیب سے روزی میں برکت اور اضافہ ہوگا۔ اگر بعد عصر ممکن نہ ہو تو بعد نماز عشاء پڑھ لے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۙ
وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا
اَحَدٌ ۝

قرضے کی واپسی

اگر کسی کی رقم ادھار میں یا قرض میں پھنس گئی ہو اور وہ نہ دینے کے حیلے بہانے کرتا ہو تو اس کے لئے روزانہ باوضو اول ایک سو ایک مرتبہ درود شریف اول و آخر اور درمیان میں گیارہ ہزار مرتبہ یَالَطِیْفُ چالیس دن تک روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرضہ بھی ادا کرے گا اور معذرت بھی کرے گا۔

روزی میں اضافہ اور برکت

اگر کوئی شخص کم آمدنی اور زیادہ اخراجات کے سبب پریشان ہو اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہو اس کے سبب طبیعت پر ہر وقت بوجھ رہتا ہو۔ سکون برباد ہو گیا ہو اور قرض مانگنے والے ہر وقت گھر کے چکر لگاتے رہتے ہوں تو ایسی صورت میں یہ عمل بہت کامیاب ہے۔ وہ عمل یہ ہے۔ فجر کی سنت اور فرضوں کے درمیان پڑھنا ہے۔ نماز فجر کی سنت پڑھ کر پانچ سو بار

یَا وَھَّابُ

پڑھے اور فرض نماز ختم ہونے کے بعد ایک سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پابندی سے عمل کرنے کی برکت سے پانچویں دن روزی میں برکت آنا شروع ہو جائے گی۔

ف: اس عمل کے ساتھ ساتھ اگر کسی مسجد کی صفائی اور خدمت بھی ہو سکے تو انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ جلدی کامیابی شروع ہو جائے گی۔

نسل در نسل امیر ہونے کا عمل

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ نسل در نسل امیر بن جائے اور اس کی دولت کسی صورت میں ختم نہ ہو بلکہ بڑھتی رہے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مؤثر اور پُر تاثیر ہے۔ عمل یہ ہے کہ بعد نماز فجر باوضو سورۃ بقرہ مکمل سورت (پ۱، پ۲، پ۳) روزانہ بلاناغہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دولت آنی شروع ہو جائے گی۔ اور اس کا سلسلہ نسل در نسل چلے گا۔

روزی میں اضافہ ہونے کے لئے

اگر کسی کی روزی تنگ ہو اور وہ تنگدستی کا شکار ہو گھر کا خرچہ پورا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے سورۃ واقعہ (پ۲۷) بعد نماز عشاء باوضو ایک مرتبہ پڑھے اس کے بعد ایک سو بار سورۃ اخلاص (پ۳۰) پڑھے۔ یہ عمل روزانہ کرے ناغہ نہ کرے اور نہ بددل ہو کر اس عمل کو چھوڑے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد آمدنی میں اضافہ شروع ہو جائے گا اور آمدنی کے نئے نئے

دروازے کھلیں گے۔

بخار، نظر بد، درد جسم اور سر کا درد دور ہونا

اگر کسی شخص کو ایسا بخار چمٹ گیا ہو جو جاتا نہ ہو یا اس کے جسم میں، سر میں درد رہتا ہو یا نظر بد کے سبب کھانا پینا کم ہو گیا ہو اور طبیعت میں سستی اور کاہلی ہو اور کسی کام کو کرنے کی طرف طبیعت نہ آتی ہو۔ اس کے لئے سورۃ قریش باوضو صبح کو ستر (۷۰) مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور شام کو بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء سورۃ قریش ستر مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے سے مریض ٹھیک ہو جائے گا۔ جب تک مریض ٹھیک نہ ہو برابر یہ عمل کرتے رہیں۔ سورۃ قریش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

لوگوں کی نظر میں باعزت ہونا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی بات مانیں، اس کی عزت کریں، اس کا دل سے احترام کریں اور

اس کے ساتھ محبت و جاہت کا برتاؤ کریں تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

یہ عمل نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کی فجر کی نماز سے قبل کرنا ہے۔ روزانہ بعد نماز سنت (فجر کی دو رکعت) سنت پڑھ کر درود شریف اکتالیس۴۱ بار اول اور اکتالیس۴۱ بار آخر میں پڑھیں درمیان میں سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) اکتالیس۴۱ بار پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس۴۱ دن متواتر کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے لوگوں کے دلوں میں عزت و عظمت قائم ہوگی۔ رزق کی تنگی دور ہوگی۔ رزق زیادہ مقدار میں ملے گا۔

اگر حکیم یا ڈاکٹر اس عمل کو روزانہ پابندی کے ساتھ کرے تو زیادہ سے زیادہ مریض آئیں گے اور ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے شفاء ملے گی۔ اور بہت زیادہ لوگ پڑھنے والے کی طرف متوجہ ہوں گے۔

اس دوران عامل اپنی نگاہ کو بدنظری سے بچائے اور سفید رنگ کا لباس پہنے تو زیادہ فائدہ ہوگا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

جو شخص خاص مقصد رکھتا ہو لیکن اپنے ارادے اور مقصد میں کامیاب نہ ہوتا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد ایک سو بار سورۃ بقرہ کی آخری آیات اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک پڑھے گا اور اس کے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے گا اور اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ اگر کسی مسجد میں بیٹھ کر عمل کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک کی آیات یہ ہیں۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ
كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ
لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا
وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۭ لَا
يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ
عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ
اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا
حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا
مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَ
ارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۧ

ہر مشکل میں کامیابی کا عمل

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آجائے اور وہ حل نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ پڑھنی ہے۔ اس کا طریقہ

یہ ہے کہ اس عمل کو کرنے سے قبل دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ اس طرح کہ پہلی اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قریش پڑھے۔ اس کے بعد قعدہ میں التحیات درود شریف و دعا کے بعد ایک سو باون (۱۵۲) مرتبہ سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ پڑھ کر سلام پھیر دیں اور مشکل کے حل کے لئے دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دو تین دن میں مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ سورۂ قریش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاۗءِ وَالصَّيْفِ ۚ ۝
فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ
مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۧ ۝

سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝
الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ
مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ
فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۧ

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب

ہو جائے تو اس کے لئے حضرت مولانا قاری دین محمد صاحب مدظلہٗ کا بتایا ہوا یہ عمل بہت مرتبہ کا آزمودہ ہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ اکیس ۲۱ دن عمل کرنے سے مقصد پورا ہوگا۔
عمل یہ ہے کہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درمیان میں پانچ سو ساٹھ (۵۶۰) مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھے اور دعا کرے۔

دشمن سے پیچھا چھڑانا

اگر کسی شخص کے پیچھے دشمن لگ گیا ہو اور ہر وقت اس سے خطرہ رہتا ہو کہ جان کا نقصان ہو جائے یا مال کا تو اس سے پیچھا چھڑانے کے لئے سرسوں کے دانے پچاس ۵۰ عدد لے کر ایک مرتبہ باوضو سورۃ یوسف مکمل سورۃ پڑھ کر ان دانوں پر دم کریں اور یہ عمل گیارہ ۱۱ دن تک کریں اور گیارہویں دن ان دانوں کو آگ میں جلا دیں اور دشمن کا نام لیں کہ وہ دشمنی سے باز آجائے اور نقصان نہ پہنچا سکے اور ہر قسم سے پیچھا چھوڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور شرارت اور دشمنی سے باز آجائے گا۔
سورۃ یوسف بارھویں پارہ میں ہے۔

ظالم اور حاسد لوگوں سے حفاظت

اگر کسی شخص کا واسطہ ظالم اور حاسد لوگوں سے پڑ گیا ہو اور وہ اس کو ستانے اور ظلم کرنے میں لگے رہتے ہوں تو سر کھول کر کھلے آسمان کے نیچے بیٹھ کر عشاء کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ مزمل (پ ۲۹) پوری سورت پڑھیں اور یہ عمل اکیس دن برابر کریں ناغہ نہ کریں انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل و خوار ہوگا اور ہمیشہ کے لئے پیچھا چھوڑ دے گا اور پڑھنے والا اس کے شر و فتنہ سے محفوظ رہے گا۔

خیر و برکت کے لئے

اگر گھر میں خیر و برکت میں کمی ہو ہر وقت کوئی نہ کوئی مصیبت آتی رہتی ہو، گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو، روزی میں بہت کمی ہو، کھانے کی تنگی اور ضروریاتِ زندگی کی کمی سے دل پریشان اور بے چین رہتا ہو۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔
سورۃ مزمل (پ ۲۹) بعد نماز فجر باوضو روزانہ گیارہ بار پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسلسل تین ماہ عمل کرنے سے روزی میں برکت شروع ہوگی۔ رزق زیادہ ملے گا اور گھر سے لڑائی جھگڑا، بے برکتی ختم ہو کر باہمی محبت اور خوب برکت پیدا ہوگی۔ البتہ یہ شرط ہے کہ پڑھنے والا جھوٹ، غیبت، گالی اور بدزبانی سے خود کو بچائے۔

پتھر دل (سخت دل) کو نرم کرنا

اگر کوئی شخص پتھر دل ہو کسی پر رحم نہ کرتا ہو اور اسے کسی کی پریشانی، دُکھ، تکلیف کا احساس نہ ہوتا ہو اور ظلم و تشدد اور مار دھاڑ اس کا وطیرہ اور طریقہ ہو اس کو نرم دل بنانے کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

یہ عمل کرنے کے دوران صرف سفید کپڑے پہنے۔ کسی بھی قسم کے رنگ والے کپڑوں سے پرہیز کرے۔ اور روزانہ بعد نماز مغرب باوضو ایک بار سورۃ وَالصّٰفّٰت (پ ۲۳) پڑھے۔ چالیس دن یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چاہے کتنا ہی سنگ دل ہو فوراً نرم دل ہو جائے گا۔

محبت کا تیر بہدف عمل

یہ عمل انتہائی پُر اثر ہے۔ باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے درمیان پانچ سو (۵۰۰) بار یہ آیت پڑھے اور ساتھ میں مطلوب کا نام اس کی والدہ کے نام کے ساتھ اور طالب کا نام اس کی والدہ کے نام کے ساتھ پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب مسخر ہو گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۚ ناظم الدین بن عالیہ علی حب سافرہ بنت فریدہ۔

ہر بار آیت کے ساتھ مطلوب اور طالب کا نام پڑھے۔

اولاد کو فرمانبردار بنانا

اگر کسی کی اولاد کہنا نہ مانتی ہو، نافرمانبردار ہو اور طرح طرح سے والدین کو تنگ کرتی ہو تو اس کے لئے باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں سورۃ الکوثر (پ ۳۰) پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چینی یا مصری پر دم کرتے رہیں اور گیارہ روز تک اسی چینی یا مصری پر برابر دم کرتے رہیں۔ گیارہ دن دم کرنے کے بعد اس چینی یا مصری کو شربت میں گھول کر یا چائے میں ڈال کر یا کوئی میٹھی چیز (حلوا، سیویاں، کھیر) میں ڈال کر سب بچوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب بچے اطاعت گذار، فرمانبردار اور ماں باپ کا کہنا ماننے والے ہوں گے۔

سورۃ الکوثر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

روٹھے کو راضی کرنے اور مطلوب کو طلب کرنے کے لئے

اگر کوئی بیٹا یا بیٹی ماں سے روٹھ کر ناراض ہو کر

بالکل الگ تھلگ ہو گیا ہو اور ان سے ملنا جلنا، اور
ان کے پاس آنا جانا بند کر دیا ہو۔ یا ساتھ رہتا ہو لیکن
ماں باپ کی طرف زیادہ توجہ نہ کرتا ہو نہ ڈھنگ سے
بات کرتا ہو۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب اور کامیاب
ہے۔ باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف
اور درمیان میں سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) اکتالیس مرتبہ
پڑھ کر تھوڑے سے گڑ پر دم کریں اور اسے جلا دیں۔ یہ
عمل گیارہ دن مسلسل کریں انشاء اللہ تعالیٰ روٹھا ہوا
خود حاضر ہو گا۔ اور محبت سے پیش آئے گا۔ وظیفہ کرنے
کے دوران ہر قسم کا گوشت اور مچھلی انڈا استعمال نہ کریں۔
سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

مسلسل بخار جو کبھی نہ اترتا ہو

اگر کسی شخص کو ایسے بخار نے پکڑ لیا ہے جو ہر وقت
رہتا ہے اور کبھی نہیں اترتا اور حکیم و ڈاکٹر اس کے علاج
سے عاجز ہوں تو اس کا علاج یہ ہے کہ کسی عالم دین کے
پاس مریض جائے یا اگر مریض خود جانے کے قابل نہیں ہے
تو عالم دین کو گھر بلا لے۔ مریض کو سوتی کپڑے پہنا دیئے
جائیں (کے ٹی یا دوسرے مصنوعی دھاگے کے بنے ہوئے
کپڑے نہ ہوں) وہ عالم دین باوضو اکیس ۲۱ بار بلند آواز سے
سورۃ القدر (پ ۳۰) پڑھے اور مریض کو سنائے اور مریض
پر دم کرے اور پانی کی بھری ہوئی بوتل پر بھی دم کرے۔
یہ عمل تین دن تک مسلسل کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
مریض کا بخار فوراً غائب ہو گا اور مریض صحتیاب ہو گا۔
سورۃ القدر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ
مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ
شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ

رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۚ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

جو شخص ہر قسم کی رکاوٹوں سے پریشان ہو۔ جس چیز میں ہاتھ ڈالتا ہو اسی میں ناکام رہتا ہو۔ کاروبار میں نقصان، نوکری میں ہر وقت لڑائی جھگڑا، رشتہ داروں سے دشمنی، محلے والوں سے ناچاقی۔ زندگی سے بیزار، اس کے لئے روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں سورۂ توبہ کی آخری دو آیات صبح کو باوضو بعد نماز فجر اور شام کو بعد نماز مغرب باوضو ایک تسبیح بار پڑھے۔ اور حسب توفیق روزانہ کچھ صدقہ خیرات بھی کیا کرے حرام کی آمدنی سے اور حرام کھانے سے پرہیز کرے۔ ایک چلہ دو چلہ تین چلہ (یعنی چالیس چالیس دن تک) مسلسل بلاناغہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دو چلے پورے نہیں ہوں گے کہ سب رکاوٹیں آہستہ آہستہ دور ہوتی جائیں گی اور قدم کامیابی کی طرف بڑھنا شروع ہو جائے گا۔ عمل شرط ہے۔

سورۂ توبہ کی آخری دو آیات یہ ہیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، عورت، مرد، نوکر گھر سے بھاگ گیا ہو اور اس کا بلانا ضروری ہو تو اس کے لئے اس کا پرانا کپڑا لے کر سامنے رکھ لیں اور باوضو سورۂ قصص (پ ۲۰) کو تین مرتبہ پڑھ کر لمبی دعا کریں کہ وہ حاضر ہو جائے اور اس کا دل گھر کی طرف متوجہ ہو۔ اس کے بعد چالیس ۴۰ مرتبہ کہیں

"اے اللہ اس بندے یا بندی کو حاضر کر دے"

انشاء اللہ تعالیٰ مذکورہ شخص تین دن سے پہلے حاضر ہو جائے گا اگر دور گیا ہے تو چند دن بعد واپس آ جائے گا۔

—

جسم کے اندر کہیں بھی درد ہو اس سے نجات

جس شخص کے جسم کے کسی بھی حصے میں درد رہتا ہو یا جسم کے اکثر حصوں میں درد ہونے لگتا ہو تو اس کے لئے باوضو اول اکیس۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد سات مرتبہ سورۃ الفیل پڑھیں آخر میں اکیس۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض کے درد والی جگہ پر دم کریں۔ اگر غیر عورت ہے تو پائپ یا نلکی کے ذریعہ پردے میں بٹھا کر دم کریں۔ (یہ عمل حضرت شیخ و مرشد قاری دین محمد صاحب کا عطیہ ہے اور مجرب عمل ہے) انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے مریض کو درد سے نجات حاصل ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

سورۃ الفیل یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ ہ

اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَھُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ ہ وَّاَرْسَلَ
عَلَیْھِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ہ تَرْمِیْھِمْ بِحِجَارَۃٍ مِّنْ
سِجِّیْلٍ ہ فَجَعَلَھُمْ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ ع

دانت کے درد کا اکسیر عمل

اگر کسی کے دانت میں سخت درد ہو جس کے سبب طبیعت بے چین اور سونا، کھانا پینا سب مشکل ہو گیا ہو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ باوضو سورۃ القریش کو اکیس۲۱ مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کریں اور وہ نمک اس دانت پر ملیں اور دانتوں کے درمیان رکھیں دن میں دو تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے مریض کو فائدہ ہوگا، اور درد سے نجات ملے گی۔

سورۃ قریش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ہ اٖلٰفِھِمْ رِحْلَۃَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ج
فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ھٰذَا الْبَیْتِ ہ الَّذِیْٓ اَطْعَمَھُمْ
مِّنْ جُوْعٍ ہ وَّاٰمَنَھُمْ مِّنْ خَوْفٍ ہ ع

ہر وقت رونے والے بچے کا علاج

جو بچہ ہر وقت روتا ہو اور کبھی چپ نہ ہوتا ہو اس کے لئے یہ عمل بہت کامیاب اور مجرب ہے۔ باوضو سورۃ اخلاص (پ۳۰) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ

سات مرتبہ پڑھ کر بچے کے دائیں (سیدھی طرف کے) کان میں دم کریں (پھونک ماریں) اسی طرح پھر سات مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر بائیں کان میں دم کریں۔ یہ عمل صبح کو ایک مرتبہ اور شام کو ایک مرتبہ کیا کریں۔ چند دن عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونا چھوڑ دے گا۔

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

سر درد کا بہترین عمل

اگر کسی کے سر میں درد ہو اور سر درد کی وجہ سے آرام نہ آتا ہو تو سوتی کپڑا لے کر اس کے چھوٹے چھوٹے تین ٹکڑے کرے اور ہر ٹکڑے پر باوضو سورۃ الفیل (پ ۳۰) ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر ایک مرتبہ سورۃ الفیل پڑھ کر دوسرے ٹکڑے پر دم کرے اس کے بعد ایک مرتبہ سورۃ الفیل پڑھ کر تیسرے ٹکڑے پر دم کرے اور رکھ لے۔

ایک ٹکڑا لے کر اس کو اس طرح جلائے کہ اسمیں آگ نہ جلے بلکہ دھواں اُٹھے وہ دھواں مریض کی

ناک میں صبح کو پہنچائیں۔

دوسرا ٹکڑا لے کر دوپہر کو دھواں ناک میں پہنچائیں اور شام کو تیسرا ٹکڑا جلا کر مریض کی ناک میں دھواں پہنچائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض پہلے ہی دن فائدہ محسوس کرے گا اور چند دن کے عمل سے سر کا درد غائب ہو جائے گا۔ سورۃ الفیل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝
اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّ
اَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ
بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ
مَّاْكُوْلٍ ۝

جادو، سفلی، ٹونا ٹوٹکہ ختم کرنا

اگر کسی پر جادو یا سفلی کا اثر ہو یا اس پر ٹونے ٹوٹکے کا عمل کرایا گیا ہو تو اس کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے اور مجرّب عمل ہے۔

روزانہ باوضو اول تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد آیۃ الکرسی سات مرتبہ اس کے بعد سورۃ الفلق اور سورۃ الناس سات سات مرتبہ پڑھیں اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مریض پر اور ایک بوتل

پانی پر دم کریں۔ جب بھی مریض پانی پیئے اس بوتل
میں سے تھوڑا سا پانی ملا کر مریض کو پلائیں۔ یہ عمل سات
دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات دن کے اندر جادو
ٹونے کا اثر ختم ہو جائے گا، اگر ابھی کچھ اثر باقی ہو تو سات
دن اور کریں۔ اور اگر پھر بھی کچھ اثر باقی ہو تو سات دن
اور کریں۔ آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ
مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ
مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ
بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

سورۃ الفلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ

النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ
وَالنَّاسِ ۧ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کا عمل

اگر کوئی شخص کسی مقصد میں کامیابی چاہتا ہے یا
اس کی کوئی ضرورت ہے جو پوری نہیں ہوتی اس کے لئے
عشاء کی نماز کے بعد باوضو سات مرتبہ سورۃ یٰسین شریف
(پ ۲۲) پڑھیں۔ ایک مرتبہ سورۃ پوری پڑھنے کے بعد
اپنے مقصد میں کامیابی یا ضرورت کے پورا ہونے کی دعا
مانگیں۔ پھر دوسری مرتبہ سورۃ پڑھ کر دعا مانگیں اس طرح
سات مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر سات ہی مرتبہ دعا مانگیں
یعنی ہر مرتبہ پڑھ کر ہر مرتبہ دعا مانگیں۔ چند دن عمل کرنے
کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

ہر قسم کے امتحان میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی دینی مدرسے کا طالب علم ہو یا اسکول، کالج، یونیورسٹی کا۔ امتحان میں کامیابی کے لئے ہر نماز کے بعد باوضو سولہ[۱۶] مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی کامیابی کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ امتحان میں ضرور کامیابی ہوگی۔ یہ عمل کسی نوکری یا باہر کے ملک جانے کے لئے انٹرویو کے لئے بھی کارآمد ہے۔ سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

رشتوں کی بندش کھولنا

اگر رشتوں کی بندش لگادی گئی ہو اور لڑکا لڑکی بوڑھے ہو رہے ہوں جہاں بات لگتی ہے انکار ہو جاتا ہے۔ اول تو رشتے آتے نہیں اگر آتے ہیں تو واپسی جواب نہیں ملتا۔ ایسی صورت میں سورۂ والتین (پ ۳۰) مکمل روزانہ باوضو ساٹھ مرتبہ بعد نماز فجر پڑھیں۔ چالیس دن عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر کام ہو جائے گا۔ سورۂ والتین یہ ہے ←

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ وَهٰذَا
الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۙ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ
تَقْوِيْمٍ ۖ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۙ اِلَّا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ
غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۙ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۙ
اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝

دشمنوں کے شر سے حفاظت

اگر دشمن شرارت کرتے ہوں، آوازیں کستے ہوں، طرح طرح سے ستاتے ہوں تو ان کی شرارت کو ختم کرنے کے لئے روزانہ بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب باوضو اکیس[۲۱] اکیس[۲۱] مرتبہ سورۂ فلق اور سورۃ الناس پڑھ کر ان کے شر سے حفاظت کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شرارت کرنے والے دشمن چند دن میں شرارت سے باز آجائیں گے اور ان کا انجام بُرا ہوگا۔

تنبیہ: یہ عمل انتہائی مجبوری میں کرے اگر کسی کو بلاوجہ نقصان پہنچانے کے لئے کرے گا تو خطرہ ہے کہ خود نقصان میں مبتلا ہو جائے اس لئے اس عمل کو کرنے سے قبل کسی نیک فطرت عالم دین سے مشورہ کرلے۔

سورۂ فلق اور سورۃ الناس یہ ہیں (اگلے صفحہ پر)

سورۃ الفلق یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ہ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ہ وَمِنْ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ہ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ہ وَ
مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ع

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ہ مَلِكِ النَّاسِ ہ اِلٰهِ
النَّاسِ ہ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ہ الْخَنَّاسِ ہ الَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ہ مِنَ الْجِنَّةِ
وَالنَّاسِ ع

دشمن کی ویرانی کے لئے

جانی دشمن جو ہر وقت ستانے، نقصان پہنچانے، پریشان کرنے کے منصوبے بناتا رہتا ہو اور کسی طرح بھی اپنی حرکتوں سے باز نہ آتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مؤثر ہے۔

سورۃ قمر (پ ۲۷) نماز ظہر کے بعد باوضو ایک مرتبہ پوری سورت پڑھیں درمیان میں جب یہ آیت آئے تو اس کو ایک ہزار ایک بار (۱۰۰۱) پڑھیں اور اس کے بعد سورۃ آخر تک پڑھ کر ختم کریں اور پسی ہوئی کالی

مرچ پر دم کر کے یہ پڑھی ہوئی دشمن کے دروازے کے سامنے یا اس کے گھر میں پھینک دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں دشمن تباہ ہو جائے گا۔

تنبیہ: یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ عمل انتہائی مجبوری اور ضرورت کے وقت کرنا چاہیئے ذرا سے لڑائی جھگڑے کو بنیاد بنا کر کسی کی تباہی کا انتظام کرنا سخت گناہ اور اپنی تباہی کا انتظام کرنا ہے لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے ورنہ سخت نقصان اٹھائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ہ

سورۂ قمر پارہ ۲۷ میں ہے۔

سفر بخیر و خوبی طے ہونا اور واپسی بخیر و خوبی ہو

اگر کوئی شخص سفر کے ارادے سے کہیں قریب یا دور جا رہا ہے اور چاہتا ہے کہ وہ ہر قسم کے حادثہ سے محفوظ رہے اور چور ڈاکو لٹیرے اسے نقصان نہ پہنچائیں اس کا سفر آسانی اور خیر و خوبی کے ساتھ طے ہو جائے اور وہ خیریت کے ساتھ واپس گھر آ جائے۔ تو اس کے لئے باوضو پانچ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر گھر سے باہر قدم نکالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر کے دوران ہر قسم کے حادثہ اور نقصان سے محفوظ رہے گا اور خیریت سے گھر لوٹ آئے گا۔

آیۃ الکرسی یہ ہے

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ
سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ
یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا
یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ
وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُہٗ
حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

دو باہمی ناراض آدمیوں میں صلح کرانا

اگر دو شخص یا دو بھائی، یا بہن بھائی آپس میں ناراض ہوں اور بات چیت نہ کرتے ہوں تو ایک انار لے کر اس کے دانے نکال کر ایک برتن میں رکھ لیں اور باوضو سورۃ والسماء والطارق (پ ۳۰) پوری سورۃ چھبیس ۲۶ مرتبہ پڑھ کر ان دانوں پر دم کر کے دونوں طرف کے آدمیوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً ناراضگی ختم ہو جائے گی۔

سورۃ والسماء والطارق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝
النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝
يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝ اِنَّهٗ عَلٰى
رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝ فَمَا لَهٗ
مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝
وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝
وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّ
اَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

گھر سے لڑائی جھگڑا ختم کرنا

اگر گھر کے تمام افراد آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے ہوں اور گھر میں محبت و پیار کا ماحول ختم ہو چکا ہو تو اس کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور درمیان میں یَا وَدُوْدُ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار پڑھ کر گڑ یا چینی پر دم کر کے رکھ لیں۔ چینی کو شربت یا چائے میں ڈال کر سب گھر والوں کو پلا دیں یا گڑ ہے تو اسے سب گھر والوں کو کھلا دیں یا حلوے میں ڈال کر کھلا دیں اور تھوڑا سا گڑ یا چینی آگ میں جلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آپس میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

میاں بیوی میں محبت قائم ہونا

اگر میاں بیوی میں اتفاق نہیں رہتا۔ ہر وقت

اختلاف رہتا ہے۔ بات بات پر جھگڑے کی شکل بن جاتی ہے اس سے نجات اور باہمی محبت کے لئے یہ عمل بہت مجرّب ہے باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں ساٹھ مرتبہ سورۃ القارعہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں بہت جلد محبت پیدا ہو جائے گی۔

سورۃ القارعہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْقَارِعَةُ ۙ مَا الْقَارِعَةُ ۚ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۚ يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۙ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۚ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۚ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۚ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ۚ نَارٌ حَامِيَةٌ ۚ

محبت زوجین (میاں بیوی میں محبت) کے لئے

اگر دونوں میاں بیوی میں نااتفاقی رہتی ہے۔ آپس میں ہر وقت اختلاف پیدا ہوتا رہتا ہے تو اس کے لئے دونوں میاں بیوی کا پرانا مستعمل (پہنا ہوا کپڑا جس کو دھویا نہ گیا ہو) کپڑے کے ٹکڑے لے لیں۔ اور باوضو چالیس مرتبہ

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

پڑھ کر دونوں ٹکڑوں پر دم کر دیں۔ ایک کورا نیا مٹی کا چراغ لے کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر ان دونوں کپڑوں کو ملا کر بتّی بنا کر چراغ جلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں بہت جلد اختلافات ختم ہو کر محبت پیدا ہو گی۔ مجرّب عمل ہے۔

پورے یا آدھے سر کا درد

اگر کسی شخص کے پورے یا آدھے سر میں درد رہتا ہو تو اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر تین ۳ بار یا سات بار یہ دعا پڑھ کر سر پر دم کرے۔ اگر غیر عورت ہے تو دور سے پردے کے پیچھے پڑھ کر اس عورت کی طرف منہ کر کے دم کر دے۔ عمل پڑھنے کے دوران عورت اپنا ہاتھ سر پر رکھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہو گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ اِسْمُهٗ بَرَكَةٌ وَّشِفَآءٌ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ بِيَدِهٖ شِفَآءٌ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

○

قرض سے جلد نجات کے لئے

قرض سے جلد نجات حاصل کرنے کے لئے یہ دعا حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم فرمائی ہوئی ہے۔ اس دعا کو ہر نماز کے بعد ایک سو بار روزانہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی سارا قرض ادا ہو جائے گا۔ عمل شرط ہے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ
وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

رزق میں برکت اور ترقی کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں ترقی ہو اور اس کے خرچ میں کسی قسم کی تنگی پیش نہ آئے۔ بلکہ آسانی اور سہولت کے ساتھ گھر کا خرچہ پورا ہوتا رہے۔ کسی بھی موقع پر کسی سے قرض وغیرہ لینا نہ پڑے۔ اس کے لئے روزانہ بہتر (۷۲) بار

یَا بَاسِطُ

پڑھا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔ یہ عمل بیاسی (۸۲) روز کرے۔ ویسے بھی چلتے پھرتے، باوضو، بے وضو ہر حالت میں اس اسم مبارک کو پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رنج و

فکر دور ہو گا۔ طبیعت ہشاش بشاش رہے گی اور رزق میں ترقی اور برکت پیدا ہو گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

بخار سے آرام

اگر کسی بچے یا بڑے کو بخار نے پکڑ رکھا ہو، بخار سردی سے آتا ہو یا گرمی سے بخار ہو گیا ہو یا روزانہ آتا ہو یا تیسرے دن کا بخار ہو۔ اس کے لئے یہ آیت کریمہ باوضو ایک کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور پانی میں گھول کر مریض کو وہ پانی پلا دے یہ عمل تین دن مسلسل کرے ناغہ نہ کرے۔

وہ آیت یہ ہے۔

قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ہ

○

سفر کے دوران ہر قسم کی حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر روانہ ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ سفر بخیر و خوبی طے ہو۔ راستہ میں کسی قسم کے ٹھگ اور لٹیرے سے واسطہ نہ پڑے۔ اور نہ گاڑی یا سواری کو کوئی حادثہ پیش آئے۔ سفر چاہے خشکی کا ہو۔ سمندری ہو یا ہوائی ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر کے دوران ہر قسم کے حادثات سے محفوظ رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا حَافِظُ، یَا حَفِیْظُ، یَا وَدُوْدُ، یَا رَحِیْمُ، یَا نَاصِرُ یَا حَفِیْظُ، یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا اَللّٰہُ یَا حَفِیْظُ

لیکوریا بند کرنے کا عمل

جس عورت کو لیکوریا کا مرض ہو اور اس کے سبب دن بدن کمزوری بڑھتی جا رہی ہو تو اس کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ ایک پاؤ سوکھا کھوپرا لے کر اس کے دس ٹکڑے کر لیں۔ اول اکیس ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد تین ۳ مرتبہ سورۃ مزمل (پ ۲۹) پڑھیں۔ اس کے بعد درود شریف اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر اس کھوپرے کے ٹکڑے پر دم کریں۔ اسی طرح پڑھ پڑھ کر تمام دس ٹکڑوں پر دم کر کے رکھ لیں۔ جب کھانے کا ارادہ ہو تو رات کو ایک ٹکڑا پانی میں بھگو دیں اور صبح اٹھ کر نہار منہ (جب کچھ

کھایا پیا نہ ہو دانت مانجھے ہوں اور مسواک یا برش سے دانت صاف کئے ہوں) وہ کھوپرے کا ٹکڑا کھا کر وہ پانی جس میں یہ ٹکڑا بھگویا گیا تھا پی لیں۔ عورت مخصوص ایام میں یہ کھوپرا استعمال نہ کرے بلکہ پاک حالت میں استعمال کرنے اکیس ۲۱ دن تک یہ عمل کرنا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ عورت مخصوص دنوں سے غسل کر کے پھر استعمال شروع کرے تاکہ درمیان میں ناغہ نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکیس ۲۱ دن میں بالکل آرام آجائے گا۔

اگر لیکوریا کا مرض شدید ہے تو عورت کو چاہیئے کہ وہ رات کو عشاء کی نماز کے بعد

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

پانچ ۵ سو ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لیکوریا کا مرض ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

سورۂ مزمل یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یٰۤاَیُّهَا الۡمُزَّمِّلُ ۙ قُمِ الَّیۡلَ اِلَّا قَلِیۡلًا ۙ نِّصۡفَهٗۤ
اَوِ انۡقُصۡ مِنۡهُ قَلِیۡلًا ۙ اَوۡ زِدۡ عَلَیۡهِ وَرَتِّلِ
الۡقُرۡاٰنَ تَرۡتِیۡلًا ؕ اِنَّا سَنُلۡقِیۡ عَلَیۡكَ قَوۡلًا ثَقِیۡلًا ؕ
اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیۡلِ هِیَ اَشَدُّ وَطۡاً وَّاَقۡوَمُ قِیۡلًا ؕ
اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبۡحًا طَوِیۡلًا ؕ وَاذۡكُرِ اسۡمَ
رَبِّكَ وَتَبَتَّلۡ اِلَیۡهِ تَبۡتِیۡلًا ؕ رَبُّ الۡمَشۡرِقِ
وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذۡهُ وَكِیۡلًا ؕ
وَاصۡبِرۡ عَلٰی مَا یَقُوۡلُوۡنَ وَاهۡجُرۡهُمۡ هَجۡرًا
جَمِیۡلًا ؕ وَذَرۡنِیۡ وَالۡمُكَذِّبِیۡنَ اُولِی النَّعۡمَةِ
وَمَهِّلۡهُمۡ قَلِیۡلًا ؕ اِنَّ لَدَیۡنَاۤ اَنۡكَالًا وَّجَحِیۡمًا ۙ
وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِیۡمًا ۙ یَوۡمَ تَرۡجُفُ
الۡاَرۡضُ وَالۡجِبَالُ وَكَانَتِ الۡجِبَالُ كَثِیۡبًا مَّهِیۡلًا ؕ
اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَیۡكُمۡ رَسُوۡلًا ۙ شَاهِدًا عَلَیۡكُمۡ كَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ
اِلٰی فِرۡعَوۡنَ رَسُوۡلًا ؕ فَعَصٰی فِرۡعَوۡنُ الرَّسُوۡلَ
فَاَخَذۡنٰهُ اَخۡذًا وَّبِیۡلًا ؕ فَكَیۡفَ تَتَّقُوۡنَ اِنۡ
كَفَرۡتُمۡ یَوۡمًا یَّجۡعَلُ الۡوِلۡدَانَ شِیۡبًا ۖ ۙ
السَّمَآءُ مُنۡفَطِرٌ بِهٖ ؕ كَانَ وَعۡدُهٗ مَفۡعُوۡلًا ؕ
اِنَّ هٰذِهٖ تَذۡكِرَةٌ ۚ فَمَنۡ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّهٖ
سَبِیۡلًا ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَعۡلَمُ اَنَّكَ تَقُوۡمُ اَدۡنٰی

مِنۡ ثُلُثَیِ الَّیۡلِ وَنِصۡفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ
الَّذِیۡنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیۡلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ
اَنۡ لَّنۡ تُحۡصُوۡهُ فَتَابَ عَلَیۡكُمۡ فَاقۡرَءُوۡا مَا تَیَسَّرَ
مِنَ الۡقُرۡاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنۡ سَیَكُوۡنُ مِنۡكُمۡ مَّرۡضٰی ۙ
وَاٰخَرُوۡنَ یَضۡرِبُوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ یَبۡتَغُوۡنَ مِنۡ
فَضۡلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوۡنَ یُقَاتِلُوۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ ۖ
فَاقۡرَءُوۡا مَا تَیَسَّرَ مِنۡهُ ۙ وَاَقِیۡمُوا الصَّلٰوةَ
وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقۡرِضُوا اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا ؕ وَ
مَا تُقَدِّمُوۡا لِاَنۡفُسِكُمۡ مِّنۡ خَیۡرٍ تَجِدُوۡهُ عِنۡدَ
اللّٰهِ هُوَ خَیۡرًا وَّاَعۡظَمَ اَجۡرًا ؕ وَاسۡتَغۡفِرُوا
اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ۝

اگر کسی عورت کو ماہواری کم آتی ہو

اگر کسی عورت کو کم ماہواری کی شکایت ہے۔ جس کی وجہ سے سر بھاری رہتا ہو اور چکر آتے ہوں اور دل میں گھبراہٹ رہتی ہو تو اس کے لئے ایک تولہ زعفران لے کر اول سات بار درود شریف، اس کے بعد اکیس ۲۱ مرتبہ سورۂ تغابن (پ ۲۸) آخر میں سات بار درود شریف پڑھ کر اس زعفران پر دم کریں (پھونک ماریں) مریضہ عورت رات کو سوتے وقت ایک چٹکی (تھوڑی سی) زعفران لے کر دودھ میں ملا کر پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دو ماہ مسلسل

استعمال کرنے سے ماہواری کی کمی دور ہو جائے گی۔ اور ماہواری ٹھیک وقت پر اور پوری پوری آئے گی۔

نیزرات کو بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ استغفار پڑھیں۔ استغفار یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

سورۃ تغابن یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ج لَہُ
الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ ج وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہ
ھُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ فَمِنْکُمْ کَافِرٌ وَّمِنْکُمْ مُّؤْمِنٌ ط
وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ہ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَکُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَکُمْ ج
وَاِلَیْہِ الْمَصِیْرُ ہ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

نزلہ زکام کا علاج

اگر کسی کو نزلہ زکام نے تنگ کر رکھا ہو اور نزلہ زکام
کی شدت کی وجہ سے پریشان ہو اور چھینکوں اور ناک
بہنے سے بہت زیادہ مصیبت میں مبتلا ہو تو اس کے لئے
گیارہ ۱۱ بار یہ آیت باوضو پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کرے
اور مریض کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے
سے مریض صحتیاب ہو جائے گا اور نزلہ زکام ختم ہو جائے گا۔
وہ آیت یہ ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ
وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ

اور سورۃ فاتحہ تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ یہ نزلہ
زکام سے نجات کا عمدہ عمل ہے۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ
يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ ع

دردِ دانت کا عمل

اگر کسی کے دانت میں شدید درد ہو اور کسی کل چین
نہ آتا ہو تو اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف اس کے
بعد ان کلمات کو درمیان میں تین مرتبہ پڑھ کر مریض کے
دانتوں پر دم کر دیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَلْقُوْنَ - يَلْقُوْنَ - تَلْقُوْنَ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

نسیان اور بھول چوک کا مرض ختم کرنا

اگر کسی کو نسیان یعنی بھول چوک کا مرض ہو تو اس کے لئے
ہر فرض نماز کے بعد تیرہ ۱۳ مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ٹوپی اُتار کر اپنے سر پر پھیر لے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۙ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ۙ
وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۙ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۙ

حمل کی حفاظت

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو اور بار بار گر جاتا ہو تو اس کے قائم رہنے اور بچے کے صحیح وسالم پیدا ہونے کے لئے یہ آیات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے حمل کے شروع کے دنوں میں عورت کی کمر میں باندھ دیں یہ چالیس روز تک بندھا رہے۔ چالیس روز کے بعد کھول کر رکھ دیں۔ پھر یہی آیات والا تعویذ حمل کا نواں مہینہ شروع ہونے پر باندھ دیں۔ جب بچہ پیدا ہو جائے تو بچہ کو غسل دینے کے بعد عورت کی کمر سے کھول کر بچہ کے گلے میں ڈال دیں اور یہ تعویذ بچہ کے گلے میں سات سال تک بندھا رہے۔ سات سال پورے ہونے پر اس کو کسی پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر، دریا، نہر تالاب، جھیل میں ٹھنڈا کر دیں (ڈال دیں) اگر ایسا موقع نہ ہو تو اس کو جنگل میں ایسی جگہ دفن کر دیں جہاں لوگوں کے پاؤں نہ پڑیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس تعویذ کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ زندہ رہے گا اور لمبی عمر پائے گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

وَالَّتِیْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِیْهَا مِنْ
رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰیَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝ اِنَّ
هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ
فَاعْبُدُوْنِ ۝ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَیْنَهُمْ ؕ
كُلٌّ اِلَیْنَا رٰجِعُوْنَ ۝

سحر، جادو، سفلی کا اثر ختم کرنا

اگر کسی آدمی یا عورت پر یا بچے، بچی پر جادو کرا دیا گیا ہو جس کے سبب وہ بیمار رہتے ہوں یا ان پر جادو کے سبب پاگل پن طاری ہو گیا ہو تو اس کے لئے یہ آیات باوضو ایک چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور ایک پانی کا مٹکا اس بارش کے پانی کا لے جو پہاڑ پر برسا ہو۔ یعنی ایک مٹکا لے جا کر بارش کے دوران پہاڑ پر رکھ دے وہ بارش کے پانی سے بھر جائے تو اٹھا کر گھر لے آئے۔ اور یہ مٹکا اس حالت میں لائے کہ لاتے وقت لانے والے کو کوئی نہ دیکھے۔ اسی طرح ایک مٹکا پانی اس کنویں سے بھر کر لائے جو بیکار اور ویران پڑا ہو۔ جمعہ کے دن سات درختوں سے ایک ایک پتہ ہرا لے کر آئے۔ درخت ایسے ہوں جن کے پھل ابھی تک کھائے نہ گئے ہوں۔ دونوں مٹکوں کے پانی کو ملا کر ساتوں پتے اس میں ڈال دیں۔ اور نہر یا سمندر یا تالاب یا جھیل

کے کنارے لے جاکر دونوں پاؤں لٹکا کر اس پلیٹ والی
آیت کو اس مٹکے والے پانی سے دھوکر مٹکے والا پانی
اپنے سر کے اوپر ڈونگے بھر بھر کر ڈالنا شروع کر دے۔
جب سب پانی اپنے جسم پر بہالے تو دوسرے کپڑے پہن کر
گھر آجائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے سحر، جادو،
سفلی کا عمل ختم ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا
مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى
مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

ظالموں سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے ماحول، پڑوسی، ساتھ کام کرنے
والوں، دوست، احباب، رشتہ داروں سے تنگ ہو
اور وہ اسے ستاتے اور پریشان کرتے ہوں تو اس کے لئے
روزانہ بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء باوضو ایک سو
بار یہ دعا پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ظالموں سے جلد
نجات حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ
اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ
وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝

علم میں برکت اور اضافہ کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ علم میں زیادہ سے زیادہ
آگے بڑھے اور بہت بڑا اور معتبر عالم دین بنے تو اس کے
لئے اساتذہ کی خدمت اور ان کا ادب و احترام کرنے کے
ساتھ ساتھ یہ دعا روزانہ کسی بھی نماز کے بعد اول و آخر
گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں ایک سو
بار یہ دعا پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ علماء کرام اور
اہل علم میں ممتاز عالم دین شمار ہوگا۔ یہ دعا دنیاوی
علوم کے لئے بھی پڑھی جا سکتی ہے۔ وہ دعا یہ ہے۔

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اولاد کے لئے

اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے باوضو

اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھ لیا کرے۔ یہ عمل عورت بھی کر سکتی اور مرد بھی کر سکتا ہے البتہ ایام مجبوری میں عورت ناغہ کرے گی۔ لیکن مرد برابر پڑھتا رہے کبھی ناغہ نہ کرے اگر ایک دن یا دو دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دگنا اور تیسرے دن تین گنا پڑھ لے۔ اگر مسلسل تین دن ناغہ ہو گیا تو عمل ٹوٹ جائے گا دوبارہ کرنا پڑے گا۔
اس دعا کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے حضرت زکریا علیہ السلام کو نیک صالح اور پیغمبر بیٹا حضرت یحییٰ علیہ السلام عنایت فرمایا۔ وہ دعا یہ ہے۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ
اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

○

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی شخص مختلف مقاصد رکھتا ہو مثلاً شادی کا طلبگار ہو اور شادی نہ ہوتی ہو، یا بھول چوک (نسیان) کے مرض میں مبتلا ہو، فقیر ہو روزی میں فراخی چاہتا ہو یا بیمار ہو صحت چاہتا ہو تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو یہ آیات لکھے اور اس کاغذ کے پیچھے اپنا مقصد لکھے اور باوضو موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھے اور عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہو گی۔ اگر غیر شادی شدہ ہے تو جلد شادی ہو جائے گی۔ اگر بھول چوک کے مرض میں مبتلا ہو تو اس سے نجات ملے گی اور یادداشت مضبوط ہو گی اور اگر غریب ہے تو مالدار ہو جائے گا اور اگر بیمار ہے تو جلد صحت حاصل ہو گی۔

ان آیات کو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ لکھے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا
مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ۭ
وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ
وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۭ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۭ

وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰی ۝

یرقان (پیلیہ) کا علاج

اگر کسی بچے یا بڑے کو پیلیہ ہو گیا ہو تو اس کے لئے باوضو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ کے ساتھ سورۃ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ پوری سورت لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ یا بڑے کے گلے میں ڈال دی جائے اور روزانہ ایک مرتبہ یہی سورت پڑھ کر پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ روزانہ یہ پانی پلا دیا جائے اور اس کے ساتھ یہ عمل بھی کر لیا جائے تو بہت اچھا ہے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار درمیان میں تین سو ۳۰۰ بار یَا حَسِيْبُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی مریض کو اکیس ۲۱ دن مسلسل پلایا جائے۔ یہ پانی ایک ہی مرتبہ پڑھ کر رکھ لیا جائے اور دن میں چار وقت مریض کو پلایا جائے پلانے کے اوقات یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل ۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء۔

انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد یرقان (پیلیہ) کے مرض سے نجات حاصل ہو گی۔ سورۃ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ

كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۝ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۝ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

کینسر (سرطان) کا علاج

اگر کسی شخص کو کینسر (سرطان) کا مرض لاحق ہو اور وہ کسی طرح اچھا نہ ہوتا ہو تو سات دن متواتر روزانہ باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو مرتبہ

یَا رَقِیْبُ

پڑھ کر دم کرے اور زخم پر بھی دم کرے اور اگر کینسر کا زخم جسم کے اندر ہے تو اس جگہ دم کرے۔ عورت اگر غیر محرم ہے تو اس کے زخم پر دم نہ کرے۔ بلکہ اسے صرف پانی پر دم کر کے دے دے اور اگر جسم کے باہر زخم ہے تو سرسوں کے تیل پر بھی دم کر دے وہ تیل زخم پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زخم صحیح ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

ہر قسم کی بیماری سے شفاء کے لئے

کسی بھی قسم کی بیماری ہو اس بیماری سے نجات کے لئے باوضو مندرجہ ذیل آیات مٹی کے نئے کورے برتن پر لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر مریض کو پلا دے۔ اگر بارش کا پانی موجود نہ ہو تو کسی کنوئیں، نہر، دریا، چشمہ، جھیل کا پانی استعمال کر لے۔ ورنہ سات نلوں کا پانی لے لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت حاصل ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِىَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

دشمن پر غالب ہونے کے لئے

اگر کوئی دشمن زبردست ہو اور دشمنی میں غالب رہتا ہو تو اس کو مغلوب کرنے کے لئے ہرن کی باریک کھال پر پیر کے دن چڑھتے چاند کے دنوں میں یعنی جب چاند دیکھنے کے بعد چار تاریخ سے چودہ تاریخ چاند تک پیر کے دن یہ آیات شہتوت کے پتوں کو کچل کر اس کے پانی سے باوضو لکھے اور ان آیات کے آخر میں یہ الفاظ لکھ کر اس دشمن کا نام اور اس کی والدہ کا نام بھی لکھے اس کے بعد اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھے۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

یَامُؤَلِّفَ الْقُلُوْبِ اَلِّفْ بَیْنَ شریف خان بن شاھینہ علیٰ حُبِّ سعید الدین بن سلیمہ بانو

اور موم جامہ کر کے اپنے گلے میں باندھ لے یا دائیں بازو پر باندھ لے اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دشمن زیر ہو گا اور دشمنی سے باز آجائے گا۔ اسی طرح یہ نقش کوئی واعظ، متکلم، مقرر اپنے پاس رکھے گا تو لوگ اس کی بات مانیں گے اس کے کلام کی اہمیت کو تسلیم کریں گے اور اس کی تقریر سے بہت زیادہ متاثر ہوں گے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

بھاگے ہوئے یا چور کو واپس لانا

یہ عمل بھاگے ہوئے کو واپس لانے اور چور کو واپس لوٹانے میں بہت کامیاب ہے۔ چمڑے کا ایک ٹکڑا لے یا کدو کا چھلکا سوکھا ہوا لے کر اسے صاف کر کے اور اس کو لکھنے کے قابل بنا لے۔ اندھیری اور تنہا جگہ میں بیٹھ کر جہاں کوئی دوسرا نہ ہو پرکار سے ایک دائرہ اس پر کھینچے اور دائرہ کے درمیان ان آیتوں کو باوضو لکھے۔ پھر بھاگے ہوئے یا چور کا نام اس کی والدہ یا والد کے نام کے ساتھ لکھے اور ایسی اندھیری کوٹھری میں رکھ دے یا دفن کر دے جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے۔ جب بھاگا ہوا یا چور آجائے اس کو نکال کر کنویں، نہر، دریا، سمندر جھیل میں پتھر باندھ کر ڈال دے۔ ورنہ بھاگنے والا

پھر بھاگ جائے گا اور چور جگہ جگہ بھاگتا پھرے گا۔
اس سے اس کو تکلیف ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔
قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ
تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰىنَا
مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ قُلِ اللّٰهُ
يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝

ہر قسم کے شر اور فتنہ سے حفاظت

اگر کوئی شخص شر و فتنہ کا شکار ہو گیا ہو اور اس سے حفاظت چاہتا ہو تو ان آیات کو باوضو ایک کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور ترسل (کھوکھلے سرکنڈے جس سے قلم بناتے ہیں) کے چھوٹے ٹکڑے میں رکھ کر موم سے بند کرے اور بچہ کے گلے میں ڈال دے تو بچہ ہر قسم کے مرض، ام الصبیان، جنات، نظر بد، سوکھا مسان سے محفوظ رہے گا۔

اسی طرح ان آیات کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ہرن کی باریک کھال پر لکھے اور انگوٹھی کے نیچے رکھ کر نگینہ جڑوا لے اور اس انگوٹھی کو پہن لے لیکن شرط یہ ہے کہ انگوٹھی بیت الخلاء یا ناپاک جگہ اور ناپاک حالت میں نہ پہنے بلکہ اتار کر رکھ دے جب پاک حالت میں ہو پہن لے۔ اس کی برکت سے لوگ اطاعت کریں گے اور ہر شخص

محبت کا برتاؤ کرے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شر سے حفاظت رہے اور دشمنوں کے دل میں خوف خدا پیدا ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓمّٓ ۝ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ
وَالْاِنْجِيْلَ ۝ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ
الْفُرْقَانَ ۝

حافظہ اور یادداشت کے لئے

حافظہ کی مضبوطی اور پکی یادداشت کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو ایک کاغذ پر لکھیں اور موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لیں یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھے اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ اور بچہ کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہوگا۔ انہی آیات کو باوضو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے کمزور حافظہ والے کو روزانہ پلایا کرے تو حافظہ مضبوط ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ
مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ۭ
فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ

مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ
وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ
فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ
رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ رَبَّنَا
لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا
مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝
رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

نیک فطرت اور خوش قسمت بچہ کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے گھر جو بچہ پیدا ہو وہ نیک، صالح اور اچھی عادت کا ہو اور اس کا نصیب اچھا ہو۔ اور حمل کے دوران عورت کو کوئی تکلیف نہ ہو اور حمل ضائع ہونے سے محفوظ رہے۔ اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ہرن کی کھال پر مندرجہ ذیل آیات لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی بائیں کوکھ پر باندھ دیں اور جب بچہ خیریت کے ساتھ پیدا ہو جائے تو اسی نقش کو کھول کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ خوش اخلاق، با نصیب اور لمبی عمر کا ہو گا۔
اسی طرح ان آیات کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو یہ آیات لوہے یا تانبے کی تختی پر لکھ کر

اوپر پلاسٹک کوٹنگ کرا کے بچہ کے گلے میں باندھ دیں تو بچہ رونے، ضد کرنے، اکڑنے سے محفوظ رہے گا۔ ماں کا دودھ آسانی سے پیئے گا اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔ اور بچہ تھوڑے دودھ پر صبر کرے گا۔ بچہ خوش اخلاق ہو گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ
لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ
وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ۭ وَلَيْسَ
الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ
اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝
فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا
زَكَرِيَّا ۭ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ
عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ۭ قَالَتْ هُوَ
مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

ایسی نعمت جو ہمیشہ ساتھ رہے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کو ایسی نعمت ملے جو کبھی اس سے نہ چھینی جا سکے اور نہ ضائع ہو اور ہمیشہ اس کے ساتھ رہے تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو اول ایک سو ایک مرتبہ اور عمل کے آخر میں ایک سو ایک

مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک ہزار (۱۰۰۰) بار سورۃ فاتحہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے اپنی پسندیدہ نعمت کے لئے دعا کریں۔ یہ عمل چالیس دن مسلسل بلاناغہ کریں اگر رات کو یہ عمل نہ ہو سکے تو دن کے وقت کسی نماز کے بعد یعنی فجر یا ظہر کے بعد کر لیا کریں۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ع

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

طاعون سے بچاؤ کے لئے

اگر کسی علاقے میں طاعون پھیل گیا ہو تو اس سے بچاؤ کے لئے اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۃ فاتحہ بوصل میم یعنی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

مطلب یہ ہے کہ الرحیم کا میم الحمد کے لام سے ملا کر پڑھنا ہے۔ اور اس طرح اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے رکھ لیں اور چار مرتبہ دن بھر میں مکان کے کونوں میں چھڑکیں اور چار وقت ہی تمام گھر والے ایک ایک گھونٹ پانی پئیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو گا اور گھر کے تمام افراد طاعون سے محفوظ رہیں گے۔

پانی پینے اور پانی چھڑکنے کے اوقات مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل ۲۔ صبح گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر ۴۔ بعد نماز عشاء

پڑھا ہوا پانی غسل خانے اور پاخانے کو چھوڑ کر ہر کمرے اور باورچی خانہ کے کونوں میں ہلکا ہلکا چھڑکا جائے۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ
مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ
نَسۡتَعِیۡنُ ؕ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ
صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۙ غَیۡرِ
الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ع

ناف جگہ سے دوسری جگہ ہوگئی ہو

اگر کسی کی ناف اپنی جگہ سے ٹل گئی ہو جس کے سبب پیٹ میں درد اور اینٹھن پیدا ہوتی ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے ناف کی جگہ باندھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

ذٰلِکَ تَخۡفِیۡفٌ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ وَ رَحۡمَۃٌ ؕ

تنبیہ: جب تک تعویذ ناف پر بندھا رہے گا ناف اپنی جگہ پر رہے گی اگر خدانخواستہ تعویذ ناف سے اِدھر اُدھر ہوگیا تو ناف بھی اِدھر اُدھر ہو جائے گی۔ یہ تعویذ ایک ہفتہ باندھنے کے بعد کھول کر رکھ دیں۔ جب آئندہ ناف ٹل جائے تو پھر باندھ لیں۔ ایک ہفتہ باندھنے سے ناف اپنی جگہ مضبوط ہو جائے گی اس وقت کھول کر رکھ دیں۔

مسان کے مریض کا علاج

اگر بچہ مسان کے مرض میں مبتلا ہو جائے اور بچہ روز بروز سوکھتا جاتا ہو، اس کا گوشت گھل رہا ہو اور جسم صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا ہو تو اول چنبیلی کو دھوکر سکھا کر یا اگر چنبیلی کا انتظام نہ ہو تو سرسوں لے کر اسے دھوکر سکھا کر اس کا تیل لکڑی کے کولہو سے نکلوایا جائے تیل وزن میں ایک پاؤ ہونا چاہیئے۔

بعد نماز عشاء یہ آیت باوضو ایک ہزار تیرہ (۱۰۱۳) مرتبہ پڑھ کر اس تیل پر دم کرے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

اس دم کئے ہوئے تیل کو ہتھیلی پر تھوڑا تھوڑا لے کر بچے کو مالش کریں اور اس کے بدن پر ہلکا ہلکا لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ گیارہ دن کے اندر تندرست ہو جائیگا لیکن تیل برابر لگاتے رہیں یہاں تک کہ تیل ختم ہو جائے۔ تیل لگانے کے بعد بچہ کو نہلانا ضروری نہیں ہے۔ البتہ کپڑے سے ہلکے ہلکے صاف کر دیں تو صحیح ہے لیکن شرط یہ ہے کہ تیل دو تین گھنٹے برابر لگا رہے اس کے بعد صاف کریں یا اگر بچہ کو نہلانا ممکن ہو تو نہلا دیں اگر نہلانے سے بچہ کو بخار ہونے یا بیمار ہونے کا ڈر ہو تو نہ نہلائیں۔

وہ آیت یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

فَانْظُرْ اِلٰٓی اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰہِ کَیْفَ یُحْیِ
الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْیِ
الْمَوْتٰی ۪ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

حاکم، افسر یا مخالف کو مہربان کرنا

اگر کوئی حاکم، افسر یا مخالف سخت ناراض ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیر لے۔ اور حاکم، افسر یا مخالف کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ مہربانی سے پیش آئے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

كَمْ اٰتَیْنٰهُمْ مِّنْ اٰیَةٍ بَیِّنَةٍ ؕ وَمَنْ یُّبَدِّلْ
نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ

شَدِیْدُ الْعِقَابِ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

چور اور ہر موذی جانور سے حفاظت

اگر کسی جگہ چوری، ڈاکے کا ڈر ہو یا ایسی جگہ ہو جہاں موذی جانور (تکلیف دینے والے جانور مثلاً سانپ، بچھو، کھن کھجورے یا دیگر جانور) ہوں تو ان چور، ڈاکو یا موذی جانوروں سے حفاظت کے لئے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے درمیان میں یہ آیتیں پڑھے اور سو رہے یہ آیتیں پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرے۔ اگر بات کرنی پڑ جائے تو دوبارہ پڑھ لے اور سو جائے۔

وہ آیتیں یہ ہیں۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ
وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ

وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ
رُّسُلِهٖ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا
وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا
وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ
رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا
وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ
وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ
مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ع ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اولاد ہونے کے لئے

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ ہر طرح کوشش کر چکا ہو تو اس کو چاہیئے کہ بعد نماز عشاء روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے درمیان میں

یہ آیت ایک سو اکیاون (۱۵۱) بار پڑھے۔ یہ عمل روزانہ کرے ناغہ نہ کرے اور نہ ناامید ہو کر چھوڑے اللہ تعالیٰ سے لو لگائے رکھے اس کے خزانے میں کوئی کمی نہیں ہے شرط عمل اور یقین کامل کے ساتھ مسلسل عمل کرنا ہے۔

وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ
سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

رزق میں ترقی کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا رزق بڑھ جائے اور آمدنی میں اضافہ ہو جائے تو اس کے لئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے جمعہ سے چار جمعہ تک بعد نماز مغرب باوضو پڑھے اور رزق میں زیادتی

کی دعا کرے۔ اور یہی آیت باوضو لکھ کر ہر جمعہ کے دن کسی کنویں، نہر، دریا، جھیل، سمندر یا تالاب میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آمدنی میں اضافہ شروع ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ع

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

قرض کی ادائیگی

اگر کوئی شخص قرض میں بند ہو گیا ہو اور قرض اُترنے کا نام نہ لیتا ہو تو اس کے لئے اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ اور درمیان میں یہ آیت سات مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل دن میں دو بار بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب کیا کرے ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ جلد ہی غیب سے قرض کی ادائیگی کا انتظام ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

موتیا بند اور پڑ بال کے لئے

اگر کسی کی آنکھوں میں موتیا بند پیدا ہو گیا ہو یا پڑ بال کا مرض ہو اس کے دور کرنے کے لئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر تمام انگلیوں کے پوروں (سروں) پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی فائدہ محسوس ہو گا۔ وہ کلمات یہ ہیں (اگلے صفحہ پر)

اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط اَلْحَقُّ النُّوْرُ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

تلّی کا علاج

اگر کسی کی تلّی بڑھ گئی ہو جس سے صحت پر اثر پڑ رہا ہو تو مندرجہ ذیل کلمات کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں یا تلّی کی جگہ پیٹ پر باندھ دیں اور ذرا سی راکھ لے کر کلمہ کی انگلی پر لگا کر ایک مرتبہ

یَا وَدُوْدُ

پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر تلّی کی جگہ کے اوپر ایک بار ضرب (×) کا نشان بنا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تلّی کا بڑھنا اور مرض ختم ہو جائے گا۔ وہ کلمات جو کاغذ پر لکھے جائیں گے یہ ہیں۔

فِیْھِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ

تبادلہ کی منسوخی کے لئے

ملازمت کے سلسلے میں کسی جگہ سے دوسری جگہ یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ ہو گیا ہو اور اس کو رُکوانا یا منسوخ کرانا اور تبادلہ اسی جگہ دوبارہ کرانا یا کسی اور جگہ جو مناسب ہو کرانا مقصود ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو انیس (۱۹) روز تک انیس (۱۹) مرتبہ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّ تَبَّ ۝ پوری سورت پڑھ کر دعا کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تبادلہ رُک جائے گا یا جس جگہ جانا چاہتا ہے چلا جائے گا۔

تبّت یدا پڑھنے کے لئے صرف ایک مرتبہ شروع میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ پڑھے اور اول و آخر درود شریف نہ پڑھے۔

سورۃ تبّت یدا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّ تَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰی عَنْہُ
مَالُہٗ وَ مَا کَسَبَ ۝ سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَھَبٍ ۝
وَّ امْرَاَتُہٗ حَمَّالَۃَ الْحَطَبِ ۝ فِیْ جِیْدِھَا
حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

چیچک کی بیماری سے نجات

اگر کسی بچہ کو یا بڑے کو چیچک (لاکڑا کاکڑا) نکل آئے اور ساتھ میں بخار بھی تیز ہو تو اس کے دفعیہ اور دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل عمل بہت فائدہ مند ہے۔

بعد نماز عصر باوضو پاک مصلّے پر قبلہ کی طرف منہ کر کے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک سفید کاغذ پر یہ نقش لکھیں۔ اور اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سورۃ فاتحہ بسم اللہ شریف کو الحمد شریف کے ساتھ ملا کر اس طرح

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

آخر تک مکمل سورت اکتالیس (۴۱) مرتبہ اور اس کے بعد سورۃ کوثر (پ ۳۰) اکتیس (۳۱) مرتبہ پڑھ کر اس کاغذ پر دم کریں جس پر یہ نقش لکھا ہے اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد صحتیاب ہو گا۔

وہ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

یَا اَللّٰہُ یَا شَافِیُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَاقِیُ یَا کَافِیُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ اٰمِیْن

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

یَا اَللّٰہُ یَا شَافِیُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا دَائِمُ

اِنَّا اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ

سورہ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

سورۃ کوثر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِنَّا اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

سحر، جادو، سفلی کو ختم کرنے کے لئے

اگر کسی پر کسی دشمن نے سحر، جادو، سفلی کرادیا ہو جس کے سبب اس کی نیند غائب ہوگئی ہو اور اس کی بھوک ختم ہوگئی ہو سر میں درد چکر، بھول چوک اور آئے دن پریشانی میں زیادتی ہو رہی ہو۔ ایک الجھن ختم نہیں ہوئی کہ دوسری پیدا ہوگئی۔ غرضیکہ ہر کام میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں، کاروبار میں نقصان ہوتا ہے، دفتر میں ہر ایک سے لڑائی ہوتی ہے گھر میں ہر طرح کی برکت ختم ہو چکی ہو اور مالی مشکلات کے سبب گذارہ مشکل ہو گیا ہو تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو ایک کاغذ پر یہ آیتیں لکھیں اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں۔ اگر لکھنا نہ جانتے ہوں تو کسی دوسرے سے لکھوالیں اور ایک پلیٹ چینی کی لے کر اس پر بھی یہی آیتیں لکھیں اور پانی میں گھول کر پئیں۔ یہ عمل اکتالیس ۴۱ دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر و جادو سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

سردی کا بخار

اگر کسی شخص کو سردی سے بخار آتا ہو یا کبھی بخار اترتا ہو اور کبھی چڑھتا ہو تو اس کے لئے اس آیت کو باوضو بیری کی لکڑی پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دے۔ لیکن جب بیمار پیشاب یا پاخانہ کرنے جائے تو اس لکڑی کو گلے سے اُتار دے کیونکہ لکڑی پر قرآنی آیت لکھی ہے اور اس کا پاخانہ یا غسل خانے میں لے جانا جائز نہیں ہے اور منع ہے اسی طرح ناپاک حالت (یعنی جس پر غسل لازم ہو) اس کو بھی اس لکڑی کو گلے میں ڈالنا یا ہاتھ لگانا درست نہیں ہے۔ لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے البتہ اگر اس کو پلاسٹک کوٹنگ کرالیا جائے تو جائز ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

نافرمان اولاد کو مطیع کرنا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور وہ اس کے سبب پریشان ہو تو ہر نماز کے بعد اول گیارہ ۱۱ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو بار یہ آیت پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اولاد کی اصلاح اور

فرمانبردار ہونے کی دعا کرے۔ جب ذُرِّیَّتِیْ کا لفظ ادا کرے تو اولاد کا تصور اور خیال دل میں لائے۔

وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

تنگ دستی دور کرنے کے لئے

جو شخص مالی حیثیت سے کمزور ہو اور گذارہ مشکل ہوتا ہو۔ ہر وقت قرض پر قرض چڑھتا رہتا ہو۔ اسی سبب ہر وقت پریشان رہتا ہو تو رزق میں برکت آمدنی میں اضافہ اور ترقی اور قرض سے نجات کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ہمیشہ اس عمل کو کرتا رہے کبھی مالی مشکلات میں مبتلا نہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے

اس کے بعد پانچ سو ۵۰۰ بار یہ اسماء پڑھے آخر میں گیارہ ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر مالی مشکلات سے نجات کی دعا کرے اور غیب سے روزی کا انتظام ہونے کی دعا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بے گمان رزق کا انتظام ہوگا اور تھوڑی رقم میں زیادہ برکت ہوگی۔ یہ عمل مسلسل اور بلاناغہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرض اُترنے کے ذرائع اور اسباب پیدا ہوں گے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا كَرِیْمُ ۔ یَا وَھَّابُ ۔ یَا ذَا الطَّوْلُ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

چور یا بھاگے ہوئے کا واپس لانا

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ گیا ہو یا چور گھر سے قیمتی سامان لے کر فرار ہو گئے ہوں تو اس کے لئے یہ آیت باوضو ایک سفید نئے کپڑے کے ٹکڑے پر لکھے اور اس کے نیچے بھاگے ہوئے یا چور کا نام مع اس کی والدہ یا

والد کے نام کے لکھے اور اس کپڑے کو اس مکان یا دوکان کی دیوار پر میخ (موٹی کیل) سے ٹھونک کر لگادے اور اس پر کپڑا ڈال کر اندھیرا کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگنے والا چور مع سامان جلدی آجائے گا۔ اگر دور گیا ہے تو کچھ دن لگیں گے۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

چکر آنے کا علاج

اگر کسی کے جسم میں اسقدر کمزوری پیدا ہو گئی ہو کہ اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے آنکھوں کے سامنے اندھیرا آجاتا ہو اور دماغ گھومنے لگتا ہو ہر وقت گرنے کا خطرہ رہتا ہو تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل آیات کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض مرد ہے تو اس کی ٹوپی میں سی دیں اور اگر عورت ہے تو چوٹی میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چکر آنے کا مرض ختم ہو جائے گا۔

وہ آیات و کلمات یہ ہیں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ

كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَاۗءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِيْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

حمل قائم ہونے کے لئے

اگر کسی عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو اور وہ اس سلسلے میں بہت پریشان ہو تو یہ آیات چالیس ۴۰ دن مسلسل باوضو ایک چینی کی پلیٹ پر لکھے اور پانی سے دھو کر پیئے اور ایک کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حمل قرار پائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہو گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ الذُّكُوْرَ ۙ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَاۗءُ عَقِيْمًا ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝

زبان کی سوجن

اگر کسی کی زبان پر سوجن آگئی ہو اور ورم کی وجہ سے بولنا مشکل ہو گیا ہو تو باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں تین سو (۳۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اور مریض کی زبان پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے سوجن ختم ہو جائیگی۔

اگر غیر عورت ہو تو اس کے لئے لمبی نلکی یا ربڑ کا پائپ استعمال کریں اور پائپ میں یا نلکی میں پھونک ماریں غیر عورت اپنی زبان پر اس کا منہ رکھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ورم سے نجات حاصل ہو گی۔

وہ اسم مبارک یہ ہے۔

اَلْعَلِیُّ

نیز اکتالیس (۴۱) مرتبہ باوضو روزانہ یہ آیت پڑھ کر دم کرنے سے بھی زبان کی سوجن ختم ہو جاتی ہے وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ

لقوہ کا علاج

اگر کسی شخص کو خدانخواستہ لقوہ ہو گیا ہو اور

اس کا منہ ٹیڑھا ہو گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دے۔

نیز اسی آیت کو اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور درمیان میں ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ چند دن پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ لقوہ کے مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

منہ میں چھالے

اگر کسی کے منہ میں چھالے ہو جائیں اور مرچ کا استعمال مشکل ہو جائے کھانا کھانے میں تکلیف

ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ والضحیٰ والیل اذا سجیٰ ہ
آخر تک اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر چینی پر دم کر کے چبایا کرے
انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی چھالے ختم ہو جائیں گے۔ نیز اس کے
لئے سورۃ اخلاص اکتالیس بار پڑھ کر دم کر کے استعمال
کرنے سے بھی منہ کے چھالے ختم ہو جائیں گے۔

سورۃ والضحیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ
وَالضُّحٰى ۙ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۙ مَا وَدَّعَكَ
رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ
الْاُوْلٰى ؕ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ؕ
اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۙ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا
فَهَدٰى ۙ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ؕ فَاَمَّا
الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ؕ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا
تَنْهَرْ ؕ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ؕ

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

ہر مشکل کے حل کے لئے

اگر کوئی ایسی مشکل سامنے آگئی ہو جس کا حل موجود نہ ہو

جس کے سبب روز بروز پریشانی بڑھتی جاتی ہو اس کے
لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور
درمیان میں گیارہ سو ۱۱۰۰ بار

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ط

نیز یہ شعر بھی ہر نماز کے بعد پانچ یا سات مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

فَسَهِّلْ يَا اِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ
بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی ہو اور ایک دوسرے
سے الگ الگ رہتے ہوں۔ زیادہ بات چیت نہ ہوتی ہو
اور نہ ایک دوسرے کے ساتھ گھلتے ملتے ہوں تو اس کے لئے
اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں ساٹھ ۶۰
مرتبہ سورۃ ماعون پڑھ کر کسی میٹھی چیز (کھجور، کشمش،
چینی، مٹھائی، مصری، شربت، مربہ، معجون) پر دم کر کے
دونوں کو کھلا دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں
مثالی محبت پیدا ہو جائے گی اور باہمی محبت اور یکجہتی
میں اضافہ ہو گا۔

سورۃ ماعون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ
اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ؕ فَذٰلِكَ الَّذِيْ

يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ
الْمِسْكِيْنِ ۝ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ
صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۝
وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝

میاں بیوی میں محبت قائم ہونا

اگر میاں بیوی میں محبت نہ ہو اور ہر وقت آپس میں شکوہ و شکایت اور لڑائی جھگڑا رہتا ہو۔ ہر وقت کے جھگڑے سے گھر کا ماحول سوگوار رہتا ہو اور دونوں میاں بیوی ذہنی مریض بنتے جا رہے ہوں تو اس کے لئے میاں بیوی دونوں کا پہنا ہوا کپڑا لے (دھلا ہوا نہ ہو بلکہ پہنا ہوا ہو) اور اسمیں سے تھوڑا تھوڑا ٹکڑا کاٹ لے اور چالیس مرتبہ باوضو

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

پڑھے اور دونوں ٹکڑوں پر دم کر دے۔ ان دونوں ٹکڑوں کو اوپر نیچے رکھ کر بتی بنالے اور مٹی کا نیا چراغ لے کر سرسوں کا تیل ڈال کر اس بتی کو چراغ کی طرح جلائے۔ اس کی راکھ اور چراغ کو جنگل میں ایسی جگہ دفن کر دے جہاں کسی کا قدم نہ پڑے۔ ورنہ سمندر، دریا، نہر، جھیل، کنوئیں میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میاں بیوی میں خوب محبت ہو جائے گی۔

ہمیشہ جوان رہنے کا عمل

سناء مکی ایک چھٹانک، گلاب کے پھول (کوئٹہ کا گلاب ہو تو بہتر ہے) ایک چھٹانک دونوں کو سکھا کر ہاون دستے میں کوٹ کر باریک کر لیں اور ململ کے کپڑے یا باریک چھلنی میں چھان کر ایک چھٹانک شہد میں ملا کر چھوٹے بیر کی برابر گولیاں بنالیں۔ روزانہ رات کو سوتے وقت ایک گولی لے کر چالیس مرتبہ

يَا قَوِيُّ

پڑھ کر اس گولی پر دم کریں اور گولی کھا کر ایک پاؤ گرم گرم دودھ پی کر سو جائیں۔ یہ عمل تین ماہ تک کریں۔ اس کے بعد چھوڑ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوتِ مردمی میں خوب ترقی ہوگی۔

قوت مردمی کی بحالی

اگر کسی کی قوتِ مردمی کمزور ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت فائدہ مند ہے۔ شہد اصلی ایک پاؤ، عرق پیاز (پیاز کو کوٹ کر اس کا پانی نچوڑ لیا جائے) ایک کلو ان دونوں کو ایک دیگچی (پتیلی یا بھگونے) میں ڈال کر چولہے پر رکھ دیں ہلکی آنچ پر پکائیں۔

پکتے وقت دیگچی کے اندر جو جھاگ پیدا ہوں ان کو چمچے سے اُتارتے رہیں۔ جب جھاگ پیدا ہونا بند ہو جائیں اور شہد سُرخ ہو جائے اس کو ٹھنڈا کر کے کسی بوتل میں بند کر لیں۔ رات کو سوتے وقت ایک یا دو چمچے (چائے کا چمچہ) ایک گلاس دودھ میں ملا کر رکھ دیں۔ اور اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں ستّر (۷۰) مرتبہ

یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ

پڑھ کر دم کر کے دودھ پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے دن ہی قوت اُبھر جائے گی اور طاقت محسوس ہو گی۔ اس عمل کو مسلسل چالیس دن کریں۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اولاد کے لئے

اگر کسی مرد کے اندر اولاد کے جراثیم نہ ہوں اور

اولاد نہ ہوتی ہو یا مردانہ کمزوری کے سبب اولاد سے محروم ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک کلو ماش کی دال دُھلی ہوئی لے کر اسے اتنے عرق پیاز میں بھگوئے کہ دال اس عرق میں ڈوب جائے۔ جب دال تمام عرق جذب کر لے تو اس کو سائے میں سکھائے جب دال سوکھ جائے دوبارہ اسے پیاز کے عرق میں بھگو دے۔ پھر عرق جذب ہونے کے بعد دال کو سائے میں سکھائے اس طرح سات مرتبہ کرے۔ جب سات مرتبہ یہ عمل کرنے کے بعد دال سوکھ جائے تو ایک کلو مصری ملا کر ہاون دستہ میں کوٹ لیں۔ اور باریک کپڑے میں چھان کر رکھ لیں۔

رات کو سوتے وقت ایک چمچہ (چائے کا چمچہ) وہ سفوف لے کر سورۃ والسماء والطارق (پوری سورت) بادضو سات مرتبہ پڑھ کر سفوف پر دم کرے اور سفوف کھا کر گرم دودھ ایک گلاس پی لے۔ یہ سفوف دو ماہ تک مسلسل استعمال کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد پیدا ہو گی اور مایوسی ختم ہو گی۔

سورۃ والسّماء والطارق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىکَ مَا الطَّارِقُ ۝
النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ ۝
فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ

دَافِقٍ ۝ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝
اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝
فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ
الرَّجْعِ ۝ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ
فَصْلٌ ۝ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ
كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ
رُوَيْدًا ۝

ہڈیوں کا بخار دور کرنا

اگر کسی کو ہڈیوں کا بخار ہو گیا ہو اور ہر وقت بدن جلتا ہے۔ دن بدن کمزوری بڑھتی جاتی ہے۔ نہ کھانے کو دل چاہتا ہے نہ کسی کام کرنے کو دل تیار ہوتا ہے۔ اس بخار سے نجات کے لئے یہ عمل کریں۔

دو لیموں لے کر ان پر سورۃ کافرون اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی کی سکنجبین تیار کریں اور پی لیں۔ یہ عمل دو ماہ مسلسل کریں انشاء اللہ تعالیٰ پرانے سے پرانا بخار دور ہو جائے گا۔

سورۃ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ

مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

مردانہ قوت کا عمل

اگر کوئی شخص مردانہ قوت میں کمی محسوس کرتا ہے تو اسے یہ عمل کرنا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طاقت و قوت مردانہ میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

ایک سانس میں پندرہ ۱۵ مرتبہ
یَا قَوِیُّ
پڑھے اور اسی دوران بدن پر ہاتھ پھیرتا جائے جب پندرہ مرتبہ کہہ لے تو اپنے بدن پر پھونک مارے۔ یہ عمل سات مرتبہ کرنا ہے۔ اس عمل کو چالیس ۴۰ دن مسلسل بلا ناغہ کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بے پناہ قوت کا مالک بن جائے گا۔

طاقتور بننے کے لئے

اگر کوئی شخص خود میں قوت مردمی کی کمی محسوس کرتا ہو تو دیسی انڈا ابال کر اس کا چھلکا اُتار لے اور باوضو سورۃ اخلاص اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر انڈے پر دم کرے اور انڈہ کھالے۔ صبح و شام اسی طرح دو انڈے کھا لیا کرے۔ شرط یہ ہے کہ بیوی کے پاس نہ جائے (یعنی عورت

کے مرد کے تعلقات) قائم نہ کرے۔ پندرہ دن مسلسل پرہیز کرے اور اس دوران جو کی روٹی یا جو کا دلیہ استعمال کرے۔ ہر سال ایک ماہ اسی طرح انڈے استعمال کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ کبھی بوڑھا نہ ہوگا۔ اور بے پناہ قوت مردمی کا مالک ہوگا۔

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

مریض کا ہر قسم کے مرض سے صحتیاب ہونا

اگر کوئی شخص سخت بیمار ہو اور اس کی بیماری سحر، جادو، سفلی یا جنات کے اثرات کے سبب نہ ہو تو اس کا آسان علاج یہ ہے کہ مریض کو وضو کرائیں اگر غسل کی ضرورت ہو تو غسل کرائیں اور سیدھا لٹا دیں۔ سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد

سورۃ مجادلہ (پ ۲۸) پوری سورت بلند آواز سے پڑھیں تاکہ مریض اس کو سنے اس دوران اگر مریض سو جائے تو امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ مریض ضرور صحتیاب ہوگا۔

آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کر دیں۔ سنانے کے دوران اگر مریض سو جائے تو پھر بھی

عمل پورا کریں ادھورا نہ چھوڑیں۔ اگر مریض پر سحر، جادو، سفلی یا جنات کا اثر ہے تو اس کا علاج سحر جادو جنات کے ختم کرنے کے عمل سے ہوگا۔ اس عمل کے سبب نہیں ہوگا لہذا عامل کو چاہیئے کہ پہلے تشخیص کرے کہ مرض بیماری ہے یا جادو یا سفلی کا اثر ہے یا جنات کی شرارت ہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

شوگر، کینسر، بلڈ پریشر، دل کا وال بند ہونے کا علاج

اگر کسی شخص کو جان لیوا مرض چمٹ جائیں مثلاً شوگر ہو جائے، بلڈ پریشر بڑھ جائے یا کم ہو جائے یا دل کا وال بند ہو جائے یا اور کوئی موذی مرض لپٹ جائے تو اس کے ختم کرنے اور صحتیاب ہونے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

ایک چھوٹا کورا مٹکا پانی کا لیں اور اس کو دھو کر

پانی بھرلیں۔ اس مٹکے کو ہاتھ لگانے سے پہلے وضو ضرور کریں۔ بغیر وضو کے مٹکے کو ہاتھ نہ لگائیں۔ مطلب یہ ہے کہ جب مٹکا خریدنے جائیں تو پہلے وضو کرلیں۔ بغیر وضو مٹکے کو نہ چھوئیں اور نہ اسمیں پانی پیئیں ورنہ اثر نہ ہوگا۔

صحیح اور تجوید کی رعایت کے ساتھ پڑھنے والا، نیچی نگاہ رکھنے والا، حلال روزی کھانے والا یہ عمل کرے اگر خود میں یہ صلاحیت ہے تو خود کرلے ورنہ کسی نیک صالح متقی حافظ و قاری سے یہ کام کرائے۔ باوضو پانی کا مٹکا سامنے رکھیں اور پاک مصلے پر قبلہ کی طرف منہ کرکے بیٹھ جائیں کپڑوں پر عطر لگائیں گلاب کا عطر ہو تو بہتر ہے اور یہ درود شریف تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلٰوتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ ط

اس کے بعد سورۃ انشقاق (پارہ عمّ ۳۰) کو اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھیں جب بھی سجدے والی آیت آئے فوراً سجدہ کریں پھر سجدہ سے اُٹھ کر سورۃ کو پورا کریں اس طرح اکیس ۲۱ بار سورۃ پڑھنی ہے اور اکیس ۲۱ سجدے کرنے ہیں۔ جب بھی سورۃ مکمل ہو مٹکے کا ڈھکن کھول کر پانی پر دم کریں۔ اکیس ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کرنا ہے

یہ عمل ایک ہی بیٹھک میں ایک ہی دن کرنا ہے۔ سات دن تک اس مٹکے کا پانی استعمال کرنا ہے۔ مریض کو یہ پانی دن بھر پلائیں۔ جب بھی پانی کی ضرورت ہو یہی پانی پلائیں۔ سات دن میں پانی ختم ہو جائے تو آٹھویں دن پھر پانی اسی طرح پڑھ کر تیار کریں سات دن تک پلائیں۔ یہ عمل پانچ مرتبہ کرنا ہے۔ جب بھی عمل شروع کریں اس سے قبل صدقہ دیں۔ صدقہ اپنی حیثیت کے مطابق دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مریض تندرست ہو جائے گا۔ سورۃ انشقاق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ
وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۙ
وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ
اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۚ فَاَمَّا مَنْ
اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا
يَّسِيْرًا ۙ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۙ وَاَمَّا مَنْ
اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ فَسَوْفَ يَدْعُوْا
ثُبُوْرًا ۙ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۙ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ
مَسْرُوْرًا ۙ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۚ بَلٰٓى ۚ اِنَّ
رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ۙ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ
وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۙ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۙ لَتَرْكَبُنَّ

طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا
قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۝ السجدة بَلِ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝
فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝

سانپ بچھو کا زہر ختم کرنا

اگر کسی کو سانپ ڈس لے یا بچھو ڈنک مار دے تو اس کے زہر کو ختم کرنے کے لئے لہسن کے چالیس عدد جوے لے کر ایک کلو دودھ میں ان کو ہلکی آنچ میں پکائیں دودھ پکتا رہے اس کے پاس باوضو بیٹھ کر چالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں اور دودھ پر پھونک دیں۔ دودھ کو ٹھنڈا کرے تمام دودھ سانپ کے ڈسے ہوئے یا بچھو کے ڈنک مارے ہوئے مریض کو پلا دیں۔

یہ عمل دن میں دو تین مرتبہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام زہر ختم ہو جائے گا۔

بخشش کا عمل

کوئی شخص اس ڈر خوف میں مبتلا ہو کہ گناہوں کی کثرت کے سبب اس کی بخشش نہیں ہو گی تو اپنی بخشش کے لئے بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ مرتبہ درود

شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بخشش ہو جائے گی۔

وہ دعا یہ ہے

رَبَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ
خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

دنیا و آخرت کی بھلائی

اگر کوئی دنیاوی معاملات میں ناکام یا آخرت کے معاملے میں ڈرتا ہو کہ وہاں اس کے ساتھ معاملہ سخت نہ ہو جائے تو روزانہ بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دنیا کے معاملات درست ہو جائیں گے اور اسی طرح آخرت میں بھی خیر کا معاملہ ہو گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ
حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اطمینان قلبی کے لئے

اگر کسی کا دل اُڑا اُڑا اور طبیعت پریشان رہتی ہو اور دل میں سکون کی کمی ہو تو رات بعد نماز عشاء باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے

درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا
قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اللہ تعالیٰ سے رحم و مغفرت طلب کرنا

اگر کسی کو قساوت قلبی اور گناہوں کے سبب اپنی مغفرت اور بخشش اور اللہ تعالیٰ کا اس کے ساتھ رحم کا معاملہ پر شک ہو اور اس سبب سے ہر وقت بے چین رہتا ہو تو اپنی مغفرت اور بخشش اور اللہ تعالیٰ کا رحم وشفقت کے ساتھ معاملہ کا یقین بڑھانے کے لئے بعد نماز عشاء باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ آیت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حق تعالیٰ شانہٗ سے سچی امید بخشش ورحم کی قائم ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ
الْمَصِيْرُ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

دیگر علماء کرام کے عملیات وتعویذات

دیمک سے نجات حاصل کرنا

اگر کسی گھر کی چوکھٹوں، کھڑکیوں یا لکڑی کی چیزوں یا لکڑی کے شہتیروں میں دیمک لگ کر انہیں ناکارہ بناتی ہے اور بار بار دوائیاں چھڑکنے اور اس کو دور کرنے کے باوجود تمام لکڑی کی چیزوں کو تباہ کر رہی ہے تو اس کے لئے روزانہ سورۃ مطففین پڑھ کر دیمک کے نکلنے کے سوراخوں پر دم کیا کریں اور پانی پر دم کر کے گھر کے تمام کونوں میں اس کا چھینٹا دیا کریں یعنی ہلکا ہلکا چھڑکا کریں۔ سورۃ مطففین یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ اِذَا اکْتَالُوْا عَلَی النَّاسِ یَسْتَوْفُوْنَ ۖ وَاِذَا کَالُوْھُمْ اَوْ وَّزَنُوْھُمْ یُخْسِرُوْنَ ؕ اَلَا یَظُنُّ اُولٰٓئِکَ اَنَّھُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۙ لِیَوْمٍ عَظِیْمٍ ۙ یَّوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِیْ سِجِّیْنٍ ؕ وَمَآ اَدْرٰىکَ مَا سِجِّیْنٌ ؕ کِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ؕ وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُکَذِّبِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ یُکَذِّبُوْنَ بِیَوْمِ الدِّیْنِ ؕ وَمَا یُکَذِّبُ بِہٖٓ اِلَّا کُلُّ مُعْتَدٍ اَثِیْمٍ ۙ اِذَا تُتْلٰی عَلَیْہِ اٰیٰتُنَا قَالَ اَسَاطِیْرُ

الْاَوَّلِیْنَ ؕ کَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ مَّا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ ۝ کَلَّآ اِنَّھُمْ عَنْ رَّبِّھِمْ یَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ؕ ثُمَّ اِنَّھُمْ لَصَالُوا الْجَحِیْمِ ؕ ثُمَّ یُقَالُ ھٰذَا الَّذِیْ کُنْتُمْ بِہٖ تُکَذِّبُوْنَ ؕ کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِیْ عِلِّیِّیْنَ ؕ وَمَآ اَدْرٰىکَ مَا عِلِّیُّوْنَ ؕ کِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۙ یَّشْھَدُہُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ۙ عَلَی الْاَرَآئِکِ یَنْظُرُوْنَ ۙ تَعْرِفُ فِیْ وُجُوْھِھِمْ نَضْرَۃَ النَّعِیْمِ ۚ یُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِیْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۙ خِتٰمُہٗ مِسْکٌ ؕ وَفِیْ ذٰلِکَ فَلْیَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ؕ وَمِزَاجُہٗ مِنْ تَسْنِیْمٍ ۙ عَیْنًا یَّشْرَبُ بِھَا الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا کَانُوْا مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَضْحَکُوْنَ ۖ وَاِذَا مَرُّوْا بِھِمْ یَتَغَامَزُوْنَ ۖ وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓی اَھْلِھِمُ انْقَلَبُوْا فَکِھِیْنَ ۖ وَاِذَا رَاَوْھُمْ قَالُوْٓا اِنَّ ھٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ۙ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَیْھِمْ حٰفِظِیْنَ ؕ فَالْیَوْمَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْکُفَّارِ یَضْحَکُوْنَ ۙ عَلَی الْاَرَآئِکِ یَنْظُرُوْنَ ؕ ھَلْ ثُوِّبَ الْکُفَّارُ مَا کَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ۝

اولاد کے نیک اور صالح بننے کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی اولاد کی اٹھان نیکی اور اچھائی پر ہو۔ ان میں شرارت اور گناہوں سے نفرت

پیدا ہو جائے اور نماز کی پابندی، دینی رجحان میں اضافہ اور شرافت اور بھلائی کے جذبات پیدا ہوں تو اس کے لئے روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) بار یہ آیت باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو وہ پانی کسی وقت پلا دیا کریں۔

اگر بچے دور ہوں اور ان کو پانی پلانا ممکن نہ ہو تو روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ اس آیت کو پڑھ لیا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نیکی اور صلاح پر پروان چڑھے گی اور والدین کی نیک نامی میں اضافہ ہوگا۔

وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝

چیونٹیاں بھگانا

اگر کسی جگہ چیونٹیوں کی کثرت ہو اور وہ نقصان پہنچاتی ہوں تو ان کو بھگانے کے لئے یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر ریت (مٹی) پر دم کریں اور ان کے بلوں کے نزدیک پھیلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس جگہ سے چیونٹیاں چلی جائیں گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

مرگی کا دورہ

اگر کسی بچے یا بڑے کو خدانخواستہ مرگی کا دورہ پڑ جائے تو اس کو ہوش میں لانے کے لئے تین مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات باوضو مریض کے کان میں بلند آواز سے پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض فوراً ہوش میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

الٓمّٓصٓ ۝ طٰسٓمٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ يٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ حٰمٓ ۚ عٓسٓقٓ ۝ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۙ

روزی میں اضافہ

اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور گزارہ مشکل سے ہوتا ہو اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہو تو اس کے لئے یہ کلمات روزانہ صبح بعد نماز فجر اور رات کو بعد نماز عشاء ایک ایک سو بار پڑھا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ مستقل مزاجی کے ساتھ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غربت سے نجات اور رزق میں فراخی اور وسعت پیدا ہو گی، کسی طرح بھی کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ عمل شرط ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ۚ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔

گمشدہ کی واپسی

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی یا مرد یا عورت گھر سے بھاگ گئے ہوں یا گم ہو گئے ہوں تو گمشدہ کی واپسی کے لئے یہ آیت باوضو ایک پاک کاغذ پر لکھ کر لپیٹ کر چرخہ میں باندھ کر چرخہ کو فجر کی نماز کے بعد ایک سو بار الٹا چکر دیں (الٹا گھمائیں) اگر چرخہ نہ ہو تو سائیکل کے پہیے میں باندھ کر الٹا گھمائیں اگر سائیکل بھی نہ ہو تو کسی بجلی کے پنکھے میں باندھ کر پنکھا چلا دیں یا پنکھا بجلی نہیں ہے تو اس کو کسی اونچی جگہ اس طرح باندھیں کہ ہوا سے تعویذ ہلتا رہے۔
اس آیت کے نیچے بھاگنے یا گم ہونے والے کا نام معہ اس کی والدہ کے نام کے لکھے

وہ آیت یہ ہے۔

فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ۝

جب بھاگا ہوا واپس آجائے تعویذ فوراً کھول کر رکھ لیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

پیشاب کا بند کھولنا

اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس کے لئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کھل جائے گی اور خوب پیشاب آئے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

طاعون، ہیضہ انفلوئنزا، چیچک، وبائی امراض

اگر کسی جگہ وبائی امراض پھوٹ پڑیں اور خسرہ، طاعون،

ہیضہ، انفلوئنزا، چیچک کا زور ہو جائے یا جانوروں میں کھُر اور مُنہ کی بیماری پیدا ہو جائے یا مُرغیوں میں برڈ فلو کا مرض پھیل جائے تو اس کے لئے سورۃ القدر باوضو تین مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر یا پانی پر دم کر کے آدمیوں کو یا جانوروں کو کھلائیں۔ اسی طرح پڑھا ہوا پانی بھی انسانوں یا جانوروں کو پلائیں اور مکان اور باڑے کے کونوں میں چھڑکیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ یہ عمل کم از کم چالیس دن کرے۔

سورۃ القدر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ ۝ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

پیٹ کے درد کا شافی علاج

اگر کسی کے پیٹ میں درد رہتا ہو یا کھانا کھانے کے بعد پیٹ میں درد ہو جاتا ہو یا کسی اور وجہ سے پیٹ میں شدید درد پیدا ہو گیا ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو وہ پانی پلا دے اسی طرح اگر جانور کے پیٹ میں درد ہو تو اس کو یہی پانی پڑھا ہوا پلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝

بچے کا کثرت سے رونا

اگر کوئی بچہ کثرت سے روتا ہو اور ہر وقت کسی نہ کسی بہانے سے روتا رہتا ہو اور کسی طور بھی چپ نہیں ہوتا اور بات بات پر ضد کرتا ہو اور نئے نئے مطالبے پیش کرتا ہو لیکن اس کا رونا کسی طور پر کم نہیں ہوتا۔ والدین اس کے اس طرح بات بات پر رونے سے پریشان ہوں تو باوضو سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تین تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور پانی پر بھی دم کر کے بچے کو وہ پانی چار وقت پلائیں۔ چار وقت پلانے کے یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے قبل

انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ضد چھوڑ دے گا اور رونا بند ہو جائے گا۔ چند دن یہ عمل کریں۔

سورۃ الفلق یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنۡ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ
وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ع

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ
مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ الۡخَنَّاسِ ۙ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ
فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ع

نکسیر پھوٹنے کا علاج

اگر کسی کی نکسیر پھوٹ گئی ہو اور ناک سے برابر خون بہہ رہا ہو تو اس کو روکنے کے لئے یہ آیت باوضو سات بار پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نکسیر بند ہو جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ وَقِیۡلَ
یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَکِ وَیٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ وَغِیۡضَ
الۡمَآءُ وَقُضِیَ الۡاَمۡرُ وَاسۡتَوَتۡ عَلَی الۡجُوۡدِیِّ
وَقِیۡلَ بُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ ہ

ہر قسم کی خطرناک بیماری، سحر، جادو کا علاج

اگر کوئی شخص کسی خطرناک مرض میں مبتلا ہو یا اس پر کسی نے سحر، سفلی، جادو کرا دیا ہو یا پُراسرار بیماری میں مبتلا ہو جس کی تشخیص نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر الحمد شریف لکھے اور اس کے نیچے یہ کلمات لکھے اور مریض کو پلیٹ پانی سے دھو کر وہ پانی چار وقت پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے خطرناک مرض، سحر، جادو، سفلی سے نجات حاصل ہو گی۔

سورۃ الفاتحہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ
مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ
اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ
عَلَیۡہِمۡ ۙ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ع

نیچے لکھے جانے والے کلمات یہ ہیں

یَا حَیُّ حِیۡنَ لَا حَیَّ فِیۡ دَیۡمُوۡمَۃِ مُلۡکِہٖ وَبَقَآئِہٖ یَا حَیُّ۔

بواسیر کے مرض میں خون آنا

اگر کسی شخص کو خدانخواستہ خونی بواسیر کی شکایت ہو اور خون بہتا ہو جس سے انسان کا جسم بہت کمزور ہو جاتا ہے

اور رنگ پیلا پڑ جاتا ہے اس کے لئے یہ آیت اکتالیس بار باوضو پڑھے اور پانی یا کھانے کی چیز پر دم کرے اور پانی پیئے اور کھانے کی چیز کھائے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهِیْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ

انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے خون آنا بند ہو جائے گا۔

کان کے درد کو دور کرنا

اگر کسی بچے کے کان میں رات کو درد ہونے لگے یا کسی بڑے آدمی کے کان میں شدید درد پیدا ہو جائے تو اس کے لئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورۃ اعلیٰ پڑھے اور آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے اور مریض کے دونوں کانوں میں پھونک مار دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑی دیر میں کان کا درد دور ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

سورۃ اعلیٰ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ
سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۙ الَّذِىْ خَلَقَ
فَسَوّٰى ۙ وَالَّذِىْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۙ وَالَّذِىْ
اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۙ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ؕ
سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۙ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ
اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ؕ وَنُيَسِّرُكَ
لِلْيُسْرٰى ۚ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ؕ
سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۙ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۙ
الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۚ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ
فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ؕ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۙ
وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ؕ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۙ
وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ؕ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ
الْاُوْلٰى ۙ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ؑ

لڑکے یا لڑکی کا رشتہ ہونا

اگر والدین اپنی اولاد کی شادی کے سلسلے میں پریشان ہوں اور بہت زیادہ کوشش کے باوجود رشتے نہیں ہوتے۔ اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر پوری توجہ کے ساتھ یَا حَكِيْمُ ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھا کرے ناغہ نہ کرے البتہ اگر عورت یا لڑکی خود پڑھ رہی ہے اور خاص دن شروع ہو گئے تو پڑھنا بند کر دے۔ پاک ہونے کے بعد پھر پڑھنا شروع کرے۔ یہ عمل شادی ہونے تک جاری رکھے۔

نظر بد سے حفاظت و نجات

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگی ہو جس کے سبب اس کی صحت گرتی جا رہی ہو کھانا کھانے کو دل نہ چاہتا ہو اور مرض بڑھتا جاتا ہو لیکن مرض کا پتہ نہ چلتا ہو۔ بچہ ہے تو ہر وقت کسی نہ کسی بہانے سے روتا ہو کھانا پینا بند ہو گیا ہو یا کھاتا ہو تو الٹی ہو جاتی ہو۔ اس سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک کاغذ پر یا چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور اس کو پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اور اس پر چھڑکیں نیز یہی کلمات پڑھ کر صبح و شام مریض پر دم کریں اور یہی کلمات ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں تعویذ پر کالا یا گہرا نیلا کپڑا چڑھائیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ حَبَسَ حَابِسٌ وَحَجَرٌ یَابِسٌ وَشِہَابٌ قَابِسٌ رُدَّتْ عَیْنُ الْعَائِنِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیْہِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ہَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّہُوَ حَسِیْرٌ ط

معدہ کے درد سے نجات

اگر کسی شخص کے معدہ میں شدید درد ہوتا ہو اور

وہ انتہائی تکلیف محسوس کرتا ہو اور اسے کسی طور بھی چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو چینی کی پلیٹ پر پانی میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور مریض کو روزانہ صبح نہار منہ وہ پلیٹ پانی سے صاف کر کے وہ پانی پلائے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک مریض صحیح نہ ہو جائے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّۃٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّہٰتِکُمْ ج فَلَا تُزَکُّوْٓا اَنْفُسَکُمْ ط ہُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰی ع

سفر میں ہر قسم کے خطرات سے حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر روانہ ہونا چاہتا ہے یا سفر پر روانہ ہو چکا ہے اور ڈرتا ہے کہ کہیں راستے میں کوئی حادثہ پیش نہ آ جائے یا ڈاکو لٹیروں سے واسطہ نہ پڑ جائے تو اس کے لئے گھر سے نکلنے سے پہلے یا دورانِ سفر سورۂ عبس مکمل ایک مرتبہ پڑھ لی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر بخیر و خوبی پورا ہو گا اور راستہ میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہ ہو گا۔

سورۂ عبس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
عَبَسَ وَتَوَلّٰٓی ۝ اَنْ جَآءَہُ الْاَعْمٰی ۝ وَمَا یُدْرِیْکَ لَعَلَّہٗ یَزَّکّٰٓی ۝ اَوْ یَذَّکَّرُ فَتَنْفَعَہُ

الذِّكْرٰى ۝ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۝ فَاَنْتَ لَهٗ
تَصَدّٰى ۝ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ۝ وَاَمَّا مَنْ
جَآءَكَ يَسْعٰى ۝ وَهُوَ يَخْشٰى ۝ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۝
كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ فِيْ صُحُفٍ
مُّكَرَّمَةٍ ۝ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۝
كِرَامٍ بَرَرَةٍ ۝ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ۝ مِنْ اَيِّ
شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۝ مِنْ نُّطْفَةٍ ۝ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۝ ثُمَّ
السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۝ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۝ ثُمَّ
اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ۝ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۝
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ۝ اَنَّا صَبَبْنَا
الْمَآءَ صَبًّا ۝ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۝
فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۝ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۝ وَّ
زَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۝ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۝ وَّفَاكِهَةً
وَّاَبًّا ۝ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝ فَاِذَا جَآءَتِ
الصَّآخَّةُ ۝ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۝ وَ
اُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۝ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ۝ لِكُلِّ
امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ۝
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۝ ضَاحِكَةٌ
مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝
تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ
الْفَجَرَةُ ۝

ہر قسم کی مشکل کا حل ہونا

اگر کوئی ایسی مشکل پیدا ہو گئی ہو جس کا حل ہونا ضروری ہو اور اس کے حل نہ ہونے سے جان کا یا مال کا یا عزت کے جانے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے جمعرات کا دن گذرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے۔ اس رات بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل فوراً حل ہو جائے گی اگر ایک مرتبہ کے پڑھنے سے حل نہ ہو تو اگلے جمعہ کی شب کو پھر اسی طرح عمل کرے۔ جب تک مشکل حل نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ
السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ
قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۗ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

بچے کا حد سے زیادہ رونا

اگر چھوٹا بچہ حد سے زیادہ روتا ہے اور گھر میں ہر وقت اس کے رونے کی آواز آتی ہے۔ بات بات پر ضد کرتا ہے۔ مچلتا ہے زمین پر لیٹ جاتا ہے اور طرح طرح سے بہانے کر کر کے روتا ہے تو اس کے لئے یہ آیت باوضو چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر لکھیں اور گیارہ دن روزانہ ایک پلیٹ دھو کر اس کا پانی بچے کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونا بند کر دے گا اور ضد کرنے اور مچلنے سے باز رہے گا۔
وہ آیت یہ ہے۔

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ
اِلَّا هَمْسًا ۝

دل کے مرض سے افاقہ

اگر خدانخواستہ کسی کو دل کا مرض لگ جائے تو اس کے لئے باوضو اکتالیس دن روزانہ ایک پلیٹ پر یہ آیت لکھے اور پانی سے دھو کر مریض کو وہ پانی چار وقت پلائے۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں:
۱۔ صبح ناشتہ سے قبل

۲۔ صبح گیارہ بجے دن
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے پہلے
انشاء اللہ تعالیٰ دل کے مریض کو فائدہ ہوگا اور تکلیف سے نجات ملے گی۔
وہ آیت یہ ہے۔

يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗٓ
اُمُّ الْكِتٰبِ ۝

درد گردہ کا علاج

اگر کسی کو درد گردہ کی شکایت پیدا ہو گئی ہو اور گردے کی جگہ ہر وقت ٹیسیں اٹھتی ہوں اور کسی پل چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیتیں اکتالیس دن تک روزانہ باوضو ایک پلیٹ پر لکھے اور پلیٹ کو پانی سے دھو کر وہ پانی مریض کو چار وقت پلائے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی درد گردہ کی بیماری سے صحت حاصل ہوگی۔
وہ آیتیں یہ ہیں۔

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط
تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ
الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۝

اِذَا دُکَّتِ الْاَرْضُ دَکًّا دَکًّا ۝

پانی پلانے کے چار وقت یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے پہلے

۲۔ دوپہر گیارہ بجے

۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے

۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے پہلے

اولاد ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اسے بڑی تمنّا ہو کہ اس کے بچہ ہو جائے تو اس کے لئے اکتالیس[۴۱] عدد کالی مرچ لے اور اکتالیس[۴۱] عدد لونگ لے کر ان پر باوضو اکتالیس[۴۱] مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ کے ساتھ یہ آیت پڑھ کر ان دونوں چیزوں پر دم کریں۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝

یہی آیت اکتالیس[۴۱] دن روزانہ ایک چینی کی بغیر پھول والی سادہ پلیٹ پر لکھیں۔

رات کو سونے سے پہلے مرد ایک عدد کالی مرچ اور ایک عدد لونگ کھا کر باوضو پلیٹ کو دھو کر پانی پی لے۔ اکتالیس دن تک اسی طرح عمل کرے۔

بے اولاد مرد کی بیوی کے لئے بھی اکتالیس[۴۱] عدد

کالی مرچ اور اکتالیس عدد لونگ لے کر اس پر اکتالیس[۴۱] بار یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کرے۔

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ ۝

اور یہی آیت روزانہ ایک پلیٹ پر باوضو لکھیں اور رات کو سونے سے قبل عورت ایک کالی مرچ اور ایک لونگ کھالے اس کے بعد باوضو پلیٹ دھو کر پانی پی لے اور دونوں میاں بیوی حقوقِ زوجیت ادا کریں۔ ماہواری کے ایام میں عورت یہ چیزیں استعمال نہ کرے۔

سخت دل انسان کا دل نرم کرنا

اگر کسی شخص کا دل سخت ہو اور اس کے مزاج میں نرمی اور شفقت نہ ہو بلکہ ہر ایک کے ساتھ ظالمانہ انداز میں پیش آتا ہو اور ہر وقت گرم مزاجی سے پیش آتا ہو تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

یَا رَحْمٰنُ

روزانہ بعد نماز فجر باوضو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اور سخت دل شخص کو پلا دے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مزاج بدل جائے گا۔ دل کی سختی دور ہو جائے گی اور مزاج میں نرمی اور شفقت پیدا ہو جائے گی۔

غیب سے روزی کا انتظام

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا ایک مرتبہ حکومت کی طرف سے وظیفہ آنے میں دیر ہوئی ان کو سالانہ ایک لاکھ (درہم یا دینار) وظیفہ ملا کرتا تھا۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ بہت زیادہ سخی تھے اِدھر روپیہ ختم ہو گیا۔ کسی سے سوال کرنا توکل کے خلاف تھا۔ اسی مالی پریشانی کے دوران آپ نے یہ دعا کثرت سے پڑھنا شروع کی اس عمل کو ایک ہفتہ بھی پورا نہ ہوا تھا کہ حکومت کی طرف سے پندرہ لاکھ روپے وظیفہ کے آگئے اور آپ کی تمام پریشانی دور ہو گئی۔

وہ دعا جو آپ نے کثرت سے پڑھی یہ تھی۔

اَللّٰھُمَّ اقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رَجَآءَکَ وَاقْطَعْ رَجَآئِیْ عَمَّنْ سِوَاکَ حَتّٰی لَا اَرْجُوْا اَحَدًا غَیْرَکَ اَللّٰھُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْہُ قُوَّتِیْ وَقَصُرَ عَنْہُ عَمَلِیْ وَلَمْ تَنْتَہِ اِلَیْہِ رَغْبَتِیْ وَلَمْ تَبْلُغْہُ مَسْأَلَتِیْ وَلَمْ یَجْرِ لِسَانِیْ مِمَّا اَعْطَیْتَ اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مِنَ الْیَقِیْنِ فَخُصَّنِیْ بِہٖ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ط

جس شخص کی رزق تنگ ہو اِس دعا کو پڑھے مگر کثرت سے پڑھے۔ اگر باوضو پڑھے تو بہتر ہے ورنہ بغیر وضو کے بھی پڑھے تو درست ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی تنگی دور ہو جائے گی بڑا مجرب عمل ہے۔

میاں بیوی کی آپس کی ناراضگی ختم

اگر میاں بیوی میں کسی بات پر رنجش پیدا ہو گئی ہو اور دونوں آپس میں ایک دوسرے سے سخت ناراض ہوں اور بول چال بند ہو چکی ہو تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَارَحِیْمُ

کو باوضو نماز فجر کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دونوں میاں بیوی کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی ناراضگی ختم ہو جائے گی اور وہ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے۔

یہ عمل ایک ہفتہ تک برابر کرتا رہے ناغہ نہ کرے۔

عزت کا مقام حاصل کرنا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی سب عزت کریں اور اس کے ساتھ ادب و احترام کا برتاؤ کریں تو اس کیلئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک

یَامَالِکُ

ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت و عظمت قائم ہونے کی دعا کرے۔ یہ عمل روزانہ بعد نماز فجر کر لیا کرے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ جلد ہی اس کے آثار ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ لوگوں کے دلوں میں عزت قائم ہو جائے گی اور وہ ادب واحترام کے ساتھ پیش آنے لگیں گے لیکن شرط یہ ہے کہ یہ عمل پابندی کے ساتھ کرے ناغہ کر کے کرے گا تو وہ فوائد حاصل نہ ہوں گے، دوسرے یہ کہ عمل کے دوران پنج وقتہ نماز باجماعت ادا کرتا رہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

قرض کی ادائیگی اور رزق میں اضافہ

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا قرض جلد ادا ہو جائے اور اس کو جلد از جلد اس بوجھ سے نجات مل جائے اور اس کی آمدنی اور رزق میں بھی اضافہ ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ اسم الٰہی

یَا اَللّٰہُ

روزانہ بعد نماز فجر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ باوضو

قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل برابر کرتا رہے چھٹی ناغہ نہ کرے بلکہ عمل کی پابندی کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ کرنے کی برکت سے کبھی جیب خالی نہ رہے گی اور سارا قرضہ جلد ہی ادا ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

دعا کی قبولیت کے لئے

اگر کوئی ایسا مسئلہ اٹک گیا ہے کہ اس کا حل ہونا ضروری ہے ورنہ بے عزتی ہو گی تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا مُجِیْبُ

ایک ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے۔ پڑھنے کے دوران نہ اٹھے نہ کسی سے بات کرے بلکہ پوری توجہ اور یکسوئی سے عمل کرے۔ اس کے بعد اپنے مسئلہ کے حل کی دعا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہو گی اور مسئلہ حل ہو جائے گا۔

روزگار کے لئے

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے اس کی مرضی کا کام نہ ملتا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر سورج طلوع ہونے سے پہلے پہلے اسم الٰہی

یَا وَاسِعُ

ستر مرتبہ باوضو پڑھے اور سورج نکلنے کے بعد اشراق کی نماز پڑھ کر روزگار کی تلاش میں نکل جائے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے کی برکت سے جلد ہی اچھے روزگار کا انتظام ہو جائے گا۔ اور اگر نوکری سے نکال دیا گیا ہے تو نوکری پر بحال ہو جائے گا۔

آپس کی ناراضگی ختم کرنا

اگر دو آدمیوں میں آپس میں سخت ناراضگی ہو اور وہ ایک دوسرے سے بات چیت نہ کرتے ہوں تو اس کے لئے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اسم الٰہی

یَا وَدُوْدُ

ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دوسرے ناراض شخص کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں مثالی

محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ ایک دوسرے کا خیال رکھنے لگیں گے یہ عمل چند دن برابر کرتا رہے اور کچھ صدقہ خیرات بھی کرتا رہے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے صغیرہ وکبیرہ گناہوں کی معافی مانگتا رہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

قیدی کی رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور رہائی چاہتا ہو تو اس کے لئے رات کا آدھا حصہ گذرنے کے بعد باوضو کھلے آسمان کے نیچے (اوپر کوئی چھت یا سائبان نہ ہو) اول وآخر تین تین بار درود شریف پڑھے اور اس قیدی کے نام کے اعداد کی تعداد کے مطابق پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن تک بلا ناغہ کرے۔ اگر ایک چلے میں کام ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ دو تین چلے اس عمل کے کر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد رہا ہو جائے گا۔ وہ اسم الٰہی یہ ہے

یَا حَقُّ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

اگر خدانخواستہ کسی کا دشمن طاقتور اور شرارت میں یکتا ہو اور طرح طرح سے نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہو تو ایسے دشمن کو نیچا دکھانے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر تین سو ۳۰۰ بار

یَا قَوِیُّ

پڑھا کرے۔ ایک چلہ (چالیس دن) پابندی کے ساتھ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر ایسا خوف طاری ہوگا اور وہ اپنی شرارتوں سے باز آجائے گا۔

نافرمان اولاد کی اصلاح کے لئے

اگر اولاد نافرمان ہو چاہے لڑکا ہو یا لڑکی اس کی اصلاح و ہدایت کے لئے روزانہ نمازِ فجر کے بعد باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک سو اکتیس (۱۳۱) بار اسم الٰہی

یَا وَلِیُّ

پڑھے۔ اس اسم کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کر کے بچوں کو پلا دے تو اس کی برکت سے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے بچے نیک اور فرمانبردار بن جائیں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

ظالموں اور دشمنوں کے شر سے حفاظت

ظالموں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے اس کی برکت سے

آدمی ظالم اور دشمن قسم کے لوگوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔
اسم الٰہی

یَا مُحْصِیُ

ایک سو بار باوضو بعد نماز عصر پڑھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ آدمی ہر قسم کے ظالم اور دشمن کے شر سے بچا رہتا ہے وہ اس کو کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ یہ عمل روزانہ پابندی سے اس وقت تک کرتا رہے جب تک کہ دشمن کی طرف سے شر کا خوف ہے ورنہ کم از کم چالیس دن یہ عمل کرے۔

شیطانی وسوسوں سے حفاظت

اگر کوئی شخص شیطانی وساوس سے پریشان ہو اور شیطانی خیالات اس کو کسی طور سے بھی سکون سے رہنے نہیں دیتے تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا سَلَامُ

ہر فرض نماز کے بعد اکیس ۲۱ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام دن شیطانی اثرات اور وساوس سے محفوظ رہے گا اور تمام دن سکون اور ذہنی خوشی میں گذرے گا۔

رزق کی تنگی دور کرنا

جو شخص تنگدست ہو اور غریب اور محتاج ہونے کے سبب اکثر مقروض رہتا ہو اور زندگی پریشانی میں گذر رہی ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا عَزِیْزُ

کو ایک سو ایک بار پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔ استغفار کی کثرت کرے۔ نماز کی پابندی کرے اور اپنے چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے اور گناہوں سے توبہ کرے اور آئندہ نہ کرنے کا عزم و ارادہ کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رزق میں برکت اور ترقی ہوگی اور اگر قرضہ ہے وہ بھی دور ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

آدمی ظالم اور دشمن قسم کے لوگوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔
اسم الٰہی

یَا مُحْصِیُ

ایک سو بار باوضو بعد نماز عصر پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ آدمی ہر قسم کے ظالم اور دشمن کے شر سے بچا رہتا ہے وہ اس کو کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ یہ عمل روزانہ پابندی سے اس وقت تک کرتا رہے جب تک کہ دشمن کی طرف سے شر کا خوف ہے ورنہ کم از کم چالیس دن یہ عمل کرے۔

شیطانی وسوسوں سے حفاظت

اگر کوئی شخص شیطانی وساوس سے پریشان ہو اور شیطانی خیالات اس کو کسی طور سے بھی سکون سے رہنے نہیں دیتے تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا سَلَامُ

ہر فرض نماز کے بعد اکیس ۲۱ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام دن شیطانی اثرات اور وساوس سے محفوظ رہے گا اور تمام دن سکون اور ذہنی خوشی میں گزرے گا۔

رزق کی تنگی دور کرنا

جو شخص تنگدست ہو اور غریب اور محتاج ہونے کے سبب اکثر مقروض رہتا ہو اور زندگی پریشانی میں گذر رہی ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا عَزِیْزُ

کو ایک سو ایک بار پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔ استغفار کی کثرت کرے۔ نماز کی پابندی کرے اور اپنے چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے اور گناہوں سے توبہ کرے اور آئندہ نہ کرنے کا عزم و ارادہ کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رزق میں برکت اور ترقی ہوگی اور اگر قرضہ ہے وہ بھی دور ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

دشمن کے نقصان پہنچانے سے حفاظت

اگر کسی شخص کو ڈر ہو کہ اس کا دشمن اسے بڑا نقصان پہنچادے گا تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے پاک مصلے پر بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا جَبَّارُ

ایک سو اکیس (۱۲۱) بار پڑھے اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن کے نقصان پہنچانے کا خطرہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دشمن ناکام ہو کر اپنی حرکتوں سے باز آجائے گا۔

غلط وسوسے اور گندے خیالات سے نجات

اگر کوئی شخص وسوسوں اور گندے گندے خیالات میں مبتلا ہو۔ اس کو ہر وقت بے ہودہ اور گندے خیالات آتے رہتے ہوں جس کے سبب وہ پریشان اور غائب دماغ رہتا ہو۔ اس کا کسی کام میں دل نہ لگتا ہو اور نہ وہ کوئی کام پوری توجہ سے کر سکتا ہو۔ ہر وقت بے چین اور مدہوش رہتا ہو۔ اس کے لئے سب سے پہلا کام یہ ہے کہ پابندی کے ساتھ نماز باجماعت ادا کرے۔ اس کے بعد ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کرے۔ جب وضو ٹوٹ جائے فوراً وضو کرلے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو بار

اسم الٰہی

یَا قُدُّوْسُ

پابندی کے ساتھ پڑھے اور فجر اور عشاء کی نماز کے بعد یہ عمل کر کے پانی پر دم کر کے پانی پی لے اور تمام بدن پر سر سے پاؤں تک ہاتھ پھیر لے۔ وہ عمل یہ ہے۔

اول سات مرتبہ درود شریف، الحمد شریف پوری سورت تین مرتبہ۔ آیۃ الکرسی تین مرتبہ۔ چاروں قل تین تین مرتبہ۔ آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دل کام یا پڑھنے میں لگے گا برے خیالات آنا بند ہو جائیں گے اور حالت سدھر جائے گی۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

الحمد شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ
وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ
ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ
اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ
مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ
الْعَظِيْمُ ۝

قل یاایھا الکفرون یہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

قل ھو اللہ احد یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۝

وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

قل اعوذ برب الفلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

قل اعوذ برب الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ
النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

ہر قسم کی آفات اور ظالموں کے ظلم سے نجات

اگر کوئی شخص پے در پے آفات کا شکار ہوتا ہو اور ظالم لوگ اسے ظلم کا نشانہ بناتے ہوں تو ان تمام آفات و ظلم سے نجات کے لئے بعد نماز عشاء ایک سو چھتیس (۱۳۶) بار اسم الٰہی

یَا مُؤْمِنُ

پڑھے یہ عمل چالیس دن پابندی کے ساتھ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی آفات سے نجات حاصل ہوگی اور آئندہ ظلم اور آفات سے حفاظت رہے گی۔

صاحبِ اولاد ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص بے اولاد ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ اسمِ الٰہی

یَا خَالِقُ

پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک حمل قائم نہ ہو جائے۔ جب حمل قائم ہو جائے عمل ترک کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہو گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

حاملہ عورت کے بآسانی اولاد پیدا ہونا

اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور ڈرتی ہو کہ حمل کے دوران یا بچہ کی پیدائش کے وقت کوئی بحران پیدا نہ ہو اور آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو تو اس کے لئے حاملہ عورت خود یا کوئی دوسرا شخص روزانہ باوضو بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ مغرب اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں اکتالیس مرتبہ اسم الٰہی

یَا مُصَوِّرُ

پڑھے اور پانی پر دم کر کے حاملہ عورت وہ پانی پی لے۔ یہ عمل بچہ ہونے تک برابر کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل کے دوران عورت کو کوئی تکلیف نہ ہو گی اور حمل قائم رہے گا اور بچہ بھی آسانی کے ساتھ پیدا ہو گا نیز بچہ صحیح و سالم ہو گا اس میں کوئی عیب نہ ہو گا۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

بانجھ عورت کا بانجھ پن ختم

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد کے نہ ہونے سے پریشان ہو اور اس کی بڑی تمنا ہو کہ اس کے بھی بچہ پیدا ہو جائے تو بانجھ پن کو ختم کرنے کے لئے پانچ وقت کی نماز پابندی کے ساتھ ادا کیا کرے اس میں سستی کاہلی نہ کرے اور ہر وقت کوشش کرے کہ باوضو رہے اگر وضو ٹوٹ جائے دوبارہ وضو کر لے۔ اور ہر نماز کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اکتالیس مرتبہ

یَا بَارِیُ الْمُصَوِّرُ

پڑھے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل حمل قائم ہونے تک کرے انشاء اللہ تعالیٰ پانچ پن ختم ہو کر اولاد ہو گی۔

درود شریف یہ ہے :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ہر قسم کی بے چینی اور پریشانی کا خاتمہ

اگر کوئی شخص کسی قسم کی بے چینی محسوس کرتا ہے اور پریشان رہتا ہے تو اس کے لئے باوضو عشاء کی نماز کے بعد ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ اسم الٰہی

یَا قَھَّارُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے جلد ہی اس کی بے چینی ختم ہو جائے گی اور ہر قسم کی پریشانی دور ہو جائے گی عمل شرط ہے۔ جب تک بے چینی ختم نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔

ملازمت میں ترقی کے لئے

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اپنے شعبے میں ملازمت کے دوران اونچے سے اونچے منصب پر فائز ہو جائے اور اس کی ترقی میں کوئی رکاوٹ نہ بنے بلکہ وہ تیزی سے ترقی کی منزلیں طے کرتا جائے تو اس کے لئے بعد نمازِ فجر کسی سے بات نہ کرے اور نمازِ اشراق تک اپنی جگہ بیٹھ کر اسمِ الٰہی

یَا رَزَّاقُ

پڑھے اور سورج نکلنے تک باقاعدہ پڑھتا رہے۔ درمیان میں اپنی جگہ سے نہ اٹھے اور نہ کسی سے بات کرے اس اسمِ الٰہی کے ذکر میں مشغول رہے۔ اور یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے اثرات قدم قدم پر اس کی زندگی میں ظاہر ہوتے رہیں گے۔ اور وہ بآسانی ترقی کرتے کرتے اعلیٰ منصب پر پہنچ جائے گا۔

دشمن کے حملہ سے بچاؤ کے لئے

اگر کسی جگہ مسلمانوں کو دشمن کے حملے کا خطرہ ہے اور سمت معلوم ہے کہ حملہ اس طرف سے ہوگا اور دشمن اس طرف سے آئے گا تو اس کے لئے باوضو یہ آیت ستر مرتبہ پڑھ کر ایک مٹھی ریت (مٹی) پر دم کر کے دشمن کے آنے والے راستے کی طرف پھینک دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پلٹ کر واپس چلا جائے گا اور اس کا قدم کسی صورت میں بھی آگے کی طرف نہیں اٹھے گا اور اس کے دل پر رعب غالب آجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے :

سَیُھْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ○

حضور اکرم خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں دیدار

ہر مسلمان کے دل میں تڑپ ہوتی ہے کہ وہ حضور اکرم خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرے۔ اس کا طریقہ یہی ہے کہ خواب میں زیارت ہونے کے بہت سے طریقے علماء کرام اور صوفیاء عظام نے اپنے اپنے تجربات کی روشنی میں بیان کئے ہیں۔ ان میں ایک

طریقہ یہ ہے کہ جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے۔ اس میں دو رکعت نماز نفل بعد نمازِ عشاء پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پینتیس (۳۵) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نماز کے بعد ایک ہزار بار یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے کہ اے اللہ تعالیٰ اپنی رحمتِ خاص سے مجھے حضرت محمد مصطفےٰ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کرا دے۔ اس کے بعد پاک بستر پر قبلہ رُخ باوضو سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ جمعہ آنے سے قبل خواب میں زیارت نصیب ہو جائے گی۔ اگر ایک مرتبہ کے عمل سے زیارت نہ ہو تو تین بار (تین جمعہ کی رات) عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہو جائے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے:

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

میاں بیوی میں محبت و اتفاق

اگر میاں بیوی میں آپس میں نا اتفاقی رہتی ہو اور ایک دوسرے سے کٹے کٹے رہتے ہوں ایسی صورت میں عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار

یَا حَنَّانُ یَا حَلِیْمُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی تعلقات خوشگوار ہو جائیں گے اگر بیوی شوہر سے الگ الگ رہتی ہو تو شوہر یہ عمل کرے اور شوہر بیوی سے میل جول میں کمی کرتا ہے تو بیوی پڑھے۔ جب تک تعلقات صحیح قائم نہ ہو جائیں اس وقت تک برابر عمل کرنا ہے۔

لوگوں کے دلوں میں عزت قائم ہونا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں، لوگوں کے دل میں اس کی عظمت اور بزرگی اور فضیلت کا نقش بیٹھ جائے تو اس کے لئے اول شبِ جمعہ (جمعرات کا دن گذرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ شبِ جمعہ یعنی جمعہ کے دن سے پہلے آنے والی رات) میں یہ کلمات تین سو مرتبہ پاک مصلّے پر باوضو بیٹھ کر پڑھیں۔ اس کے بعد روزانہ اکتیس مرتبہ پڑھا کرے۔ یہ عمل ہمیشہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی لوگوں میں مقبولیت پیدا ہو جائے گی اور لوگ احترام سے پیش آئیں گے اور سب لوگ عزت کریں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

یَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَلَا زَوَالَ لِمُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ۔

گمشدہ اور غائب شخص کے لئے

اگر خدانخواستہ گھر کا کوئی فرد روٹھ کر، ناراض ہو کر غصّے سے گھر سے کہیں چلا جائے اور اس کا پتہ نہ ملتا ہو اس کے لئے یہ کلمات تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ باوضو پڑھے۔ جب تک غائب واپس نہ آجائے برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غائب شدہ آدمی آجائے گا۔ البتہ اگر دور گیا ہے تو چند دن اور لگ سکتے ہیں۔ وہ کلمات یہ ہیں:

یَا حَلِیْمُ ذَا الْاَنَاۃِ فَلَا یُعَادِلُهٗ شَیْءٌ مِّنْ خَلْقِهٖ

دشمن کی ناکامی کے لئے

اگر دشمن، چور، ڈاکو، لٹیرے کے حملے کا ڈر ہو اور اس کے حملے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس طرف منہ کر کے پھونک ماردیں انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حملہ ناکام رہے گا اور وہ واپس لوٹ جائے گا اور کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ

غصّہ اور اشتعال دور کرنے کے لئے

اگر کوئی سخت غصہ میں اور اس کے اندر بہت زیادہ اشتعال پیدا ہو گیا ہو تو اس غصے اور اشتعال کو ختم کرنے کیلئے وہ خود یا کوئی شخص اس آیت کو تین یا سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس شخص کو پلائے یا اس کے منہ پر چھینٹے مارے یا اس کی طرف منہ کر کے پھونک ماردے۔ اور خود عمل کرتا ہے تو خود پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی پی لے یا پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غصہ اور اشتعال فوراً ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

دشمن کے نقصان پہنچانے سے حفاظت

اگر کسی شخص کو خطرہ ہے کہ اس کے دشمن اسے نقصان پہنچا دیں گے

اور کسی بڑی پریشانی میں مبتلا کر دیں گے تو دشمن کے شر اور فتنہ سے بچنے کے لئے یہ اسمِ الٰہی

یَا قَابِضُ

باوضو بعد نمازِ عشاء ایک سو بار پابندی سے پڑھا کرے جب تک دشمن کے حملے یا اس کی شرارت کا ڈر ہے برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اپنے ارادے میں ناکام رہے گا اور کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

امتحان کا پرچہ اچھا ہونے اور کمرۂ امتحان میں گھبراہٹ نہ ہونے کے لئے

اگر کوئی طالب علم گھبراہٹ کا شکار ہے یا دل و دماغ کا کمزور ہے اور امتحان کا نام سُن کر اس کا دل دھڑکنے لگتا ہے نبض تیز چلنے لگتی ہے۔ دل کی گھبراہٹ دور ہونے اور امتحان کا پرچہ اچھا ہونے کے لئے اور کمرۂ امتحان میں سکون کے ساتھ امتحان دینے کے لئے یہ عمل بہت کامیاب ہے اس عمل کی وجہ سے گھبراہٹ بالکل نہیں ہوتی اور کمرۂ امتحان میں سکون قلب قائم رہتا ہے اور پرچہ بھی اچھا اور عمدہ ہوتا ہے دماغ پوری طرح کام کرتا ہے۔ عمل یہ ہے اور بالکل آسان ہے۔ جب طالب علم گھر سے چلے تو اسم الٰہی

یَا عَلِیْمُ

کا ورد کرنا شروع کر دے اور پورے راستے "یَا عَلِیْمُ" پڑھتا رہے

اس کے بعد جب کمرۂ امتحان میں بیٹھے برابر پڑھتا رہے۔ پرچہ امتحان ملنے کے بعد پرچہ کو میز پر الٹا رکھ دے اور دس مرتبہ

یَا عَلِیْمُ

پڑھے اور پرچہ پڑھنا شروع کر دے۔ جو سوال آسان معلوم ہو اس کو پہلے حل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پڑھا ہوا یاد آتا رہے گا اور پرچہ بآسانی حل ہوتا جائے گا۔

بھولنے کی عادت ختم اور حافظہ تیز

اگر کسی شخص کا حافظہ کمزور ہو گیا ہو اور ذرا ذرا سی بات بھول جاتا ہو اور حافظہ بیکار ہو گیا ہو تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا فَتَّاحُ

بعد نماز فجر باوضو پاک جگہ بیٹھ کر ننانوے (۹۹) مرتبہ پڑھے اور پڑھ کر اپنے سینے پر پھونک مار لے تو انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہو جائے گا اور بھول کا مرض ختم ہو گا۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک پورا پورا فائدہ نہ ہو۔

ہر مشکل آسان ہونے کے لئے

اگر کوئی سخت مشکل پیش آ گئی ہو اور اس کا حل ہونا مشکل دکھائی دیتا ہو تو اس کے لئے باوضو اسم الٰہی

یَا فَتَّاحُ

چار سو نواسی (۴۸۹) مرتبہ باوضو بعد نماز عشاء پاک مصلے پر بیٹھ کر پڑھے اور اس وقت تک پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے جب تک مشکل حل نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل کے حل ہونے کے غیب سے سامان پیدا ہوں گے اور مشکل جلد حل ہو جائے گی۔

ہر کام میں کامیابی کا عمل

اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم ہے یا مقرر اور خطیب ہے یا کسی اور پیشے سے تعلق رکھتا ہے لیکن کامیاب نہیں ہے نہ اسے مرکزیت حاصل ہے اور نہ اس کا کام ترقی کرتا ہے۔ اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا فَتَّاحُ

ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے مقبولیت میں اضافہ ہو گا اور کامیابی کے حساب سے اس کا شمار اونچے لوگوں میں ہو گا۔ اگر حکیم ڈاکٹر ہے تو مریض بہت آئیں گے۔ مقرر ہے تو لوگ زیادہ سے زیادہ تقریر سننے آئیں گے یا اور کوئی پیشہ ہے اس میں بھی ہر وقت لوگوں کی بھیڑ لگی رہے گی۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ کرے۔ چھٹی ناغہ نہ کرے۔

✕

دشمن کے فتنہ کا خاتمہ

اگر دشمن زبردست طاقت کا مالک ہو، اس کے وسائل اور اثرات دور دور تک ہوں اور اس سے مقابلہ کرنا خطرناک ہو لیکن خدانخواستہ اگر ایسا وقت آجائے مقابلہ کرنا ہی پڑ جائے تو اس کے لئے تین روزے رکھے. چوتھے روز ایک جگہ تنہائی میں بیٹھ کر دشمن کے تصور کے ساتھ باوضو بعد نماز عشاء گیارہ سو (۱۱۰۰) بار

یَا خَافِضُ

پڑھے. اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن جھک نہ جائے اور اپنی حرکتیں نہ چھوڑ دے - یہ عمل بہت مؤثر ہے.

دلی مراد پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص دل میں کوئی تمنا رکھتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کی تمنا ضرور پوری ہو اور اس کی دلی مراد ضرور پوری ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ پاک مصلّہ پر بیٹھ کر ایک سو اکیس (۱۲۱) بار اسم الٰہی

یَا مُعِزُّ

کو پڑھے. اور دلی مراد پوری ہونے تک برابر یہ عمل جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دلی مراد پوری ہو گی.

دعا کی قبولیت کے لئے

بعض مرتبہ انسان چاہتا ہے کہ اس کی دُعا جلد قبول ہو اور اس کا مقصد جلد از جلد پورا ہو لیکن دعا کی قبولیت میں دیر لگتی ہے پریشانی بڑھتی جاتی ہے. لہٰذا دعا کے جلد پورا ہونے کے لئے بعد نماز عشاء روزانہ باوضو پاک مصلّے پر بیٹھ کر قبلہ رُخ ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھے. جب تک دعا قبول نہ ہو پڑھ کر دعا کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دعا جلد از جلد قبول ہو گی اور تمام پریشانی دور ہو جائے گی. وہ اسم الٰہی

یَا سَمِیْعُ

ہے جب بھی ضرورت پیش آئے اس عمل کو کر لیا کرے.

روزی میں برکت اور ہر قسم کا دکھ دور

اگر کوئی شخص روزی کی کمی کی وجہ سے پریشان ہو اور اس کو طرح طرح کے دکھ اور قسم قسم کی تکالیف سے واسطہ پڑتا رہتا ہو تو اس کے لئے باوضو تین سو دو (۳۰۲) بار اسمِ الٰہی

یَا بَصِیْرُ

پڑھا کرے یہ عمل عشاء کی نماز کے بعد کرے تو بہتر ہے. پڑھتے وقت باوضو ہونے کے ساتھ ساتھ لباس اور مصلّہ اور جگہ بھی پاک ہوں. پڑھتے وقت قبلہ کی طرف منہ ہو

اور پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھے۔ اور جب تک مالی حالت بہتر نہ ہو جائے برابر پڑھتا رہے۔ ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت اور اضافہ ہو گا اور ہر قسم کا دکھ اور ہر قسم کی تکلیف دور ہو جائے گی۔

گھر سے جنات کا عمل دخل ختم

اگر کسی مکان میں جن کا بسیرا ہو اور وہ وہاں رہتا ہو اور اہل خانہ کو ڈراتا ہو یا انہیں پریشان کرتا ہو۔ برتن پھینک دینا۔ گھر کی چیزیں ایک جگہ سے دوری جگہ رکھ دینا یا رات کو اندھیرے میں جسم پر بوجھ ڈال دینا۔ ہیولے کی شکل میں نظر آنا یا بچوں کو گرا دینا۔ ان پر آجانا اور بچوں کو دورہ پڑنا۔ یا سوتے میں چارپائی الٹ دینا اس کے لئے روزانہ بعد نماز عشاء یا کسی بھی نماز کے بعد بلند آواز سے سورۃ البقرہ اور سورۃ الجن مکان میں ایسی جگہ پڑھی جائے جہاں سے آواز مکان کے ہر کمرے میں سنائی دے اور ایک نیا مٹکا خرید کر دھو کر پانی سے بھر کر رکھ لیں اور دونوں سورتیں پڑھ کر اس پانی کے مٹکے پر دم کریں اسی طرح مکان کے ہر ہر کونے میں دم کریں اسٹور اور باورچی خانہ میں بھی دم کریں البتہ غسل خانے اور پاخانے میں دم نہ کریں نہ ان میں پڑھا ہوا پانی چھڑکیں۔ پڑھا ہوا پانی سب گھر والے چار وقت پئیں اور چار ہی وقت وہ پانی

مکان کے ہر ہر کمرے کے کونے میں ہلکا ہلکا چھڑکیں۔ پانی پینے اور چھڑکنے کے چار وقت یہ ہیں:

۱۔ صبح سورج نکلنے کے بعد اور ناشتہ سے پہلے
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء رات کو سونے سے پہلے

انشاء اللہ تعالیٰ اس گھر سے جن چلے جائیں گے اور بچوں کو دورہ پڑنا بھی بند ہو جائے گا۔

سورۃ البقرہ پ ۱ میں ہے اور سورۃ الجن پارہ ۲۹ میں ہے وہاں سے دیکھ کر پڑھ لی جائے یا کسی حافظ قرآن سے پڑھوا لی جائے۔

معزول شخص کا دوبارہ عہدہ پر بحال ہونا

اگر کوئی شخص اپنے عہدہ سے معزول کر دیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ دوبارہ اسی عہدہ پر بحال ہو جائے تو اس کے لئے سات دن مسلسل روزے رکھے درمیان میں ناغہ نہ کرے اور روزانہ بعد نماز فجر ایک ہزار (۱۰۰۰) بار اسم الٰہی

یَا کَبِیْرُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اپنے عہدے پر بحال ہو جائے گا۔ جب تک بحال نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

—

بچے کی ضد کی عادت چھڑانا

اگر بچہ ضد کرنے کا عادی ہو اور بات بات پر ضد کرتا ہو تو اس کے لئے اسمِ الٰہی

یَا مُقِیْتُ

سات مرتبہ پڑھ کر خالی گلاس یا کٹورے یا پیالے پہ دم کرے اور پھر اس میں اتنا پانی بھرے کہ بچہ تمام پانی آسانی کے ساتھ پی لے۔ یہ عمل صبح کے وقت کرے اور سات دن برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بچہ ضد کرنا چھوڑ دے گا۔

سامان کے گم ہونے یا چوری ہونے سے حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر جا رہا ہے یا کسی دوسری جگہ سامان بھیج رہا ہے تو اس کو گم ہونے یا چوری ہونے سے بچانے کے لئے اسمِ الٰہی

یَا حَفِیْظُ

اس سامان پر تین جگہ لکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام سامان بحفاظت رہے گا نہ چوری ہو گا نہ گم ہو گا۔

لوگ عزت کریں اور اچھا برتاؤ کریں

اگر معاشرہ میں کسی آدمی کو عزت کا مقام حاصل

نہیں ہے اور لوگ اس کے ساتھ اچھا سلوک بھی نہیں کرتے ہیں اور وہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں اس کے ساتھ اچھے برتاؤ کے ساتھ پیش آئیں اور معاشرہ میں اس کو عزت و توقیر کا مقام حاصل ہو تو بعد نماز عشاء پاک مصلے پہ قبلہ رُخ بیٹھ کر پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اسمِ الٰہی

یَا کَرِیْمُ

پابندی کے ساتھ روزانہ پڑھا کرے۔ اگر یہ عمل بعد نماز عشاء نہ ہو سکے تو جس وقت فرصت ہو کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لوگ احترام و عزت کا برتاؤ کریں گے اور اس کی ہر اچھی بات کو اہمیت دیں گے۔

میاں بیوی کا لڑائی جھگڑا ختم کرنا

اگر میاں بیوی میں آپس میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں تو اس کے لئے اسمِ الٰہی

یَا جَلِیْلُ

ایک سو ایک (۱۰۱) بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دونوں کو پانی پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جھگڑا ختم ہو گا اور باہمی محبت پیدا ہو جائے گی۔

ہر غم دور، ہر مشکل حل

اگر کوئی شخص کسی پریشانی میں گرفتار ہو گیا ہو یا کوئی غم اس سے چمٹ گیا ہو جو دور نہ ہوتا ہو یا کوئی ایسی مشکل سامنے آگئی ہو جس کا حل ہونا ضروری ہے ورنہ مال کا یا جان کا بڑا نقصان ہو گا۔ ان سب مسائل سے آزاد ہونے کے لئے اسمِ الٰہی

یَا رَشِیْدُ

باوضو بعد نماز عشاء تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ پڑھے جگہ اور مصلّٰہ پاک ہو، اس اسمِ الٰہی کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک غم دور نہ ہو یا وہ مشکل حل نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مشکلات دور ہو جائیں گی اور غم و فکر دور ہو گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

افسر، حاکم یا شوہر ناراض کا خوش ہو جانا

اگر کسی شخص کا افسر، حاکم یا عہدیدار ناراض ہو جائے۔ یا کسی عورت کا شوہر بدمزاج اور بدزبان ہو اور مار پیٹ کرتا ہو تو رات کو بارہ بجے کے بعد بیدار ہو کر وضو کرے اور اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد اسمِ الٰہی

یَا صَبُوْرُ

ایک ہزار ایک سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر حاکم یا شوہر کے خوش اور درست رویہ اپنانے کے لئے دعا کرے۔ یہ عمل اس وقت تک برابر کرتا رہے جب تک افسر یا شوہر خوش نہ ہو جائے۔ خوش ہو جانے کے بعد عمل چھوڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی حاکم یا افسر خوش ہو جائے گا۔ شوہر بدزبانی، مار پیٹ اور بدتمیزی سے باز آجائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

روزی اور خوشحالی کے لئے

اگر کوئی شخص تنگدست، غریب، بے روزگار، پریشان حال ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی روزی فراخ ہو جائے اور اس کی آمدنی بڑھ جائے تو اس کے لئے بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد باوضو چھ سو پانچ (۶۰۵) مرتبہ اسم الٰہی

یَا وَارِثُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرے اور اپنے رزق میں برکت اور آمدنی میں زیادتی بارگاہ ربّ العزّت سے طلب کرے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک آمدنی میں اچھا خاصا اضافہ نہ ہو جائے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

کسی سے زمین، جائیداد، مال وغیرہ چھینا ہوا واپس ملنا

اگر خدانخواستہ کسی کی زمین کسی نے چھین لی ہو یا اس کی جائیداد پر ناجائز قبضہ کر لیا ہو یا کسی نے زبردستی مال چھین لیا ہو یا قرض لے کر کھا گیا ہو لیکن واپس کرنا نہیں چاہتا۔ اس کے لئے بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء باوضو پاک جگہ اور مصلّے پر بیٹھ کر قبلہ رخ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ سو بار اسم الٰہی

یَا بَدِیْعُ

پڑھے۔ اس کے بعد آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک اپنا حق نہ مل جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پابندی کے ساتھ مسلسل عمل کرنے سے ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ مجرب عمل ہے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

زندگی کی جملہ پریشانیاں ختم اور زندگی امن وسکون کے ساتھ

اگر کسی شخص کی زندگی پریشانی اور مصیبت میں گذر رہی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کی زندگی کی تمام پریشانیاں ختم ہو جائیں اور ہر قسم کی مصیبت دور ہو جائے تو اس کے لئے بعد نماز فجر سورج نکلنے سے پہلے پہلے باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) بار اسم الٰہی

یَا بَاقِیُ

پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے تمام گھریلو اور بیرونی پریشانیوں کے خاتمہ کی دعا کرے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک پریشانیوں کا خاتمہ نہیں ہو جاتا اور گھر اور باہر امن وسکون کی زندگی حاصل نہیں ہو جاتی۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام پریشانیوں سے نجات حاصل ہو گی اور زندگی امن وسکون سے گذرنے لگے گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

کنواری لڑکی کی شادی کے لئے

اگر کسی شخص کی لڑکی جوان اور شادی کی عمر کو پہنچ گئی ہو لیکن شادی نہیں ہوتی اول تو رشتہ ہی نہیں آتا اگر آتا ہے تو پلٹ کر جواب نہیں ملتا۔ یا جواب آتا ہے تو بات آگے نہیں بڑھتی۔ مطلب یہ ہے کہ شادی میں قسم قسم کی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مقبول اور زود اثر ہے باوضو بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ اسم الٰہی

یَا مُغْنِیُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ہر قسم کی رکاوٹ دور ہونے اور اچھے سے اچھا رشتہ ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بہترین جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

یہ عمل جمعرات کو شروع کرے اور اتوار کے دن ختم کرے۔ گیارہ دن عمل کرنا ہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

گناہوں سے نجات بُرے کاموں سے بچاؤ

اگر کوئی آدمی گناہوں میں مبتلا ہو یا برے کاموں میں پھنسا ہو، وہ چاہتا ہو کہ اس سے گناہ اور بُرائی کے کام چھوٹ جائیں اور اس کی زندگی پاکیزہ اور تقوے والی بن جائے۔ اس کے لئے نماز پنجگانہ باجماعت ادا کرنا شروع کردے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو بار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

پڑھا کرے۔ ایک سو بار ہر نماز کے بعد کلمۂ طیبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

پڑھا کرے۔

بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف اس کے بعد اسمِ الٰہی

یَا بَرُّ

ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر گناہوں سے چھٹکارہ اور نیک زندگی

گزارنے کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی سب گناہ چھوٹ جائیں گے اور نیک انسان بن جائیں گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

دشمن کا مقابلہ ہو جائے یا دشمنوں کے درمیان پھنس جائے

اگر کوئی شخص دشمنوں کے نرغے میں پھنس جائے یا کسی دشمن گروہ سے واسطہ پڑ جائے اور چھپنے یا بھاگنے کا موقع نہ ہو تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا مُقَدِّمُ

پڑھنا شروع کردے۔ اور بکثرت پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن حملہ نہ کرسکیں گے اور بخیر و سلامتی وہاں سے نکل جائے گا۔

اولاد نرینہ کے لئے

اگر کوئی شخص اولاد نرینہ سے محروم ہو اور چاہتا ہو

کہ اس کے یہاں بھی لڑکا پیدا ہو جو اس کی جائیداد کا وارث بنے تو اس کے لئے بعد نماز عشاء پابندی کے ساتھ باوضو قبلہ رُخ پاک مصلے پر بیٹھ کر پانچ سو بار اسم الٰہی

یَا اَوَّلُ

بلا ناغہ پڑھا کرے۔ جب حمل ٹھہر جائے تو روزانہ ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی بیوی کو پلایا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہو گا اور نیک سیرت اور اچھی صورت کا ہو گا۔

دشمن کو ناکام اور ذلیل کرنا

اگر کسی کا دشمن طاقتور، اثر و رسوخ والا اور شر پسند ہو، طرح طرح سے دشمنی کے نئے نئے طریقے نکالتا ہو اور ستانے اور تنگ کرنے میں بہت آگے چلا جاتا ہو، ایسے فرعون صفت دشمن کو ناکام بنانے اور اسے ذلیل و رُسوا کرنے کے لئے بعد نماز عشاء اول دو رکعت نماز نفل ادا کرے اس کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور پانچ سو مرتبہ اسمِ الٰہی

یَا قَادِرُ

پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن سرنگوں نہ ہو جائے اور تمام اہل محلہ اسے ذلیل نہ کر دیں۔ یہ عمل پابندی کے ساتھ کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

فرور کامیابی ہو گی۔

ہر مشکل حل ہونا، بے بسی دور ہونا، باہمت بننا

انسانی زندگی میں بعض مرتبہ ایسے بھی مواقع آتے ہیں جب انسان ہر طرح سے بے بس ہو جاتا ہے۔ اور ہمت جواب دے جاتی ہے۔ اس موقع پر ہمت نہیں ہارنا چاہیئے اور اللہ تعالیٰ سے لو لگانا اور اسے راضی کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ وہ ہر مشکل حل کرنے والا، کام بنانے والا، رحیم و کریم رب ہے وہ ہر ایک کی دعا سنتا اور قبول کرتا ہے۔ ایسے موقع پر سب سے پہلے اگر نماز کی پابندی نہیں ہے تو پابندی کرے اور باجماعت نماز ادا کرے۔ دوسرے استغفار کی کثرت کرے۔ کلمہ طیبہ بھی ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھا کرے۔

کلمہ طیبہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

استغفار یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

اور بعد نماز عشاء یا بعد نماز فجر اسم الٰہی

یَا مُقْتَدِرُ

کو پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھا کرے جب تک پریشانی

قائم رہے، مشکل حل نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی مشکل حل ہو جائے گی، بے بسی اور پریشانی ختم ہو جائے گی اور ہمت بندھ جائے گی اور زندگی میں انقلاب پیدا ہو جائے گا۔ عمل کرنے میں پابندی کرے کسی صورت میں بھی سستی، کاہلی سے عمل کی پابندی کو نہ چھوڑے۔

ہر قسم کے جانی و مالی نقصان سے حفاظت

جو شخص دشمنوں اور حاسدوں کے ماحول میں زندگی گذار رہا ہو اس کو ہر وقت ہوشیار اور چوکنا رہنے کی ضرورت ہے نہ معلوم کس وقت حاسد لوگ کوئی نقصان پہنچا دیں اور دشمن اپنا وار کر دے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ انسان اپنا بچاؤ کرے اور ہر وقت ہوشیار اور چوکنا رہے۔ ورنہ خطرہ ہے کہ کسی بڑے نقصان سے دوچار ہو جائے۔ اس کے لئے روزانہ ہر نماز کے بعد اسم الٰہی

یَا حَیُّ

ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھا کرے یا بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء پانچ سو ایک (۵۰۱) بار ایک ساتھ پڑھ لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ حاسد اور دشمن کا ہر وار خالی جائے گا اور ان کو قدم قدم پر ناکامی ہو گی۔

شادی کے لئے

اگر کوئی شخص کنوارہ ہو یا کوئی لڑکی کنواری ہو اور رشتہ نہ آتا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ جلد از جلد رشتہ آجائے تو اس کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے بہت جلد شادی ہو جاتی ہے۔ عمل یہ ہے۔

تین روزے مسلسل رکھے اور نماز کی پابندی کرے۔ رات کو سوتے وقت اکیس ۲۱ بار یہ آیات باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر پڑھے۔ اور اللہ تعالیٰ سے رشتہ کسی شریف اور نیک خاتون سے ہونے کی خوب گڑگڑا کر دعا کرے۔ اگر ایک ماہ میں کام ہو جائے بہت اچھا ورنہ یہ عمل ہر ماہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد رشتہ ہو جائے گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

وَالَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ۝ اُولٰٓئِكَ یُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَیُلَقَّوْنَ فِیْهَا تَحِیَّةً وَّسَلٰمًا ۝ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

ہر قسم کا ڈر خوف دور کرنا

اگر کسی شخص کو ہر وقت ڈر خوف لگا رہتا ہو۔ رات کے

اندھیرے میں اکیلے کمرے میں، سنسان راستے میں، جنگل بیابان میں یا ویران راستے پر ڈر خوف لگتا ہو تو اس کے لئے یہ کلمات باوضو ایک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے مرد ہے تو سیدھے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا ڈر خوف دل سے نکل جائے گا اور زندگی آرام سے گذرے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ اَشْھَدُ وَاَعْلَمُ وَاَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ط وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

دفع دشمن کے لئے

اگر کوئی ایسا موقع آجائے کہ دشمن چاروں طرف موجود ہو اور آدمی تنہا ہو یا دشمن سے آمنے سامنے لڑائی شروع ہو چکی ہو تو یہ آیت پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب اور خوف زدہ ہو کر بھاگ جائے گا اور کبھی مقابلہ نہ کر سکے گا۔ اگر اسی آیت کو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے تب بھی دشمن مقابلے سے بھاگ جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝

یہود و نصاریٰ، کفار و مشرکین سے جنگ میں کامیابی کے لئے

اگر کسی وقت یہود و نصاریٰ، یا کفار و مشرکین سے جنگ پیش آجائے یا کہیں کسی شہر اور بستی میں مقابلہ پیش آجائے تو اس کے لئے لڑائی کی جگہ سے ایک مٹھی سوکھی پاک مٹی لے کر سات مرتبہ سورۃ الفیل پڑھے۔ ہر ایک مرتبہ پوری سورت پڑھنے کے بعد یہ کلمہ بھی کہے اِزْھِمِ الْبَاطِلَ اور وہ خاک (مٹی) دشمن کی طرف اور ان کے لشکر اور فوج کی طرف اچھال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی فوج شکست کھائے گی اور منہ پھیر کر بھاگ جائے گی اور بھاری نقصان اٹھائے گی۔ یہی سورت سات مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لے تاکہ دشمن سے مقابلہ کرنے میں باہمت بن جائے۔

سورۃ الفیل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ ۝ اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَھُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَیْھِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ۝ تَرْمِیْھِمْ بِحِجَارَۃٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ ۝ فَجَعَلَھُمْ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ ۝

دشمن کا مصیبت میں مبتلا ہونا

اگر کوئی دشمن اپنی شرارتوں سے باز نہ آتا ہو تو اس کے شر سے حفاظت اور دشمن کے مصیبت میں مبتلا ہونے کے لئے نماز مغرب کے بعد سورۃ فیل اور لایلٰف بلا بسم اللہ کے اکتالیس بار پڑھا کرے جب تک دشمن کا شر باقی رہے برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دشمن کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے گا۔

تنبیہ: بلا وجہ کسی کو نقصان پہنچانا یا مصیبت میں مبتلا کرنا بہت بڑا گناہ اور اپنی بربادی کا انتظام کرنا ہے لہذا اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کر کے کرے۔ ورنہ خود نقصان اٹھائے گا۔

سورۃ فیل یہ ہے۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

لڑکی یا لڑکے کے رشتہ کے لئے

اگر لڑکی جوان ہو یا لڑکا جوان ہو لیکن رشتہ نہیں آتا۔ اگر رشتہ آتا ہے تو مناسب نہیں ہوتا اس کے لئے روزانہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رشتہ کا انتظام ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے۔

دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء پڑھے اور اس کے بعد گیارہ سو بار (۱۱۰۰) بار اسم الٰہی

یَا لَطِیْفُ

پڑھے۔ اس کے بعد دعا کرے کہ اے رب میرے لئے اچھے سے اچھے رشتے کا انتظام فرما دے۔

یَالَطِیْفُ کے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔

یہ عمل چالیس دن مسلسل کرے ناغہ نہ کرے۔

تنبیہ: بعض مرتبہ بندش کی وجہ سے رشتہ نہیں ہوتا تو اس کے لئے روزانہ سورۃ یٰسٓ شریف (پ ۲۲) تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی پی لے۔ یہ عمل بھی چالیس دن مسلسل بلا ناغہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بندش کھل جائے گی اور اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

رزق میں ترقی اور ہر قسم کی محتاجی ختم

اگر کسی شخص کی آمدنی قلیل اور اخراجات بہت زیادہ ہوں ہر وقت رقم کے لئے ہاتھ پھیلاتا رہتا ہو اور طرح طرح سے ذلت اٹھاتا ہو اور قرضہ پر قرضہ چڑھتا جاتا ہے لیکن ادا نہیں ہوتا ہر وقت ہاتھ تنگ رہتا ہے روزی میں زیادتی اور آمدنی میں برکت کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر ہر روز بلاناغہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو اکیس (۱۲۱) بار اسم الٰہی

یَا لَطِیْفُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر رزق میں برکت آمدنی میں ترقی اور قرض سے جان چھوٹنے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی آمدنی میں اضافہ شروع ہو جائے گا یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرے اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دو مرتبہ

پڑھ لے۔

بعض مرتبہ کسی خاص گناہ یا اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مسلسل نافرمانی کے سبب بھی رزق بند ہو جاتا ہے لہذا گناہوں سے توبہ کرے نماز کی پابندی کرے خیر خیرات جو توفیق ہو کرتا رہے۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوق انسان اور جانور سب کے ساتھ رحم و شفقت کا معاملہ کرے کسی پر ظلم نہ کرے کسی کا مال ناجائز نہ کھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی برکت کے آثار ظاہر ہوں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

بُرے اور گندے خیالات سے نجات

اگر کسی شخص کو ہر وقت گندے اور بُرے بُرے خیالات آتے ہوں جس کے سبب وہ پریشان اور بے چین رہتا ہو اس کے لئے بعد نماز عشاء اول گیارہ

بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو بار اسم الٰہی

یَا خَبِیْرُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

یہ عمل روزانہ کرے اور کم از کم چالیس دن ضرور کرے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہر وقت خود کو کسی نہ کسی کام میں مصروف رکھے اگر پڑھنا جانتا ہے تو بزرگوں کے حالات زندگی کا روزانہ مطالعہ کرے۔ فضائل اعمال، حکایاتِ صحابہؓ کا مطالعہ کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ خیالات پاکیزہ ہو جائیں گے اگر پڑھنا نہیں جانتا تو روزانہ ایک سو بار کلمۂ طیبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

کو پڑھا کرے۔ اس کے لئے وقت اور وضو کی شرط نہیں جس وقت فرصت ہو پڑھ لیا کرے۔

اور تبلیغی گشت اور چلہ میں وقت لگائے اور روزانہ تعلیم میں بیٹھا کرے۔

کھیت اور باغ کی حفاظت

اگر کوئی شخص اپنی کھیتی اور باغ کے سلسلے میں پریشان رہتا ہو کھیت میں جنگلی جانور اور باغوں میں پرندے باغ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس کے لئے اسمِ الٰہی

یَا حَلِیْمُ

کو پانچ کاغذوں پر ایک ایک سو بار لکھے اور ہنڈیا (مٹی کی چھوٹی ہنڈیا) میں بند کر کے باغ یا کھیت کے چاروں کونوں پر چار ہنڈیا گہرائی میں دفن کر دے اور پانچویں ہنڈیا گہرائی میں کھیت یا باغ کے درمیان دفن کر دے انشاء اللہ تعالیٰ کھیت یا باغ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا اور فصل اور پھل خوب ہوں گے۔

مخلوق خدا کی نظر میں باعزت ہونا

اگر کوئی شخص تنگدست، نادار اور کم حیثیت اور عزت سے محروم ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور درمیان میں ایک سو ایک (۱۰۱) بار یہ اسم الٰہی

یَا عَظِیْمُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک چلہ عمل کرنے کی برکت سے آمدنی میں اضافہ ہو گا لوگ عزت و تکریم کے ساتھ برتاؤ کریں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

ہر قسم کا غم دور کام آسانی سے ہو جائے

اگر کسی شخص کا کوئی کام اٹک گیا ہو اس کے باعث غم میں مبتلا رہتا ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اور درمیان میں ایک سو بار یہ کلمات باوضو پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر پابندی کے ساتھ پڑھے یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک مشکل حل نہ ہو اور غم و فکر دور نہ ہو۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ
يَا قَدِيْمُ يَا قَيُّوْمُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

کوئی بھی حاجت پورا ہونا اور مراد بر آنا

اگر کوئی ایسی شدید حاجت پیش آگئی ہو جس کا جلد پورا ہونا ضروری ہو ورنہ بڑے نقصان کا اندیشہ پیدا ہونے کا خطرہ ہو اسمیں دیر لگنے سے بہت بڑی مصیبت پیش آسکتی ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ پاک مصلے پر بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے درمیان میں ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک کہ حاجت پوری نہ ہو اور مراد حاصل نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مراد پوری ہو گی۔

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

لاعلاج مرض سے صحت کے لئے

اگر خدانخواستہ کسی کو کوئی ایسا مرض لپٹ گیا ہو جس کا حکیم و ڈاکٹروں کو پتہ نہ چلتا ہو اور علاج اور دوا بھی اس کی معلوم نہ ہو اور وہ بیماری کی تکالیف سے بے چین اور پریشان ہو بلکہ تمام اہل خانہ اس کی انجانی بیماری سے شدید مایوسی کا شکار ہوں تو اس کے لئے گھر کا کوئی بھی فرد مرد یا عورت کوئی بھی بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار سورۃ کافرون (پ۳۰) پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور مریض پر بھی دم کرے یہ عمل تین دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو گا۔ اور علاج کی ضرورت نہ پڑے گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

سورۃ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۧ

نافرمان اولاد فرمانبردار بن جائے

اگر خدانخواستہ کسی کی اولاد نافرمان ہو اور بات بات پر نافرمانی کرتی ہو تو اس کے لئے روزانہ فجر کی نماز کے بعد باوضو ایک سو ایک (۱۰۱) بار اسم الٰہی

يَا شَهِيْدُ

پڑھے اور بچوں کے نیک اور فرمانبردار ہونے کی دعا کرے۔ ایک چلہ یہ عمل کرے۔ دوسری سب سے بنیادی بات یہ ہے کہ بچوں کو حلال رزق کھلائے، حرام کی روزی اور رشوت، چوری، ڈاکے کا مال کھلائے گا تو کتنے ہی وظیفے پڑھ لے اولاد کبھی فرمانبردار نہیں بن سکتی۔ لہٰذا اس سلسلے میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

برائے حاجت پورا ہونے کے

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت پیش آگئی ہو جس کا

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

لاعلاج مرض سے صحت کے لئے

اگر خدانخواستہ کسی کو کوئی ایسا مرض لپٹ گیا ہو جس کا حکیم و ڈاکٹروں کو پتہ نہ چلتا ہو اور علاج اور دوا بھی اس کی معلوم نہ ہو اور وہ بیماری کی تکالیف سے بے چین اور پریشان ہو بلکہ تمام اہل خانہ اس کی انجانی بیماری سے شدید مایوسی کا شکار ہوں تو اس کے لئے گھر کا کوئی بھی فرد مرد یا عورت کوئی بھی بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار سورۃ کافرون (پ۳۰) پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور مریض پر بھی دم کرے یہ عمل تین دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو گا۔ اور علاج کی ضرورت نہ پڑے گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

سورۃ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ہ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ہ
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ہ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدْتُّمْ ہ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ہ
لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ع ہ

نافرمان اولاد فرمانبردار بن جائے

اگر خدانخواستہ کسی کی اولاد نافرمان ہو اور بات بات پر نافرمانی کرتی ہو تو اس کے لئے روزانہ فجر کی نماز کے بعد باوضو ایک سو ایک (۱۰۱) بار اسم الٰہی

یَا شَھِیْدُ

پڑھے اور بچوں کے نیک اور فرمانبردار ہونے کی دعا کرے۔ ایک چلہ یہ عمل کرے۔ دوسری سب سے بنیادی بات یہ ہے کہ بچوں کو حلال رزق کھلائے، حرام کی روزی اور رشوت، چوری، ڈاکے کا مال کھلائے گا تو کتنے ہی وظیفے پڑھ لے اولاد کبھی فرمانبردار نہیں بن سکتی۔ لہٰذا اس سلسلے میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

برائے حاجت پورا ہونے کے

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت پیش آگئی ہو جس کا

پورا ہونا بہت ضروری ہو اور اس کے پورا نہ ہونے سے
بہت زیادہ نقصان کا اندیشہ ہو تو اس کے لئے صبح دن
کے نو بجے نمازِ چاشت ادا کرے اور اس کے بعد باوضو
سورۂ یٰسٓ شریف تین مرتبہ روزانہ پڑھا کرے اور پڑھنے
کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت پوری ہونے کی دعا
کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول ہوگی اور
اس کی حاجت پوری ہو جائے گی۔

یہی عمل اس کے لئے بھی ہے کہ اگر کسی کی کوئی شخص
رقم لے کر یا قرض لے کر قرضہ واپس نہ کرے تو اس کے لئے
بھی یہی عمل پابندی کے ساتھ کرتا رہے۔ اور اس وقت
تک عمل کرتا رہے جب تک پوری رقم واپس نہ مل جائے
انشاء اللہ تعالیٰ اس کی پوری رقم جلد ہی واپس مل جائے گی۔
اس دوران کچھ حسب حیثیت صدقہ کرتا رہے۔ سورۂ
یٰسٓ شریف پارہ ۲۲ میں ہے۔ قرآن مجید میں دیکھ کر
پڑھ لیا کرے یا سورۂ یٰسٓ شریف الگ سے چھپی ہوئی
ملتی ہے اسمیں دیکھ کر پڑھ لے۔ اگر حافظ ہے تو زبانی بھی
پڑھ سکتا ہے۔

سحر و جادو سے نجات، روزی میں برکت
مخلوق خدا تابع

اگر کوئی شخص اس شبہ میں مبتلا ہو کہ اس پر کسی نے

سحر یا جادو کیا ہے یا اس کی روزی باندھ دی گئی ہے یا
لوگ اس سے نفرت کرتے ہیں اور اس سے کنارہ کش
رہتے ہیں تو ان تمام کاموں میں بہتری لانے اور کامیاب
ہونے کے لئے سورۂ یٰسٓ شریف کو مبین در مبین پڑھے
اس کے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔
یہ عمل ہمیشہ کرے ناغہ نہ کرے۔ مسلسل پڑھنے اور عمل
کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ سحر، جادو، سفلی، رزق کی
بندش ختم ہوگی لوگ محبت اور عزت سے پیش آئیں گے
اور ہر کام سہولت اور آسانی کے ساتھ انجام پائے گا۔
گھر میں خوب خیر و برکت شروع ہو جائے گی۔ سورۂ
یٰسٓ شریف کو مبین در مبین پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ
جب سورۂ یٰسٓ شریف اوّل مبین تک پڑھ چکے تو پھر
اوّل سے شروع کرے یعنی دوبارہ شروع سے پڑھنا
شروع کرے اور دوسرے مبین تک پڑھے پھر اول
سے شروع کرے جب تیسرے مبین پر پہنچے تو پھر اول سے
پڑھنا شروع کرے۔ جب چوتھے مبین پر پہنچے تو پھر
اول سے شروع کرے۔ جب پانچویں مبین پر پہنچے تو
پھر اول سے شروع کرے۔ جب چھٹے مبین پر پہنچے تو
اول سے شروع کرے۔ جب ساتویں مبین پر پہنچے تو
آخر تک پڑھ کر سورۃ ختم کرے لوٹ کر اول سے
نہ پڑھے۔

اس ترکیب سے روزانہ سورۂ یٰسٓ شریف کو پڑھا کرے۔
یہ عمل ہر مقصد میں کامیابی کے لئے بھی اور ہر بیماری سے شفاء کے لئے بھی تیر بہدف ہے۔

حافظہ مضبوط، یادداشت اچھی

اگر کسی بچے یا بڑے کا حافظہ کمزور ہو اور جو کچھ پڑھتا ہو بھول جاتا ہو اسی لئے تعلیم میں بھی پیچھے ہو اور بڑا آدمی ہے اس کا حافظہ بھی کمزور ہے چیز رکھ کر بھول جاتا ہے۔ کوئی بات یاد نہیں رہتی بازار سے سودا خریدنے گیا اور بھول گیا کہ کیا کیا لینا تھا جو لینا نہیں تھا وہ خرید لایا ایسی صورت میں یہ نماز گھر کا کوئی بھی فرد ادا کرکے حافظہ کی قوت کے لئے دعا کرے اور سورۂ یٰسٓ ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس بچے یا آدمی کو پلائے۔ یہ عمل ایک چلہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہونے کے ساتھ ساتھ بچے میں پڑھنے کا شوق بھی پیدا ہوگا اور وہ اپنے ہم جماعت بچوں سے آگے رہے گا۔ اور تعلیم میں نام پیدا کرے گا۔

لقوہ، قولنج، درد کمر، گیس، درد کان کے لئے

اگر خدانخواستہ کسی کو لقوہ کا مرض ہو جائے یا قولنج (انتڑی کا درد، باؤسول) یا باؤ گولہ (گیس) یا دردِ کمر پیدا ہو جائے تو اس کے لئے باوضو سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ

شریف کے ایک چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور سرسوں کے تیل سے دھو کر ایک بوتل میں وہ تیل رکھ لے اور تھوڑا سا تیل لے کر جہاں جسم میں درد ہو لگایا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی آرام آجائے گا۔
اگر کسی بچے کے یا بڑے کے کان میں درد ہو تو اس میں ہلکا گرم کرکے ڈال دے۔
تنبیہ: یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ کان میں جو بھی تیل وغیرہ ڈالنا ہو اسے ہلکا گرم کر لیں۔ ٹھنڈے تیل سے کان کو نقصان پہنچتا ہے۔
سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۠

ہر قسم کے درد سے نجات

اگر جسم کے کسی بھی حصے میں شدید درد ہو اس کے لئے ایک بوتل سرسوں کا خالص تیل لے کر اس پر باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درمیان

میں ستّر (۷۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس تیل پر دم کرے اور سنبھال کر رکھ لے۔ جب ضرورت ہو تھوڑا سا تیل ہتھیلی میں لے کر ہلکا ہلکا درد کی جگہ مالش کرے (لگائے) اور کوئی کپڑا یا پٹی اس جگہ باندھ دے تاکہ ہوا نہ لگے۔ جلد ہی انشاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

عملیات و تعویذات میں خطوطِ مرموز کا استعمال

خطوطِ مرموزہ بے شمار ہیں ان کا گننا اور تعداد بتانا مشکل ہے۔ تمام عملیات، طلسمات اور تعویذات خطِ رمز ہی میں تحریر ہوتے ہیں۔ عملیات و طلسمات کی مختلف ناقابل فہم شکلیں اور تعویذات میں "یَابُدُّوْحُ" وغیرہ الفاظ اسی قبیل سے ہیں۔ یا بعض قدیم قلمی کتابوں پر لفظ "یاکبیکج" سرلوح لکھا ہوا ملتا ہے۔ چنانچہ "صحاح جوھری"، قلمی مکتوبہ ۶۴۸ھ مطابق ۱۲۵۰ء کے ابتدائی صفحہ پر یہ لفظ بلا نقط لکھا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ یہ عبارت بھی درج ہے۔

"لا ااام ۱۱۱۱ ھ"

ایسی صدہا مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ ایک سے زائد قلمی کتبِ قدیم پر یہ مصرع بھی لکھا ہوا دیکھا ہے۔ ع

"یاکبیکج مخور کتابم را"

بہت سے کاتب کوئی تحریر لکھنے سے پہلے سر صفحہ "۷۸۶" یا "لھو"، یا اسی قسم کی کوئی اور علامت درج کرتے ہیں۔


یَابُدُّوْحُ۔ یہ ایک مؤکل کا نام ہے۔

فسفع. یہ بھی کسی مؤکل کا نام بتایا جاتا ہے۔

یا کبیکج۔ خالص مذہبی لوگوں کا یہ عقیدہ تھا اور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شئے کی حفاظت کے لئے ایک مؤکل مامور کیا ہے۔ کبیکج اس مؤکل کا نام ہے جو مکتوبات کی حفاظت پر مامور ہے۔ لہذا اُس کا نام کتاب پر بطورِ دُہائی درج کیا جاتا ہے تاکہ کرم وغیرہ (دیمک اور دیگر کتابی کیڑوں) سے محفوظ رہے۔

"ھ ۱۱۱۱ م ۱۱۱۱ ھ"، یہ عبارت روایتاً ایک تاریخی حیثیت بھی رکھتی ہے۔ وہ روایت یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کے زمانہ خلافت میں کسی شخص کو ایک ٹھیکری ملی جس پر یہ عبارت ثبت تھی۔ اُس ٹھیکری کو جب حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو فرمایا یہ سات لفظ ہیں جن میں الحمد شریف کی ساتوں آیتیں ایک خطِ خاص میں درج ہیں۔ اور یہی عبارت حضرت سلیمان علیہ السلام کی خاتم (انگوٹھی) پر کندہ تھی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

ان اشکال کی حسبِ ذیل دوسری شکل بھی ملتی ہے۔



چنانچہ خوب تخلص کے کسی مصنف نے اپنی تصنیف

"حفظ مراتب" میں ان کی بابت حسبِ ذیل عربی و فارسی کے اشعار تحریر کئے ہیں۔

ثَلٰثٌ عَصًی صُفِّفَتْ بَعْدَ خَاتَمٍ
(ترجمہ) مہر کے بعد تین کھڑی لاٹھیاں (الف) ہیں جن کے
عَلٰی رَاسِهَا مِثْلُ السِّنَانِ الْمُقَوَّمِ
سر پر ٹھرا سا نیزہ (بھالا) ہے
وَمِیْمٌ طَمِیْسٌ اَبْتَرٌ ثُمَّ سُلَّمٌ
اور دُم کٹا ہوا طمیس کا میم ہے۔ پھر سیڑھی بھی ہے
تَشِیْرُ اِلَی الْخَیْرَاتِ وَلَیْسَ بِسُلَّمِ
یہ سیڑھی نیکیوں کی طرف اشارہ کرتی ہے لیکن سیڑھی نہیں ہے
وَاَرْبَعَةٌ مِثْلُ الْاَنَامِلِ صُفِّفَتْ
اور چار کھڑی ہوئی انگلیاں ہیں (مراد الف)
وَهَآءٌ شَقِیْقٌ ثُمَّ وَاوٌ مُنْعَکِسٌ
اور ہاء شقیق (ھ) ہے پھر واو ہے جس کو موڑ دیا گیا ہے
کَاَنْیُوْبِ حَجَّامٍ وَلَیْسَ بِمُحَجَّمٍ
نائی کی نہرنی کی طرح لیکن یہ نہرنی نہیں ہے

فارسی کے اشعار یہ ہیں:-

صفرۂ، سہ الف، کشیدہ مدبرسر
میم کجکول، نردباں، بدو در
باچہار الف کشیدہ ھا و واؤ دُم سر
اس حملۂ بود، نام خدائے اکبر

فسفع. یہ بھی کسی مؤکل کا نام بتایا جاتا ہے۔
یاکبیکج۔ خالص مذہبی لوگوں کا یہ عقیدہ تھا اور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شئے کی حفاظت کے لئے ایک مؤکل مامور کیا ہے۔ کبیکج اس مؤکل کا نام ہے جو مکتوبات کی حفاظت پر مامور ہے۔ لہذا اُس کا نام کتاب پر بطورِ دُہائی درج کیا جاتا ہے تاکہ کرم وغیرہ (دیمک اور دیگر کتابی کیڑوں) سے محفوظ رہے۔
"ہ ۱۱۱ م H ۱۱۱۱ ھ"، یہ عبارت روایتاً ایک تاریخی حیثیت بھی رکھتی ہے۔ وہ روایت یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کے زمانۂ خلافت میں کسی شخص کو ایک ٹھیکری ملی جس پر یہ عبارت ثبت تھی۔ اُس ٹھیکری کو جب حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو فرمایا یہ سات لفظ ہیں جن میں الحمد شریف کی ساتوں آیتیں ایک خطِ خاص میں درج ہیں۔ اور یہی عبارت حضرت سلیمان علیہ السلام کی خاتم (انگوٹھی) پر کندہ تھی۔
واللہ اعلم بالصواب۔
ان اشکال کی حسبِ ذیل دوسری شکل بھی ملتی ہے۔



چنانچہ خوب تخلص کے کسی مصنف نے اپنی تصنیف

"حفظ مراتب" میں ان کی بابت حسبِ ذیل عربی و فارسی کے اشعار تحریر کئے ہیں۔

ثَلٰثٌ عَصًی صُفِّفَتْ بَعْدَ خَاتَمٍ
(ترجمہ) مہر کے بعد تین کھڑی لاٹھیاں (الف) ہیں جن کے
عَلٰی رَاسِهَا مِثْلُ السِّنَانِ الْمُقَوَّمِ
سر پر ٹھہرا نیزہ (بھالا) ہے
وَمِیْمٌ طَمِیْسٌ اَبْتَرٌ ثُمَّ سُلَّمٌ
اور دُم کٹا ہوا طمیس کا میم ہے۔ پھر سیڑھی بھی ہے
تَشِیْرُ اِلَی الْخَیْرَاتِ وَلَیْسَ بِسُلَّمِ
یہ سیڑھی نیکیوں کی طرف اشارہ کرتی ہے لیکن سیڑھی نہیں ہے
وَاَرْبَعَةٌ مِثْلُ الْاَنَامِلِ صُفِّفَتْ
اور چار کھڑی ہوئی انگلیاں ہیں (مراد الف)
وَهَآءٌ شَقِیْقٌ ثُمَّ وَاوٌ مُنْعَكِسٌ
اور ہاء شقیق (ھ) ہے پھر واو ہے جس کو موڑ دیا گیا ہے
كَاَنْیُوْبِ حَجَّامٍ وَلَیْسَ بِمُحَجَّمٍ
نائی کی نہرنی کی طرح لیکن یہ نہرنی نہیں ہے

فارسی کے اشعار یہ ہیں:-

صفرۂ، سہ الف، کشیدہ مدبرسر
میم کجکول، نردباں، بدو در
باچہار الف کشیدہ ھا و واؤ دُم سر
ایں جملۂ بود، نام خدائے اکبر

اشعار اردو میں یہ مفہوم یوں ادا کیا جا سکتا ہے

چھ کونٹی ایک شکل ہے پھر تین الف پہ مد
دو میم ہیں ملے ہوئے سیڑھی کا پھر نشاں
پھر چار انگلیاں ہیں کھڑی اور دو چشمی ہے
پھر واؤ۔ دُم ہے جس کی مثال ہے خمِ کماں

"۷۸۶" یہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ کے عدد ہیں
لعد۔ یہ اور اسی قسم کی دیگر علامات سے "اللہ" "احد"
"اوم" یا "رام" یا اللہ تعالیٰ کا کوئی نام مراد ہوتا ہے۔

خطوط مرموزہ مذکور الصدر یہ ہیں۔

ا۔ خطِ ہندسہ | اس میں بجائے حروف اُن کے ہندسے لکھے جاتے ہیں اور ہندسوں کا تعین حروف ابجد سے کیا گیا ہے جو یہ ہیں۔

ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص
قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔

ان کے اعداد حسبِ ذیل چار طرح تقسیم کئے جاتے ہیں:

۱۔ اکائیاں حروف۔ ا ب ج د ہ و ز ح ط
عدد۔ ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹

۲۔ دہائیاں حروف۔ ی ک ل م ن س
عدد۔ ۱۰ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰ ۶۰

دہائیاں حروف۔ ع ف ص
عدد ۷۰ ۸۰ ۹۰

۳۔ سینکڑے حروف۔ ق ر ش ت ث
عدد۔ ۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰ ۵۰۰

سینکڑے حروف۔ خ ذ ض ظ
عدد ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰

۴۔ ہزار حروف۔ غ
عدد۔ ۱۰۰۰

یہ ابجد حروف عربی ہیں۔ الف ممدودہ (آ) ہمزہ (ء) لام الف (لا) شامل نہیں ہیں۔ البتہ فارسی اور ہندی حروف کو اُن کے متشابہ (مشابہت رکھنے والے) حروف کی مانند سمجھ کر وہی عدد مقرر کر لئے گئے ہیں یعنی پ مطابق ب عدد ۲۔ ٹ مطابق ت عدد ۴۰۰۔ چ مطابق ج عدد ۳۔ ڈ مطابق د عدد ۴۔ ڑ مطابق ر عدد ۲۰۰۔ ژ مطابق ز عدد ۷۔ گ مطابق ک عدد ۲۰۔

الف ممدودہ (آ) | الف خواہ ممدودہ (آ) ہو یا الف مقصورہ (ا) اس کا ایک ہی عدد لیا جائے گا۔ مد جو الف ممدودہ پر ہوتا ہے وہ کوئی حرف نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایسی ہی علامت ہے جیسے زبر۔ زیر۔ پیش۔ جزم اور تشدید۔ اور علامتوں کے عدد نہیں لئے جاتے اسی لئے اس کا عدد مقرر نہیں ہے۔ تشدید والا حروف دو نہیں بلکہ ایک ہی شمار ہوگا۔

ہمزہ (ء) (ر) جو ایک خط منحنی ہے۔ اہل جُمل نے اس کا کوئی عدد مقرر نہیں کیا ہے۔ نہ یہ بحیثیتِ حرف ابجدی ترتیب میں شامل ہے۔ عربی میں الفِ متحرک کو ہمزہ اور ساکن کو الف کہتے ہیں مگر اہل جمل کے نزدیک متحرک ہو یا ساکن اس کو الف ہی کہیں گے۔ اور ایک عدد لیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ حروف تہجی میں جو "لاء" لکھا جاتا ہے اُس کے معنی یہ ہیں کہ "لَا هَمْزَةَ" یعنی ہمزہ کوئی حرف نہیں ہے۔ رہا لام الف (لا) یہ مرکب ہے "ل" اور "الف" سے لہذا اس کے عدد ۳۱ لئے جائیں گے۔ کیونکہ تاریخ میں حروف مکتوبہ کو معتبر سمجھا جاتا ہے ملفوظہ سے واسطہ نہیں ہے۔ چنانچہ حرف مشدد کا ایک ہی بار عدد شمار ہوتا ہے۔

واضح رہے کہ جس طرح ساکن الابتداء محال ہے یعنی کسی لفظ کا حرفِ اول ساکن ہوگا تو وہ بولا نہیں جاسکتا اسی طرح عربی آخر بسکون بھی محال ہے۔ لہذا ہر حرفِ مہموز اللام وغیرہ کے آخر میں ہمزہ بڑھا کر اس کو تنوین دے دیتے ہیں۔ جیسے جَزَاءٌ اور وَفَاءٌ وغیرہ لہذا عربی میں تو اس ہمزہ کا ایک عدد لیا جائے گا مگر فارسی املا میں یہ ہمزہ ساقط ہو جاتا ہے اور تحریر ہی میں نہیں لیا جاتا لیکن جس وقت ایسے الفاظ مضاف واقع ہوتے ہیں تو اگر بجائے ہمزہ "ی" لکھی جائے جیسے

"جزائے عمل" تو اس "ی" کے دس عدد لئے جائیں گے اگر ایفاء وعدہ وغیرہ الفاظ ہمزہ سے لکھے جائیں گے تو کوئی عدد نہ لیا جائے گا۔ مثلاً تاریخ وفات میر یحییٰ کاشی ہے۔

احیاء سخن چو کرد یحییٰ جاں داد

۱۰۵۴ھ

اس میں ہمزہ کا عدد نہیں لیا گیا۔ مگر متاخرین نے اس جھگڑے کو اس طرح ختم کر دیا کہ ہمزہ کا کوئی عدد نہیں لیتے اگر بصورت اضافتِ حرف ہمزہ لکھا جائے گا تو کوئی عدد شمار نہ ہوگا اور اگر "ی" لکھیں گے تو اس کے دس عدد لیں گے۔ البتہ جہاں ہمزہ بجائے یائے معروف یا یائے مجہول تحریر ہوگا تو اس کے دس عدد لئے جائیں گے جیسے خدائی۔ رسائی بروزن فعلن چنانچہ ناسخ کہتا ہے۔

ہمایوں و مسعود شد کد خدائی ۔ یہاں کد خدائی میں دو "ی" مانی جاکر ۲۰ عدد لئے گئے ہیں یا آئے بروزن فعلن یا گئے بروزن فعل ان دونوں "ی" کے بھی ۲۰۔ ۲۰ عدد لئے جائیں گے جس طرح داغ کے اپنے مصرعوں میں لئے ہیں۔

ہنمکنڈے سے آگئے اب حضور

یا

سازگار آئے الٰہی متفق لیل و نہار

کاف بیانیہ

اگر جداگانہ اس طرح لکھا جائے گا "کہ"، تو ۲۵ عدد لئے جائیں گے اور اگر متصل اس طرح "کز"، تو ۲۰

(۱) الحاصل خطِ ہندسہ دو طرح لکھا جاتا ہے:-

(الف) اس طرح کہ صفحہ کے عرض میں ایک سیدھی لکیر کھینچی جائے اور اس حرف کے عدد اس طرح لکھے جائیں کہ اکائیاں لکیر سے اوپر رہیں۔ دہائیاں لکیر سے مل جائیں اور سینکڑے لکیر کے نیچے تک پہنچ جائیں اور ہزار لکیر سے نیچے گذر کر خمیدہ کر دیا جائے مثلاً مرزا غالب دہلوی اس طرح لکھیں گے۔

۱۷۲۱۴ ۲۳۱۱ ۱۶۴۵۴ - اگر ہر لفظ کے لئے جدا جدا لکیر ہو تو بہت اچھا ہے پڑھنے میں آسانی رہتی ہے۔ ورنہ جائز یہ بھی ہے کہ ایک ہی لکیر پر اس طرح ہندسے لکھ دیئے جائیں۔ اس خط کی طرزِ تحریر کو کسی نے اس شعر میں نظم کیا ہے:-

احد بخط نرسد لیک می رسد عشرات
مائتہ زخط گذرد الف خم لبوئے راست

(ب) ہر ہندسہ لکیر سے ملا ہوا لکھا جائے۔ البتہ امتیاز لفظ کے لئے لکیریں جدا جدا ہوں اور ہندسے مکمل شکل میں لکھے جائیں مثلاً نواب داغ دہلوی یوں لکھیں گے۔

۲۱۶۵۰ ۱۰۰۰۱۴ ۱۰۶۳۰۵۴

(۲) خط عددی۔ اس کے حروف تہجی یہ ہیں۔

اصل حروف۔	ا	ب	پ	ت	ٹ	ث	ج		
حروف مرموزہ۔	ا	۲	۲	۴	۴	۲	۴		
اصل حروف۔	چ	ح	خ	د	ڈ	ذ	ر	ڑ	
حروف مرموزہ۔	۴	۴	۴	۵	۵	۵	۶	۶	
اصل حروف۔	ز	ژ	س	ش					
حروف مرموزہ۔	۶	۶	۷	۷					
اصل حروف۔	ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف		
حروف مرموزہ۔	۷	۷	۸	۸	۹	۹	۰		
اصل حروف۔	ق	ک	گ	ل	م	ن	و		
حروف مرموزہ۔	۹۰	۴	۴	۴	۴	۴	۷	۷	
اصل حروف۔	ہ	ی							
حروف مرموزہ۔	۷	۷							


شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ یوں لکھیں گے۔

۷۷۴ - ۴۶۵ - ۱۶۲۱ ۷۶ - ۵۷۰۰

اس میں صرف ۹ کے عدد تک سے کام لیا گیا ہے۔

(۳) خطِ سرو۔ یہ خط سرو کی شکل میں لکھا جاتا ہے اور ہر حرف کا ایک سرو ہوتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ ابجد کے کُل آٹھ الفاظ ہیں جن میں تین تین یا چار چار حرف ہیں۔ ہر لفظ کو ایک نمبر دے کر اس کی علامت باریک لکیروں کی تعداد سے مقرر کر لی ہے۔ اور اسی طرح ہر لفظ کے ہر

حرف کی۔ لہذا لکھتے وقت ایک سیدھا خط کھینچ کر کے
اس کے دائیں جانب لفظ کے نمبر کی لکیریں اور بائیں جانب
اُس لفظ کے حرف کی ترتیب کی لکیریں ہوں گی مثلاً محمد علی
جوہر یوں لکھیں گے۔
اس کی تشریح یہ ہے



(۴) خطِ راز۔ اس خط کو سمجھنے اور لکھنے پڑھنے کے لئے
یہ شعر یاد رکھنا ضروری ہے:۔

کم صلا او حطِ لہٗ درسع حرفِ منقوط را بجایش دع

پہلے مصرعہ میں سب حروف مہملہ ہیں جو چودہ ہیں ان کو
اس طرح تبدیل کیا جائے کہ کاف کی جگہ میم اور میم کی جگہ
ک آئے اور اسی طرح ص کی لا اور لا کی جگہ ص وقس
علیٰ ھٰذا۔ حروف منقوط کو اُن کی جگہ پر رہنے دیا جائے

جیسا کہ دوسرے مصرع میں بتا دیا گیا ہے لہذا اگر سرسید
احمد خان مرحوم لکھنا ہو تو یوں لکھیں گے۔

عد عیرو طکر خون کد طاک

اس خط میں فارسی اور اردو کے حروف بھی اس طرح شامل
کئے جا سکتے ہیں کہ پ چ اور ژ تو اصلی حالت پر رہیں گے باقی
ٹ کو گ سے اور "ڈ" کو "ڑ" سے بدل دیا جائے۔

(۵) خطِ تبدیل الحروف:۔ اٹھارہ حروف نقطہ دار ہیں اور
اٹھارہ بلا نقطہ جن کو ذیل میں اوپر تلے بالمقابل تحریر کیا
جاتا ہے ان کو باہم تبدیل کر کے لکھا جاتا ہے۔

حروف منقوطہ۔ ب پ ت ث ج چ خ ذ ز ژ ش ض
حروف مہملہ۔ ا ٹ ح د ڈ ر ڑ س ص ط ع ک
حروف منقوطہ۔ ظ غ ف ق ن ي
حروف مہملہ۔ گ ل م و ہ ء

یہ خط یقیناً بہت ہی قریب زمانے کی ایجاد ہے۔
اس لئے کہ اس کو سمجھنے کے لئے یہ قطعہ ہے:۔

خطِ تبدیل حروف اس لئے ایجاد ہوا
تا کوئی غیر نہ رازِ دلی سے محرم
بے نقطہ سے متبدل ہوں نقطہ دار حروف
غیر منقوط کی جا آئیں حروفِ معجم

جن

جن ایک مخلوق ہے۔ جس کو انسان کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے۔ ان کے کئی خاندانی سلسلے ہیں مثلاً:

شیطان، شیطانہ، قرین، قرینہ، عفریت، تابع، تابعہ، زوبعہ، زوابع، ام زوبعہ، ریح، نطل، ہاتف، غول، حبت، طاغوت، خناس، خبیث وغیرہ۔

ہندو ان کے نام اس طرح ذکر کرتے ہیں۔

دیو، آسیب، پری، بھوت، راکشس، مسان، کناس، پلید، ہوا وغیرہ۔

جن کب پیدا کئے گئے جن انسانوں سے پہلے پیدا کئے گئے۔ لیکن تاریخ کا تعین مشکل ہے۔

جن کس چیز سے پیدا کئے گئے جن آگ سے پیدا ہوتے ہیں اور آگ جب جلتی ہے تو اس کی لَو کے آخری سرے پر ایک سفید پٹی ہوتی ہے دھوئیں سے پہلے اسے عربی میں مارج کہتے ہیں جن اس سے پیدا کئے گئے ہیں۔ جن کی تعریف یہ ہے۔

اَلْجِنُّ مَخْلُوْقٌ نَارِیٌّ یَتَشَکَّلُ بِاَشْکَالٍ الْمُخْتَلِفَہ

جن آگ سے پیدا کردہ مخلوق ہے جو مختلف شکل بدل لیتی ہے۔

سلسلۂ اولاد انسانوں کی طرح جنات میں بھی اولاد کا سلسلہ قائم ہے۔ ان کے بچے ہوتے ہیں۔ چنانچہ شیطان کے پانچ بیٹے ہیں۔

(۱) **ثبر** - اس کا کام لوگوں کو مصیبتوں میں مبتلا کرنا ہے۔ جس سے لوگ واویلا کرتے ہیں، کپڑے پھاڑتے ہیں، منہ پر طمانچے مارتے ہیں، سینہ کوبی کرتے ہیں۔ جاہلیت کے زمانہ کی لوگوں کی طرح نوحے کرتے ہیں

(۲) **اَعْوَد** - یہ زنا کا ذمہ دار ہے۔ لوگوں کو زنا پر ابھارتا ہے۔ آمادہ کرتا ہے اور زنا کو لوگوں کے دلوں میں اچھا کرکے پیش کرتا ہے، زنا کی طرف راغب کرتا ہے۔

(۳) **مَسْبُوط** - یہ جھوٹ کا سردار ہے۔ لوگوں کو جھوٹ کی طرف رغبت دلاتا ہے۔ جھوٹ کے فائدے ذہن میں بٹھاتا ہے۔ جھوٹی افواہیں لوگوں کے ذریعہ پھیلواتا ہے تاکہ لوگوں میں انتشار پیدا ہو اور وہ آپس میں لڑنے مرنے لگیں۔

(۴) **دَاسِم** - یہ فساد کراتا ہے گھر میں داخل ہوکر گھر والوں کو ایک دوسرے کے خلاف اُبھارتا ہے ان کے عیوب ظاہر کرکے غصہ دلاتا ہے اور اس طرح گھر کو جہنم کدہ بنا دیتا ہے اور گھر میں روزانہ صبح وشام لڑائی جھگڑا معمول بن جاتا ہے۔ گھر والوں کے کھانے میں شریک

ہوتا ہے اگر گھر کے افراد بسم اللہ پڑھ کر کھانا کھاتے ہیں تو شرکت نہیں کر سکتا۔

(۵) زَلَنْبُوْر۔ یہ بازاروں میں گھومتا ہے لوگوں کو بے ایمانی، کم تولنے، جیب کاٹنے، دوکانداروں کو لوٹنے، ڈاکے مارنے، لوگوں میں فساد کرانے کا کام کرتا ہے۔

ان کے علاوہ بھی شیطان کی اولاد کے نام ہیں مثلاً۔ ہرہ۔ تیر۔ مطروس، لاقیس، ولہان، موحش، شریدہ۔

موحش کا کام علماء کو بہکانا ان کو غلط راہ پر لگانا، ان کو تقویٰ و طہارت سے دور رکھنا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل جن آسمانوں پر جاتے تھے اور فرشتوں کی باہمی گفتگو جو احکام الٰہی سے تعلق رکھتی تھی اس میں اپنی طرف سے سینکڑوں جھوٹی باتیں ملا کر نجومیوں اور کاہنوں کے دل میں ڈالتے تھے۔ نجومی اور کاہن ان جھوٹی باتوں کو لوگوں کو بتاتے تھے اور اچھی خاصی رقم ان سے لے لیتے تھے۔ جب نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اور وحی کا سلسلہ شروع ہوا تو جنوں کا آسمانوں پر جانا بالکل بند کر دیا گیا۔ اگر آسمان کی طرف جاتے تو ان پر آگ برسائی جاتی جس سے ناکام واپس لوٹ آتے۔

جنّات کی قسمیں! جن کی تین قسمیں مشہور ہیں۔

(۱) پردار جنات جو آسمان کے نیچے اور زمین میں اڑتے

رہتے ہیں۔

(۲) دوسرے سانپ اور کتے کی شکل کے جنّات۔

(۳) تیسرے وہ جنّات جو سواریوں پر سوار ہوتے اور اُترتے ہیں۔

ان کے علاوہ بھی جنّات کی قسمیں ہیں۔

ابلیس، شیاطین، مردہ، عفریت، عفاریت، اعوان، غوّاصون، طیارون، توابع۔ قرنا، عمار۔

کیا جن جنّت میں جائیں گے

ہاں وہ جن جو مسلمان ہیں وہ ضرور جنّت میں جائیں گے اور وہاں کی ہمیشہ رہنے والی نعمتوں سے فائدہ اُٹھائیں گے۔

جنّات کی خوراک اور خواہشات

انسانوں کی طرح جنّات میں بھی وہ تمام خواہشات پائی جاتی ہیں۔ ان کے اولاد ہوتی ہے۔ وہ تمام غذائیں جو انسان کھاتا ہے وہ بھی کھاتے ہیں۔ پانی اور شربت پیتے ہیں۔ ان کے علاوہ ان کی خوراک میں ٹھیکری، کوئلہ، پتھر، ہڈی، گوبر، لید وغیرہ ہے۔ اسی وجہ سے کوئلہ، ہڈی، پتھر، گوبر وغیرہ سے استنجا منع کیا گیا کہ یہ جنّات کی خوراک ہے۔ شرعی طریقے پر ذبح شدہ جانور کا گوشت کھانے کے بعد لوگ وہ ہڈی پھینک دیتے ہیں تو جب جنّات اس ہڈی کو اٹھاتا ہے تو اس پر پہلے سے زیادہ گوشت پیدا

ہو جاتا ہے اور وہ، وہ گوشت کھاتا ہے۔ اسی وجہ سے ذبیحہ کی ہڈیوں کو بُری، گندی جگہ پر ڈالنے سے منع کیا گیا تاکہ مسلمان جنّات کی خوراک ضائع نہ ہو۔

قرآن مجید کے احکامات

قرآن مجید کے تمام احکامات انسانوں اور جنّات کے لئے یکساں ہے۔ ان میں کوئی تفریق نہیں ہے۔ عبادات، اچھے اخلاق کو اپنانا دونوں پر لازم ہے۔ بُری باتوں، گناہوں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی دونوں کے لئے گناہ ہے۔

جس طرح انسانوں میں دو قسم کے لوگ ہیں مؤمن یا کافر اسی طرح جنّات میں بھی مؤمن اور کافر ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ابلیس کو اس کی سرکشی اور نافرمانی اور کفر کی وجہ سے شیطان کہا۔ پھر دوسرے جنوں کو بھی ان کے کفر اور نافرمانی کے سبب شیاطین بتایا۔ اسی طرح انسان جو سرکشی کرتے ہیں اور کفر کا طریقہ اختیار کرتے ہیں ان کو بھی شیاطین اور شیطان کہا جاتا ہے۔

ابلیس کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو۔ اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم نہ مانا اور نافرمانی کی لہٰذا راندۂ درگاہ ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام اور بی بی حوا کو آسمان سے اُتار کر زمین پر آباد کیا اور جنّات کو پہاڑوں اور جزیروں میں آباد کیا۔

جنّات کی صورتیں اور ان کے کام

جنّات کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جب چاہیں کسی ذی روح کی شکل اختیار کر کے سامنے آجائیں اور جب چاہیں غائب ہو جائیں۔ جنّات گرمی میں آدھے دن کے بعد اور سردی میں آدھی رات کے بعد نکلتے ہیں۔

حدیث شریف میں ہے۔

جب رات شروع ہو جائے یا رات شروع ہو گئی ہو تو اپنے بچوں کو روک رکھو (یعنی باہر نہ نکلنے دو) اس لئے کہ شیطان کا گروہ زمین پر پھیل جاتا ہے۔

جنّات، سانپ، کتّا، ریچھ، بندر اور بلّی کی شکل میں زیادہ ظاہر ہوتے ہیں۔ کبھی کالے کُتے کی شکل میں آتا ہے۔

جنّات کی تعداد

جنّات کی تعداد انسانوں سے زیادہ ہے کیونکہ وہ انسان کے دنیا میں آنے سے پہلے سے آباد ہیں۔

جنّات کی رہائش

جنّات، ندی، نالوں، دریا، سمندر، پہاڑوں، باغات، بیابان، صحرا، جنگلوں میں رہتے ہیں۔ ان کی حدود مقرر ہوتی ہیں جو اپنی حد سے آگے جاتا ہے تو دوسرے جن جو وہاں مقیم ہوتے ہیں اس پر حملہ کر دیتے ہیں۔

روشنی

بعض مرتبہ جگہ جگہ رات کو خود بخود روشنی

ہوتی ہے اور ختم ہو جاتی ہے اور کبھی یہ سلسلہ دور تک چلا جاتا ہے۔ یہ جنّات شادی یا موت کے موقعہ پر اکٹھے ہو کر ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں۔ یہ سب جنّات کا کرشمہ ہوتا ہے۔ کبھی جنگل میں روشنی کا بگولہ جاتا ہوا نظر آتا ہے

بگولہ بعض مرتبہ ہوا کے ساتھ مٹی گھوم کر اوپر کو اٹھتی ہے اسے گرد باد یا بگولہ کہا جاتا ہے۔ بعض جگہ ایک بگولہ اٹھتا ہے اور بعض جگہ بہت سے بگولے گردش کرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ عوام اسے بھوت یا پریوں کا اترنا بھی کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو شخص اس میں پھنس جاتا ہے اسے بھوت اڑا کر لے جاتے ہیں۔ یہ سب جنّات کا کرشمہ ہوتا ہے جو شادی یا غمی کے موقعہ پر خاک اڑاتے ہوئے اِدھر سے اُدھر جاتے ہیں۔

کسی بچے، بڑے، عورت یا لڑکی پر جن آنا اکثر میٹھی چیز کھا کر باہر نکلنے سے یا عطر اور پھیلنے والی خوشبو لگا کر نکلنے سے اور بعض مرتبہ جنّات کے بچّے کو ٹھوکر مارنے سے یا بعض مرتبہ ان پر یا ان کے بچوں پر پیشاب کرنے سے جن لپٹ جاتا ہے۔ مثلاً کسی کوڑے کے ڈھیر پر جنّات جمع ہیں اور وہاں سے نکال نکال کر مختلف چیزیں کھا رہے ہیں کسی نے اس کوڑے کے ڈھیر پر پیشاب کر دیا یا کسی ویران جگہ رات کو جا کر پیشاب کر دیا وہاں جنات کا ٹھکانہ تھا، یا سڑک

کے کنارے ویران جگہ جنّات کے بچے کھیل رہے ہیں لیٹے ہیں یا بیٹھے ہیں کوئی شخص جا رہا ہے اور جاتے جاتے ٹھوکر لگی۔ اس طرح جنّات کو غصّہ آجاتا ہے کہ ہمارے بچے کو ٹھوکر مار دی حالانکہ انسان کو کیا معلوم کہ یہاں جنّات کے بچے موجود ہیں یہاں سے دور ہو کر چلوں۔ اسی طرح کوئی عورت تیز خوشبو لگا کر کہیں شادی بیاہ میں جا رہی ہے تو جنّات اس کے پیچھے لگ جاتے ہیں۔ اور اس پر جنّات کا اثر ہو جاتا ہے جس سے دماغ ماؤف ہو جاتا ہے اور آواز بھاری ہو جاتی ہے اسی طرح آدمی، بچہ راتوں کو گھر سے نکل جاتا ہے جنگلوں اور پہاڑوں پر گھومتا پھرتا ہے۔ کبھی ہنستا ہے کبھی روتا ہے رات رات نہ خود سوتا ہے نہ گھر والوں کو سونے دیتا ہے کبھی مریض بے ہوش ہو جاتا ہے اور گھنٹوں بے ہوش پڑا رہتا ہے کبھی کبھی پیشاب نکل جاتا ہے۔

جن کا اثر انسان پر ہوتا ہے بلکہ جن انسان کے جسم میں داخل ہو جاتا ہے، جمائی آنے پر جو شخص اپنا ہاتھ منہ پر نہیں رکھتا شیطان اس جمائی کے دوران کھلے منہ کے ذریعہ پیٹ میں داخل ہو جاتا ہے۔

مرگی کا مرض جس شخص پر جن کا اثر ہوتا ہے بعض مرتبہ اس کو دورہ پڑتا ہے اور وہ بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے اور جس انسان پر جن یا آسیب کا اثر

ہوتا ہے وہ بھی بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے۔
بعض لوگوں پر تھوڑی سی دیوانگی ہوتی ہے یہ آسیب یا جن کے سبب ہوتی ہے بعض پر ہمزاد کا اثر ہوتا ہے جو انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے۔

مجنون بعض مرتبہ جن کے اثر والا خلافِ عقل یا اپنی طاقت سے زیادہ طاقت کا مظاہرہ کرتا ہے اور دیوانوں جیسی حرکات کرتا ہے۔

جنّات کی رہائش عفاریت (عفریت کی جمع) چشموں اور کنوؤں میں رہتے ہیں۔ شیاطین آبادیوں میں اور انسانی قبرستانوں میں، طواغیت اس جگہ رہتے ہیں جہاں خون پڑا رہتا ہے مذبح خانوں میں اور اس کے اردگرد۔ زوابعہ ہوا میں، کبار شیاطین آتش خانوں میں۔ تواقیف و عقاریت جو عورتوں کی شکل میں ہیں بڑے بڑے درختوں اور باغوں میں اور سیاسب پہاڑوں اور ویرانوں میں اور غول بیابانوں میں۔ ان کی کثرت مردوں اور عورتوں اور بچوں کو نقصان پہنچانے والی ہے۔

شیطان کا علاج حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے القول الجمیل میں لکھا ہے کہ جس شخص کو شیطان نے پاگل خبطی کر دیا ہو تو اس کے بائیں کان میں سات بار یہ آیت پڑھ کر سنائے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

اس عمل سے شیطان جل جائے گا۔

جنّات کا دوسرا علاج جس کسی پر جن کا اثر ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اس مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ ہوش میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓمّٓصٓ ۝ طٰهٰ ۝ طٰسٓمٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ قٓ ۝ نٓ ۝ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝

جنّات کا تیسرا علاج جس شخص پر جنّات کا اثر ہو اس پر یہ آیت پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ جنّات دفع ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ۝

جنّات اور جادو جادو میں تنتر منتر سے کام لیا جاتا ہے اس کا تعلق صرف جنّات ہی سے ہے۔ تنتر میں کچھ کام کئے جاتے ہیں اور منتر میں الفاظ پڑھے جاتے ہیں جس کے ساتھ کچھ کام بھی کیا جاتا ہے۔

جادو میں منتر کے ذریعہ جنّات کی تعریف و توصیف اور بڑائی بیان کی جاتی ہے ان کو وکیل و کارساز کہہ کر اس سے کام لیا جاتا ہے۔ ان سے امداد و اعانت مانگی جاتی ہے

جس سے جنّات خوش ہو کر ان کی امداد و اعانت کرتے ہیں اور تکمیل خواہشات کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ جادو اصلیت کے لحاظ سے دو قسم کا ہوتا ہے

ایک قسم جادو کی وہ ہے جس میں چیز کی اصلیت نہیں بدلتی اسے نظر بندی کہتے ہیں۔ اس میں کچھ کا کچھ نظر آتا ہے اور انسانی خیال دھوکہ کھا جاتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور لوگوں کو رسی کے سانپ دکھائی دے رہے تھے حالانکہ وہ رسیاں تھیں۔

جادو کی دوسری قسم وہ ہے جس میں اصلیت بدل جاتی ہے مثلاً جادو کے زور سے کسی انسان کو جانور کی شکل بنا لینا۔

جادو وہ ہے جو کسی حرام فعل یا قول کی مزاولت کی وجہ سے جو قوت و قدرت خارق عادت حاصل ہوتی ہے۔

اقسام سحر میں وہ ہیں جن میں ارواح ارضیہ سے مدد چاہی جاتی ہے اس کا نام عزیمت اور تسخیر جن ہے۔

جادوگر ان کاموں کی نسبت ارواح خبیثہ شیاطین و اصنام و کواکب کی طرف کرتے اور انہی کی تاثیر مانتے ہیں۔

جادو میں ایک قسم ستارہ پرستوں کا جادو ہے یہ سبع سیارہ (سات ستاروں) کی نسبت اعتقاد رکھتے ہیں کہ بھلائی و برائی انہی کے سبب ہوتی ہے اسی لئے ان کی طرف خطاب کر کے مقررہ الفاظ پڑھتے ہیں اور انہی کی پرستش کرتے ہیں۔

ایک قسم جادو کی یہ ہے کہ جنّات وغیرہ زمین والوں کی

روحوں سے امداد و اعانت طلب کرنا ہے۔ ان روحوں کے ساتھ بعض مخصوص الفاظ و اعمال سے تعلق پیدا کرتے ہیں اسے سحر بالعزائم اور تسخیر بھی کہتے ہیں۔

آسیب زدہ اور مسحور (جس پر جادو کیا گیا ہو) میں فرق یہ ہے کہ آسیب زدہ پر تو جن از خود مسلط ہو جاتا ہے اور مسحور پر عامل (جادوگر) افعال و الفاظ کے ذریعہ مسلط کر دیتا ہے۔

ہمزاد یا قرین ہمزاد یا قرین، یہ دونوں ایک ہی ذی روح کے نام ہیں۔ یہ ایک جن ہوتا ہے یا شیطان دیگر عام جنّات سے الگ اس کی خاص اہمیت ہے اس لئے کہ یہ جن انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے اور ہر وقت انسان کے ساتھ ہی رہتا ہے۔ جو آدمی نیک ہوتا ہے اس کا قرین یعنی ہمزاد (ساتھی جن) بھی صالح صحبت کی وجہ سے نیک بن جاتا ہے اور جو انسان کفر و شرک میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کا ہمزاد (قرین) بھی کافر و مشرک ہوتا ہے، مرد انسان کے ساتھ جن اور انسان عورت کے ساتھ جنیہ پیدا ہوتی ہے۔ عاملین اسی اپنے ہمزاد ہی کو اعمال کے ذریعہ اپنا فرمانبردار اور مطیع بنا لیتے ہیں اور ضرورت کے وقت اس سے کام لیتے ہیں۔

جنوں کی دو قسمیں ہیں، ایک تو وہ جن، جن کی پیدائش ماں باپ کے ذریعہ سے ہوتی ہے جس طرح انسان ماں باپ کے ذریعہ پیدا ہوتے ہیں۔ دوسرے وہ جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ لڑکے کے ساتھ لڑکا، لڑکی کے ساتھ لڑکی۔ اور جب یہ لڑکا یا لڑکی مر جاتے ہیں تو وہ جن (ہمزاد) مرتا نہیں ہے بلکہ آزاد ہو کر علیحدہ رہتے ہیں۔

جس سے جنّات خوش ہو کر ان کی امداد و اعانت کرتے ہیں اور تکمیل خواہشات کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ جادو اصلیت کے لحاظ سے دو قسم کا ہوتا ہے

ایک قسم جادو کی وہ ہے جس میں چیز کی اصلیت نہیں بدلتی اسے نظر بندی کہتے ہیں۔ اس میں کچھ کا کچھ نظر آتا ہے اور انسانی خیال دھوکہ کھا جاتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور لوگوں کو رسی کے سانپ دکھائی دے رہے تھے حالانکہ وہ رسیاں تھیں۔

جادو کی دوسری قسم وہ ہے جس میں اصلیت بدل جاتی ہے مثلاً جادو کے زور سے کسی انسان کو جانور کی شکل بنا لینا۔

جادو وہ ہے جو کسی حرام فعل یا قول کی مزاولت کی وجہ سے جو قوت و قدرت خارق عادت حاصل ہوتی ہے۔

اقسام سحر میں وہ ہیں جن میں ارواح ارضیہ سے مدد چاہی جاتی ہے اس کا نام عزیمت اور تسخیر جن ہے۔

جادوگر ان کاموں کی نسبت ارواح خبیثہ شیاطین و اصنام و کواکب کی طرف کرتے اور انہی کی تاثیر مانتے ہیں۔

جادو میں ایک قسم ستارہ پرستوں کا جادو ہے یہ سبع سیارہ (سات ستاروں) کی نسبت اعتقاد رکھتے ہیں کہ بھلائی و برائی انہی کے سبب ہوتی ہے اسی لئے ان کی طرف خطاب کر کے مقررہ الفاظ پڑھتے ہیں اور انہی کی پرستش کرتے ہیں۔

ایک قسم جادو کی یہ ہے کہ جنّات وغیرہ زمین والوں کی

روحوں سے امداد و اعانت طلب کرنا ہے۔ ان روحوں کے ساتھ بعض مخصوص الفاظ و اعمال سے تعلق پیدا کرتے ہیں اسے سحر بالعزائم اور تسخیر بھی کہتے ہیں۔

آسیب زدہ اور مسحور (جس پر جادو کیا گیا ہو) میں فرق یہ ہے کہ آسیب زدہ پر تو جن از خود مسلط ہو جاتا ہے اور مسحور پر عامل (جادوگر) افعال و الفاظ کے ذریعہ مسلط کر دیتا ہے۔

ہمزاد یا قرین ہمزاد یا قرین، یہ دونوں ایک ہی ذی روح کے نام ہیں۔ یہ ایک جن ہوتا ہے یا شیطان دیگر عام جنّات سے الگ اس کی خاص اہمیت ہے اس لئے کہ یہ جن انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے اور ہر وقت انسان کے ساتھ ہی رہتا ہے۔ جو آدمی نیک ہوتا ہے اس کا قرین یعنی ہمزاد (ساتھی جن) بھی صالح صحبت کی وجہ سے نیک بن جاتا ہے اور جو انسان کفر و شرک میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کا ہمزاد (قرین) بھی کافر و مشرک ہوتا ہے، مرد انسان کے ساتھ جن اور انسان عورت کے ساتھ جنیہ پیدا ہوتی ہے۔ عاملین اسی اپنے ہمزاد ہی کو اعمال کے ذریعہ اپنا فرمانبردار اور مطیع بنا لیتے ہیں اور ضرورت کے وقت اس سے کام لیتے ہیں۔

جنوں کی دو قسمیں ہیں، ایک تو وہ جن، جن کی پیدائش ماں باپ کے ذریعہ سے ہوتی ہے جس طرح انسان ماں باپ کے ذریعہ پیدا ہوتے ہیں۔ دوسرے وہ جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ لڑکے کے ساتھ لڑکا، لڑکی کے ساتھ لڑکی۔ اور جب یہ لڑکا یا لڑکی مر جاتے ہیں تو وہ جن (ہمزاد) مرتا نہیں ہے بلکہ آزاد ہو کر علیحدہ رہتے ہیں۔

سحر، جادو، سفلی کی حقیقت اور اس کا حکم

سحر، یا جادو ایک نفس الامری حقیقت اور واقعی چیز ہے۔ صرف خیالی شئے نہیں ہے۔ قرآن پاک کی آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ سحر کی تعلیم و تعلّم ہوتی ہے اور تعلیم و تعلّم واقعی شئے کا ہوا کرتا ہے۔ خیالی اور وہمی کا نہیں۔

اسی طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک یہودی لبید بن اعصم نے جادو کیا تھا جس کا حدیث میں ذکر ہے۔ یہودیوں سے میل جول کی وجہ سے عرب کے دوسرے لوگوں میں بھی جادو کرانے کا رواج پڑ گیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو اور سحر کے اثرات واقعی بات تھی محض خیالی و وہمی نہ تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اس جادو کے باطل کرنے اور اس کا توڑ کرنے کے لئے معوذتین نازل فرمائی گئیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث میں جادو کرنے اور جادو کرانے والے کے بارے میں سخت جملہ استعمال فرمایا ہے۔

(سحر) جادو کرنے والا ہم میں سے نہیں ہے۔ یعنی اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے یعنی وہ اسلام سے پھر جاتا ہے۔

علماء نے سحر کے مختلف معانی ذکر کئے ہیں۔ علامہ حافظ ابن حجرؒ نے بیان کیا ہے کہ

(۱) محض قوت خیالیہ کی مدد سے کوئی تصرّف کرنا یا کسی شاطرانہ چال سے کسی کو فریب دے دینا بھی ہیں جسے عرف عام میں ہاتھ کی صفائی، نظر بندی یا شعبدہ بازی کہا جاتا ہے۔ جس کی حقیقت کچھ نہیں ہوتی۔ صرف نظر کا دھوکہ اور قوت خیالیہ کا کھیل ہوتا ہے۔

یعنی سحر کی ایک قسم یہ بھی ہے۔ اس قسم کے سحر کی بدولت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خیال میں جادوگروں کے سحر کی وجہ سے ان کی لاٹھیاں اور رسیاں دوڑتی، اڑتی محسوس ہو رہی تھیں اسی طرح

سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ۔ کے معنی یہ ہیں کہ لوگوں کی آنکھوں کو انہوں نے مسحور کر دیا تھا یعنی ان کی نظر بند کر دی تھی۔ گویا یہ سب کچھ صرف قوت خیالیہ کا تصرّف اور اس کی شعبدہ بازی تھی جس کی واقعی حقیقت کچھ نہیں تھی۔

سحر کی دوسری قسم

(۲) سحر کا اطلاق ایسی لطیف اور دقیق چیز پر بھی ہوتا ہے جس کا ادراک آسان نہ ہو، یا اس کے اسباب پوشیدہ ہوں۔

سحر کی تیسری قسم

(۳) سحر کی تیسری قسم وہ ہے جو شیاطین سے خصوصی قرب و

تعلق کی بنا پر ان کی مدد سے حاصل ہوتی ہے۔

سحر کی چوتھی قسم

(۴) سحر کے ایک اور معنی یہ ہیں کہ نجوم و کواکب سے استعانت کے ذریعہ ان کی مزعومہ باطنی مدد سے کوئی عمل کیا جائے۔ اہل بابل میں سحر کی اس قسم کا زیادہ رواج تھا۔ وہ نجوم پرست تھے۔ سبع سیارات کو وہ اپنے معبود اور اس عالم میں ان کو مؤثر و فعال سمجھتے تھے۔ ان سات ستاروں کے ناموں کے بُت بنا کر ان کی پوجا کیا کرتے تھے اور عمل سحر میں ان کو مخاطب بنا کر ان سے مدد مانگتے اور اپنے گمان کے مطابق ان کی روحانی اور باطنی تاثیرات کے ذریعہ اپنے سحر کو مؤثر بناتے تھے۔ یہ لوگ علم نجوم کے بڑے ماہر تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام ان ہی کی طرف مبعوث فرمائے گئے تھے۔

سحر کی پانچویں قسم

(۵) سحر کی پانچویں قسم طلسم کہلاتی ہے۔ اس میں کواکب اور ان کی منازل و بروج کا لحاظ رکھ کر عمل کیا جاتا ہے۔ مثلاً ان کے یہاں قمر کے برج عقرب میں ہونے کے وقت انگشتری پر شبیہہ عقرب کندہ کرا کے استعمال کرنا لدغ عقرب سے حفاظت کا سبب تصور کیا جاتا ہے۔

لیکن یہ عمل بھی اگر کواکب اور ان کی منازل کو مؤثر حقیقی سمجھ کر کیا گیا ہو تو حرام اور شرک ہے۔

سحر کے اثرات کتاب و سنّت کی روشنی میں:۔

سحر کے اثرات سے جسم انسانی اور دل و دماغ کا متأثر ہونا، مختلف قسم کے عوارض و امراض کا لپٹ جانا، باہمی اختلافات اور تفریق بین الزوجین جیسے مفاسد کا وجود میں آنا یہ سب ایسی چیزیں ہیں جن کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ کتاب و سنت کی نصوص میں بھی اس کی تصریح موجود ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت عائشہؓ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لبید بن اعصم یہودی نے جب سحر کیا اس وقت سحر کی وجہ سے آپ کی یہ کیفیت ہو گئی تھی کہ آپ نے جو کام ابھی تک نہیں کیا ہوتا تھا اس کے بارے میں آپ کو خیال ہوتا کہ کر لیا ہے۔ بعض مرتبہ خیال ہوتا تھا کہ میں ازواج کے پاس ہو آیا ہوں حالانکہ آپؐ گئے نہیں ہوتے تھے۔ مگر ان اثرات کا ظہور آپ پر صرف دنیوی چیزوں میں ہوتا تھا۔ دینی امور میں آپ معصوم تھے اس میں اشتباہ اور التباس سے اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت فرماتے تھے، بعد میں اللہ تعالیٰ نے سحر سے آپ کو مکمل شفاء عطا فرما دی تھی۔

سحر سے صورت تبدیل ہو سکتی ہے۔

بعض اہل علم کا قول ہے کہ سحر کے ذریعہ شکل و صورت تبدیل نہیں ہو سکتی لیکن بعض اھل علم کہتے ہیں کہ سحر

کے ذریعہ اشیاء کی حقیقت اور ماہیت وصورت کو تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً انسان کو حیوان کی صورت میں اور حیوان کو جماد کی صورت میں اور جماد کو حیوان کی صورت میں بدلا جاسکتا ہے۔

سحر کا شرعی حکم

سحر کے عمل کے بارے میں تمام فقہاء کرام کا اتفاق ہے کہ اس کا کرنا، کرانا حرام اور بدترین گناہ کبیرہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مہلکِ دین چیزوں میں شمار فرمایا ہے اور سحر کا عمل اگر کلماتِ شرک وکفر یا اعمال کفریہ پر مشتمل ہو تو اس کا کرنا کفر اور کرنے والا خارج از اسلام اور بالاتفاق واجب القتل ہے۔

جمہور فقہاء کا مذہب بھی یہی ہے کہ ساحر کو قتل کرنا واجب ہے۔ حضرت عمر، حضرت ابن عمر اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم وغیرہ کا بھی یہی مذہب تھا۔ پہلا یہ کہ مطلق سحر کی وجہ سے ساحر کافر ہوگیا اس لئے قتل کیا جائیگا اور یا اس کے زمین میں فساد برپا کرنے کی بناء پر اس کو قتل کرنا ضروری ہے۔ دونوں قول ہیں۔

سحر کا سیکھنا سکھانا حرام ہے۔ البتہ اگر سحر کے وہ کلمات کفر وشرک یا اعمالِ کفریہ پر مشتمل ہوں تو ان کا سیکھنا سکھانا کفر ہے۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ اگر سحر کی تعلیم و تعلم کا مقصود دوسروں کا گمراہ کرنا اور ان کو نقصان


پہنچانا ہے تب تو حرام ہے لیکن اگر مقصود نہ ہو تو مباح ہے

سحر کی بڑی قسمیں

سحر کی بڑی دو قسمیں ہیں ایک سحر یا جادو ہے جو اپنی تاثیر اور پختگی میں بہت خطرناک ہوتا ہے۔ اس سے آدمی کی شکل تبدیل کی جاسکتی ہے، آدمی کو لاعلاج مرض میں مبتلا کیا جاسکتا ہے۔ اس کو کسی حادثہ میں مبتلا کیا جاسکتا ہے۔

اگر کسی آدمی کو مارنا ہو تو اس کی مدت مقرر کردی جاتی ہے کہ پانچ سال یا دس سال سحر یا جادو جب شروع ہوتا ہے تو وہ آدمی جس پر سحر کیا گیا ہے کبھی سر میں درد کی شکایت کرتا ہے کبھی چکر آجاتے ہیں کبھی دل دھڑکتا ہے، کبھی گھبراہٹ ہوتی ہے، کبھی پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے۔ کبھی حادثہ (ایکسیڈنٹ) ہوجاتا ہے ہاتھ ٹوٹ جاتا ہے، کبھی سر پھٹ جاتا ہے کبھی ٹانگ ٹوٹ جاتی ہے، کبھی فالج کا حملہ ہوجاتا ہے غرضیکہ طرح طرح کے لاعلاج مرض چمٹ جاتے ہیں، حکیم، ڈاکٹر اول تو مرض کو سمجھ ہی نہیں پاتے اور علاج کرتے ہیں تو بالکل فائدہ نہیں ہوتا دوا الٹا اثر کرتی ہے بڑھتے بڑھتے مرض اس قدر زیادہ شدید ہوجاتا ہے کہ مریض چارپائی پر لیٹ جاتا ہے اٹھنا بیٹھنا

مشکل ہوجاتا ہے جب اس کی مدت پوری ہوجاتی ہے یعنی پانچ سال کے لئے جادو، سحر کرایا تھا تو اب پانچ سال پورے ہونے پر آدمی مرجاتا ہے۔ سحر یا جادو کے اثر کا اس طرح حملہ ہوتا ہے۔




یعنی شروع میں تکالیف کم ہوتی ہیں آہستہ آہستہ بڑھتی جاتی ہیں۔ بالآخر بہت سارے امراض گھیر لیتے ہیں اور مریض چارپائی پر پڑ جاتا ہے اس دوران اس کا کھانا سونا سب کم ہوجاتا ہے۔ دماغ اور دل بیکار ہوجاتے ہیں۔ سحر سیکھنے کے لئے خدا تعالیٰ کی ذات کا انکار کرنا پڑتا ہے اور ناپاکی کھانی پڑتی ہے۔

سحر جادو کی دوسری قسم

سحر جادو کی دوسری قسم سفلی جادو کہلاتی ہے اس کے اکیس درجے ہوتے ہیں۔ یہ ہلکا جادو ہوتا ہے۔ اگر کسی نے پانچ سال کے لئے کرایا ہے تو آدمی شروع میں بہت زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ یعنی شروع میں اس عمل کا حملہ بہت زبردست ہوتا ہے آدمی گھر میں بلاوجہ لڑائی جھگڑے

کرتا ہے اول قول بکتا ہے۔ ہر وقت غصّے میں بھرا رہتا ہے، کھانا نہیں کھاتا۔ ہر چیز اسے بُری لگتی ہے۔ اچھی بات اسے بہت بُری معلوم ہوتی ہے۔ سفلی کا علاج روحانی اور سفلی دونوں طریقوں سے ہوسکتا ہے اگر کسی نے ایک درجے کا سفلی کیا ہے تو سوا درجے کا سفلی اس کو ختم کردے گا لیکن شرط یہ ہے کہ وہ سفلی کے زیادہ درجے کا ماہر ہو۔ عام طور پر سفلی والے ایک یا دو یا تین درجے تک سیکھتے ہیں۔ سفلی جادو کی پہلی شرط یہ ہے کہ ناپاکی، یعنی پاخانہ کھانا پڑتا ہے۔ ناپاک اور نجس اور بے غسل رہنا پڑتا ہے۔ اس کے بغیر سفلی کا عمل کامیاب نہیں ہوتا۔ سفلی کرنے والا نماز روزہ سے دور بھاگتا ہے پاکی صفائی سے اسے نفرت ہوتی ہے۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ سفلی کا علاج روحانی طریقے سے کرائے۔

سفلی کا عمل مدت پوری ہونے کے بعد خود بخود ختم ہوجاتا ہے۔ ابتدا میں جتنی تیزی ہوتی ہے آہستہ آہستہ کم ہوتے ہوتے مدت پوری ہونے پر ختم ہوجاتی ہے۔ اس کی شکل سحر کے برخلاف ہوتی ہے۔



مدت پوری ہونے کے بعد سفلی ازخود ختم ہوجاتا ہے۔

سحر اور سفلی دونوں میں شیاطین اور جنات بھینٹ لے کر کام کرتے ہیں اور لوگوں کو ستاتے، بیمار کر ڈالتے اور ان کا کاروبار تباہ کرتے ہیں۔ ملازمت اور نوکری ختم کرا دیتے ہیں۔ ہر ایک سے لڑائی جھگڑا کراتے ہیں۔ زمین۔ جائداد، دولت سب ختم کرا دیتے ہیں آدمی مالی وسائل اور آمدنی سے محروم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح آہستہ آہستہ اس کی صحت بھی تباہ ہو جاتی ہے۔ یاد داشت ختم ہو جاتی ہے۔ بھول چوک بہت ہوتی ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالتا ہے نقصان اٹھاتا ہے۔ جس کاروبار کو شروع کرتا گھاٹا ہوتا جاتا ہے۔ لوگوں کا قرض چڑھ جاتا ہے۔

سحر و سفلی کی نشانیاں

سحر و سفلی کی پہلی نشانی یہ ہے کہ آدمی کا دماغ ماؤف ہو جاتا ہے۔ اس کی یاد داشت ختم ہو جاتی ہے۔ بھول چوک کا مرض پیدا ہو جاتا ہے۔

اس کا دل بے چین رہتا ہے۔ گھبراہٹ بہت ہوتی ہے ایک جگہ جم کر بیٹھنا مشکل ہو جاتا ہے کسی کام میں دلچسپی نہیں رہتی نہ کسی کام میں دل لگتا ہے۔

بھوک بہت لگتی ہے لیکن کھایا نہیں جاتا۔ کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ کوئی نہ کوئی مرض لگا رہتا ہے۔ دوا سے علاج سے فائدہ نہیں ہوتا۔ چکر آتے ہیں۔ بدن میں

درد رہتا ہے۔ سستی، کاہلی اور ٹال مٹول کی عادت پڑ جاتی ہے۔

جادو، سفلی کا علاج

جادو، سفلی کا علاج ممکن ہے۔ جس طرح سحر، جادو اور سفلی کے بہت سے طریقے ہیں اور اسی حساب سے ان کے اثرات بھی ہیں۔

مثلاً کسی آدمی کا پُتلہ بنا کر اس کے گلے میں سحر یا سفلی کی عبارت لکھ کر ڈال دی جاتی ہے۔ سیندور، رائی، مرگھٹ کی راکھ، پیلے مسور کی دال کو مٹی کے کورے پیالوں میں بند کر کے اوپر چرخے سے کاتا ہوا دھاگہ لپیٹ کر اس پر سات قبروں کی مٹی گیلی کر کے لپیٹ کر کسی پرانی قبر میں ڈال دی جاتی ہے۔ دوسری طرف وہ آدمی بیمار ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس کا ایک علاج تو یہ ہے کہ عمل کے ذریعہ یا مؤکل کے ذریعہ معلوم کیا جائے کہ کونسے قبرستان کی کس قبر میں پُتلہ موجود ہے قبر کھول کر یا ایک دو اینٹ ہٹا کر اس کا پُتلہ نکال کر اس کو توڑ پھوڑ کر دریا، سمندر، نہر، جھیل، تالاب یا کنویں میں ڈال دیا جائے۔ جادو، سفلی سب ختم اب کسی علاج کی ضرورت نہیں مریض از خود تندرست ہو جائے گا۔ لیکن یہ عمل خطرناک ہے عامل پر حملہ ہو سکتا ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تعویذات کے ذریعہ یا سورتوں کے ذریعہ اس کا علاج کیا جائے۔ سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر

پانی پر دم کر کے اس کا پانی جب بھی پیاس لگے پلایا جائے۔
اسی طرح معوذتین (قل اعوذ برب الفلق آخر تک اور قل اعوذ برب الناس آخر تک) پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لیا جائے اور وہ پانی مریض کو کئی بار پلا جائے۔

بعض مرتبہ جادو کا پتلہ یا کاغذ پر مریض کی شکل بنا کر اس پر سفلی عمل کر کے کوّے کے منہ میں رکھ کر اس کی چونچ کچے دھاگے سے باندھ کر زندہ کوّے کو قبر میں ڈال دیا جاتا ہے یا اسی طرح کا پتلہ بنا کر مینڈک یا مچھلی کو کھلا دیا جاتا ہے یا کسی پرندے کو کھلا دیا جاتا ہے۔ چنانچہ اس کے اثر سے مریض ایک جگہ جم کر نہیں بیٹھ سکتا وہ اِدھر اُدھر بلا وجہ بھاگتا پھرتا ہے نہ کوئی مقصد نہ کوئی کام۔ جس طرح مچھلی یا مینڈک دریا یا سمندر میں تیرتے پھرتے یا پرندہ اُڑتا پھرتا ہے ان کو ایک جگہ ٹھہرنا مشکل ہے اسی طرح یہ شخص بھی زمین پر چلتا پھرتا رہتا ہے اسے سکون و قرار نہیں ہوتا۔ بے چینی رہتی ہے۔

لہٰذا ہر جادو کا علاج صرف مخصوص عملیات کے ذریعہ مشکل ہے اس کے لئے بھی الگ الگ عملیات و تعویذات کرنے سے علاج ہوگا ورنہ وقتی فائدہ کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔

علاج کا طریقہ

علاج کے سلسلے میں سب سے پہلے یہ بات دیکھنی ہے اور یہ معلوم کرنا ہے کہ اس شخص پر جادو، سفلی، جن بھوت کے اثر سے بیماری ہے یا یہ مرض ہے۔ اس کا پتہ لگانے کے لئے سب سے پہلے مریض کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا ایسا کپڑا لیا جائے جس کے نیچے دوسرا کپڑا نہ ہو یعنی عورت شمیض یا کرتہ پہنے لیکن باڈی یا شمیض کرتے کے نیچے نہ پہنے۔ اسی طرح مرد کرتے کے نیچے بنیان نہ پہنے اور رات کو بھی اسی کرتے یا قمیض کو پہن کر سوئے پھر مرض کی تشخیص کا طریقہ جو ہر آسان عملیات و تعویذات کی کتابوں کے شروع میں لکھا ہے اس طریقہ پر قمیض کو ناپ کر پھر اس پر متعلقہ آیات دم کر کے رکھ دے بیس منٹ بعد اس کو ناپ کر دیکھ لے کہ چھوٹی، یا بڑی یا برابر ہے۔ پھر اس کا علاج کرے اور ایک تعویذ گلے میں ڈالنے کا دے دے تاکہ جادو، سفلی یا سحر جادو کا اثر دوبارہ نہ ہو جائے وہ تعویذ گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے اور عورت ہے تو گلے میں ڈالے یا بائیں بازو پر باندھے۔

جب تعویذ گلے میں ڈال لیا یا بازو پر باندھ لیا تو اس کے بعد اس تعویذ کو گلے سے یا بازو سے نہ نکالے بلکہ ہمیشہ گلے میں

پڑا رہے یا بازو پر بندھا رہے۔ پاک، ناپاک ہر حالت میں بندھا رہے۔

جنّات کو بھگانے کے لئے فلیتہ دیا جاتا ہے اس میں یہ احتیاط کرے کہ یہ لکھے کہ "جنّات چلا جائے اگر نہ گیا تو جل جائے گا"۔ تاکہ جلانے کے گناہ سے بچ جائے، ذی روح کا جلانا سخت گناہ ہے۔ اس طرح لکھنے کے باوجود نہ جائے اور جل جائے تو گناہ نہ ہوگا۔ کوئی بھی عمل کی کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ انسان پر جن کا اثر نہ ہو، جادو سفلی کا اثر نہ ہو ورنہ عمل کسی بھی صورت میں کامیاب نہ ہوگا۔

لہٰذا عمل کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے کپڑے کے ذریعہ تشخیص (چیک) کر لیا جائے کہ متعلقہ شخص یا عورت پر جن، جادو، سفلی کا اثر تو نہیں ہے، جب یہ معلوم ہو جائے تو عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ عمل میں ضرور کامیابی ہوگی۔ عمل کے دوران پاک بدن ہو، کپڑے پاک ہوں، قبلہ رُخ بیٹھے، تخلیہ (یعنی اس کمرے میں اکیلا ہو اور دروازہ بند ہو) ہو، مصلّہ پاک ہو، جگہ پاک ہو، کمرے میں ہر طرف خوشبو چھڑکے (عطر وغیرہ) یا چنبیلی اور گلاب کی پتیاں چاروں طرف بکھیر دے یا لوبان یا اگر بتی جلائے۔ پڑھنے کے دوران اس جگہ سے بالکل نہ اٹھے۔ خطرناک چلّہ کرتے وقت حصار ضرور کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

وضو کا سامان بھی اسی کمرے میں رکھ لے ایک ٹب اور دو لوٹے پانی تاکہ اگر وضو ٹوٹ جائے تو اسی جگہ دوسرا وضو کر لے۔

جو وظیفہ پڑھے کسی عالم دین، متقی اور نیک خصلت بزرگ سے اس کے الفاظ کی تصحیح کر لے تاکہ غلط نہ پڑھے ورنہ محنت ضائع ہو جائے گی اگر کسی عمل کا، سورۃ کا، آیت کا، کلمات کا، الفاظ کا، اسماء ربانی کا، دعا کا چلّہ کیا ہے اس کی ایک تعداد روزانہ پڑھنے کے لئے مقرر کر لے اور روزانہ اس تعداد میں پڑھ لیا کرے۔ اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دو مرتبہ پڑھ لے اگر دو دن مسلسل ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن تین مرتبہ پڑھ کر عمل مکمل کر لے۔ اگر خدانخواستہ تین دن مسلسل ناغہ ہو گیا ہے تو عمل کا چلّہ دوبارہ کرنا پڑے گا تین دن کے ناغہ سے عمل باطل ہو گیا، عمل ٹوٹ گیا اب نیا چلّہ کرے۔

بعض عمل الٹنے کے ہوتے ہیں یعنی کرانے والے یا کرنے والے پر جادو لوٹ جائے۔ ایسے عمل میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ دوسرے کی طرف لوٹانے والے عمل میں غلطی ہو جائے یا حصار نہ کیا ہو یا حصار کیا ہو لیکن کامل حصار نہ ہوا ہو تو اپنی خود کی جان و مال کو خطرہ ہوتا ہے یا ڈر خوف کے باعث حصار سے باہر نکل گیا تو پاگل ہونے یا خودکشی کر لینے کا خطرہ ہوتا ہے لہٰذا ایسا عمل کرنے سے پہلے سب

پابندیوں کو سامنے رکھے اور ان پر سختی سے پابند ہو کر عمل کرے۔ عمل کے الفاظ صحیح ادا کرے، تعداد مقررہ پوری پڑھے، بدن، کپڑے، جگہ، کمرہ سب پاک ہوں۔ بلکہ جگہ دھو کر پاک کر لے۔ غسل کر کے دُھلے ہوئے یا نئے کپڑے پہن لے۔ حصار مکمل کرے۔ حصار ناقص ہوئی تو سخت نقصان کا اندیشہ ہے کیونکہ عمل اور چلّے میں حصار سب سے بڑی بنیاد ہے حُب اور محبت اور عشق کے عمل میں بھی بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے اس سلسلے میں لوگ دھوکہ دے کر، جھوٹ بول کر، فراڈ کھیل کر غلط کام کے لئے تعویذ یا عمل کرتے ہیں یا کراتے ہیں۔ روپے پیسے کے لالچ میں ناجائز طور پر عمل کرنا یا نقش و تعویذ دینا سخت گناہ اور اپنی دنیا و عاقبت برباد کرنا ہے۔ اسی طرح جھوٹ بول کر غلط تعویذ یا نقش لینا یا عمل کرانا، عمل کرنا سب بدترین گناہ ہیں لہذا اس سلسلے میں عاملین کو بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

جن، بھوت، پریت، آسیب، دیو، چڑیل کے علاج کے سلسلے میں بھی سخت احتیاط اور خیال رکھنے کی ضرورت ہے ذرا سی بداحتیاطی سے جان، مال اور اولاد کو سخت خطرہ ہوتا ہے اور اکثر بہت زبردست نقصان اُٹھانا پڑتا ہے یہ کام ہمیشہ حصار کر کے اور حصار کا عمل پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر ہاتھ پھیرنا ہے

کوئی جگہ ہاتھ پھیرنے سے رہ نہ جائے۔ اسی طرح حصار میں لکیر سے لکیر کو ملانا ہے لکیروں کے درمیان جگہ خالی نہ رہ جائے۔ اس میں وضو، غسل، پاک کپڑے، پاک جگہ اور خوشبو وغیرہ کا استعمال ضروری ہے لوبان یا اگر بتی ضرور جلائے۔ عمل کے وقت ہر دم ہوشیار اور چوکنا رہے جو کچھ پڑھ رہا ہے اس کے الفاظ کی ادائیگی عمدہ طریقہ پر کرے اگر نیند آ رہی ہو یا سُستی کاہلی ہو یا طبیعت ٹھیک نہ ہو تو کوئی عمل نہ کرے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ صحیح الفاظ ادا کرے۔ اگر الفاظ صحیح ادا نہ ہوتے ہوں تو عمل نہ کرے، یا الفاظ کو کسی صحیح پڑھنے والے سے درست کرا لے اور اس کو سنا کر صحیح کر لے۔

اگر تشخیص کے دوران کپڑا برابر رہے تو مریض کا علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ اگر قرآنی علاج کرنا ہی ہے تو اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف درمیان میں اکتالیس ۴۱ مرتبہ الحمد شریف پوری سورت، پڑھ کر پانی پر دم کر کے (پھونک مار کر) مریض کو پلائے۔

مریض کو یا جن والے کو یا جادو سفلی والے کو دن میں چار وقت پانی پڑھا ہوا یا تعویذ کا پلانا ہے یہ چار وقت جنات کی زیادہ شرارت اور سفلی جادو کی تیزی کے ہوتے ہیں ان اوقات میں مریض سخت تکلیف اور بے چینی محسوس کرتا ہے۔ وہ اوقات یہ ہیں:

۱۔ صبح سورج نکلنے کے بعد دس بجے تک
۲۔ دوپہر کو زوال سے لے کر دو بجے دن تک
۳۔ چار بجے دن سے رات نو بجے تک
۴۔ رات بارہ بجے سے دو بجے تک

اس لئے مریض یا سفلی جادو کے بیمار یا جن یا آسیب زدہ کو ان چار وقتوں میں پانی پلانا ہے تاکہ وہ مرض، جنّات، یا سفلی جادو کی سختی سے محفوظ رہے اور اس کو زیادہ تکلیف نہ پہنچے۔ وہ اوقات یہ ہیں۔

۱۔ ناشتہ سے قبل ایک گھونٹ پانی پلانا ہے۔ زیادہ بھی پی سکتا ہے کم از کم ایک گھونٹ ہے۔
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے قبل
۴۔ بعد نماز عشاء۔ سونے سے قبل

جنّات اور سفلی والے کو رات کو سونے سے قبل اپنے بستر پر بھی ہلکے ہلکے چھینٹے مارنے چاہئیں۔ سونے کے کمرے میں بھی چاروں کونوں میں ہلکے ہلکے پانی کے چھینٹے مارے جائیں۔ اس طرح عمل کرنے سے رات کو سکون سے نیند آتی ہے ورنہ بے چینی رہتی ہے یا رات بھر جاگنا پڑتا ہے۔ جب بھی آنکھ لگتی ہے جھٹکا سا لگ جاتا ہے۔ جیسے کسی نے دھکا دے دیا یا اوپر سے گرا دیا۔ پھر جب ایک مرتبہ آنکھ کھل جاتی ہے تو دوبارہ نیند نہیں آتی۔

پھر اذان کے وقت آنکھ لگتی ہے تو صبح اٹھنا مشکل ہوتا ہے نماز فجر قضا ہو جاتی ہے۔

پینے والا تعویذ ہمیشہ باوضو گھولنا چاہیئے۔ پانی کا تعویذ بعد نماز عشاء باوضو گھول کر رکھ دے اور صبح سے پینا شروع کر دے۔

پینے والے تعویذ یا باندھنے والے تعویذ کو بے وضو ہاتھ نہ لگائے بلکہ کسی تھیلی یا کاغذ میں لپیٹ کر ہاتھ میں لے۔ باندھنے والے تعویذ کو پلاسٹک لپیٹ کر کالا دھاگہ باندھ کر موم جامہ کر کے باندھے۔ باندھنے کا ڈورا کالا یا نیلا ہو، کپڑا بھی کالا یا نیلا استعمال کرے۔ باوضو موم جامہ کرے اور تعویذ بنائے۔ تعویذ جیب میں رکھ کر پیشاب خانے یا پاخانے میں چلا گیا تو تعویذ اب کام نہیں کریں گے لہذا دوسرے تعویذ بنائے۔ اسی طرح باندھنے والا تعویذ بھی بغیر موم جامہ کئے گندی جگہ، پیشاب کرنے کی جگہ یا پاخانے میں نہ لے جائے ورنہ اس کا اثر ختم ہو جائے گا۔

جب تعویذ پرانا یا بوسیدہ ہو جائے اس کو کسی کاغذ میں لپیٹ کر پتھر باندھ کر یا اینٹ، ٹھیکری کا ٹکڑا باندھ کر کسی کنوئیں، نہر، دریا، سمندر، جھیل میں ڈال دے ورنہ کسی ایسی جگہ جنگل میں دفن کر دے جہاں لوگ بہت کم جاتے ہوں اور پاک جگہ ہو۔

بھاگنے والے یا گم ہو جانے والے کے لئے جو نقش یا تعویذ دفن کئے جاتے ہیں یا پیڑ وغیرہ میں لٹکائے جاتے ہیں ان کو بھاگنے والے کے آنے کے فوراً بعد یا گم ہو جانے والے کے مل جانے کے فوراً بعد اس نقش کو اس جگہ سے فوراً نکال لیا جائے ورنہ آنے والا پھر بھاگ جائے گا۔

جس عورت کے حمل کی حفاظت کے لئے گنڈہ یا تعویذ حمل کے دوران بندھوایا گیا ہے وہ گنڈہ یا تعویذ بچہ پیدا ہونے کے بعد بچے کو نہلا کر فوراً اس کے گلے میں باندھ دیا جائے ورنہ بچہ کے مر جانے کا خطرہ رہتا ہے۔

جن، بھوت سحر، جادو کے علاج کے بعد گلے یا بازو پر حفاظتی نقش ضرور باندھنا چاہیئے۔ جو تعویذ پینے کے لئے دیتے ہیں انہی میں سے ایک تعویذ لے کر موم جامہ کر کے گلے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے اور اس نقش یا تعویذ کو گلے یا ہاتھ سے کسی حالت میں نہ اُتارے۔

پینے یا باندھنے کے تعویذ کسی حالت میں بھی غسل خانے یا پاخانے میں نہ لے جائیں اگر غلطی سے تعویذ جیب میں ہیں اور اسی حالت میں غسل خانے یا پاخانے میں چلا گیا تو اب ان تعویذوں کو سمندر، یا دریا، نہر، کنویں، تالاب میں ٹھنڈا کر دے یا پاک زمین میں گڑھا کھود کر دفن کر دے۔ اب ان کے استعمال سے فائدہ نہ ہوگا۔

اگر تعویذ بوسیدہ، پرانا اور خراب ہو جائے یا اس کے حروف و نقوش مٹ جائیں تو اس نقش یا تعویذ کو ایک بوتل یا پلاسٹک کی تھیلی میں ڈال کر کسی پاک جگہ دفن کر دیں۔ یا پتھر باندھ کر نہر، دریا، سمندر، جھیل، کنویں میں ڈال دیں۔ اس کو کچرے کوڑے میں نہ پھینکیں نہ گندے پانی کے نالے میں ڈالیں۔ یہ سخت گناہ کی بات ہے لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

جس طرح جادو، سفلی، سحر کے ذریعہ صحت، طاقت، قوّت مردمی، اولاد کا ہونا، ہر قسم کی ترقی کو بند کیا جاتا ہے اسی طرح جادو، سفلی، سحر کے ذریعہ انسانی کاروبار، انسانی ملازمت اور نوکری کی بندش بھی کر دی جاتی ہے جس کے سبب انسان اعلیٰ صلاحیتوں اور قابلیت کے باوجود در در کی ٹھوکریں کھاتا ہے لیکن اُسے اس کی اہلیت و قابلیت کے مطابق عہدہ یا منصب نہیں ملتا ہے۔ اگر کسی سفارش کے ذریعہ عہدہ مل بھی گیا تو چند دن بعد جواب مل جاتا ہے۔ انسان سارا دن در در کی ٹھوکریں کھاتا ہے۔ مصیبتیں جھیلتا ہے اور شام کو ناکام گھر لوٹتا ہے۔

اس کے لئے وظیفے، وظائف، عملیات کرنا فضول ہیں ان میں کامیابی نہیں ہوتی اس کا سبب یہ سفلی، جادو، سحر ہے۔ سب سے پہلے سفلی، جادو، سحر کا علاج کیا جائے اس کے بعد ایک نقش سورۂ مزمل کا باوضو ایک کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھا جائے اور لپیٹ کر موم جامہ کر کے کالی ڈوری باندھ کر گلے میں ڈال لے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ اس کو چار یا پانچ سال کے لئے گلے میں یا بازو پر بندھا رہنے دے کیونکہ جادو کا پتلہ معلوم نہیں کتنے عرصے کے لئے دفن کیا گیا ہے جب تک وہ دفن ہے جادو کے اثرات کا خطرہ بھی باقی ہے لہذا اس نقش کو باندھنے کے بعد کبھی نہ اتارے۔ نہاتے وقت، میاں بیوی کے تعلقات کے وقت، کہیں سفر پر جاتے وقت۔

بعض عاملین کے نزدیک دریا یا سمندر پار کرنے سے جادو اُتر جاتا ہے۔ یہ بات اس وقت صحیح ہے جب انسان سمندر پار آباد ہو جائے یا دریا پار چلا جائے پھر واپس نہ آئے۔ اگر واپس آگیا تو پھر جادو اثر کرنا شروع کر دے گا۔

کراچی میں لوگ کیماڑی سے کشتی میں بیٹھ کر منوڑہ جزیرے تک چلے جاتے ہیں کہ ہم نے سمندر پار کر لیا۔ پھر واپس آنے پر جادو اپنا اثر دکھانا شروع کر دیتا ہے۔

اسی طرح حیدر آباد سے دریا پار کر کے گاڑی یا کشتی کے ذریعہ کوٹری چلے جاتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ جادو اُتر گیا۔

آسان عملیات و تعویذات کی تمام جلدوں میں بہت سی ہدایات مختلف عمل کے درج ہیں ان کو بھی ذہن میں رکھا جائے۔

سفلی، جادو، سحر کا اثر ختم ہونے کے بعد ہی عمل، وظیفہ، تعویذ اثر کرتا ہے۔ اس لئے پہلے علاج پھر عمل کرے۔

الحمد للہ آپ نے سترھویں جلد سے فائدہ اُٹھایا اب اٹھارہویں اور انیسویں جلد سے فائدہ اُٹھائیں جو اسماء حسنیٰ کے عملیات و نقوش پر مشتمل ہیں۔

خوشنویس و آرٹسٹ سید احمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ مورخہ ۱۲ و ۱۳ ذیقعدہ ۱۴۲۶ھ
مطابق ۱۵/۱۶ دسمبر ۲۰۰۵ء جمعرات و جمعہ کی درمیانی رات ساڑھے آٹھ بجے جناح اسپتال
میں انتقال فرما گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ○ جمعہ کے دن ابراھیم حیدری
قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔ مرحوم خطِ نسخ، خطِ نستعلیق، خطِ ثلث، خطِ رقاع،
خطِ دیوانی، خطِ توقیع، خطِ محقق، خطِ ریحان، خطِ غبار، خطِ گلزار، خط طغریٰ خط مقابل
اور خط کوفی کے ماہر تھے۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء، قرآن پاک کے سیپارے، قاعدے اور
بے شمار اردو، سندھی کی اسلامی کتابیں کتابت کیں۔ آخر میں فضائل درود شریف کی کتاب
کے اسّی ۸۰ صفحے لکھے تھے کہ پیغام اجل آگیا۔ اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے بچے ابھی چھوٹے ہیں،
اللہ تعالیٰ ان کا نگہبان ہو۔ قارئین سے گزارش ہے کہ وہ مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لئے
اول تین بار درود شریف، ۱۴ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص اور آخر میں تین بار
درود شریف پڑھ کر مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی دعا فرمائیں۔ شکریہ

اعجاز احمد سنگھانوی

ہماری مقبولِ عام مطبوعات

مرتبہ: اعجاز احمد خاں سنگھانوی

حکایات الصالحین

یعنی

اولیاءِ کرام کی ایمان پرور حکایات

اولیاء کرام، صوفیائے عظام، علماء حق، مشائخ طریقت اور حکام و قضاۃ کی ایمان افروز حکایات کا عظیم الشان مجموعہ۔

یہ حکایات شریعت و طریقت کا شاہکار، نیکی و تقویٰ کی منادا اور شرافت و انسانیت کا سبق سکھانے والی ہیں۔ اس کی بڑی جلد میں تین سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۱۲۰/- روپے: چھوٹی کتاب میں صرف ایک سو حکایات ہیں۔

قیمت: ۳۰/- روپے۔

ثمرات الاسلاف فی روایات الاخلاف

یعنی

علماء دیوبند کی دلچسپ اور سبق آموز حکایات

علماء دیوبند و سہارنپور کی حکایات کا دلچسپ اور بصیرت افروز مجموعہ۔

ان حکایات کا مطالعہ انسانی زندگی میں انقلابی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔

ان حکایات کا مطالعہ اخلاق میں سنوار پیدا کرتا ہے، نیکی کا شعور پیدا کرتا ہے اور تقویٰ و طہارت کا احساس اُجاگر کرتا ہے۔

یہ حکایات انتہائی دلچسپ اور مؤثر ہیں۔ سفید کاغذ، کل صفحات: ۳۲۰

قیمت۔ جلد اول: ۱۰۰/- روپے۔ جلد دوم: ۱۰۰/- روپے

مظہر بک ڈپو

دکان نمبر ۱۰ محبوب کالونی STR III نزد گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۱ کراچی ۱۸